یہدی مجہول من ابداہ اذا اتحفہ ومن ہداہا الی زوجہا اذا زفت الیہ والبرد البرق وارادبالفقر الکامل من الفقر والحاجۃ ترجمہ بخدا اگر اسکے اوپر کے دانتوں کی چمک مجھ سے کسی زیادہ محتاج کی طرف بھیجی جاوے تو میں اس سے زیادہ مقدار ہوں کیونکہ میں فقیر کامل ہوں۔

	فما الکثر الاخبار ان قد تزوجت		فھل یاتینی بالطلاق بشیر

ترجمہ اس امر کی خبریں کہ اس نے نکاح کر لیا کس کثرت سے آتی ہیں سو کیا کوئی طلاق کی خوشخبری دینے والا بھی میرے پاس آویگا۔

	وقال آخر		
یقر بعینی ان اری ملۃ العضا		اذا ما بدت یوما لعینی قلا لھا	

یقر من اقرہ واللبار زائدۃ ادخلت علی المفعول اومن قر اللبار للتعدیۃ والعضا اسم واد بنجد والقلا

فی الاصل راس الجبل واستعیر لراس الرملۃ والصغیر المجرور للرملۃ ترجمہ دیکھنا ریگ تودہ مقام غضا کا میری آنکھ کی خنکی کا سبب ہے جبکہ کسی روز میری آنکھ کو اس ریگ تودہ کی چیونٹیاں معلوم ہونے لگتی ہیں یعنی اسکی چوٹیاں دیکھکر اس تودہ کے دیکھنے کو دل چاہنے لگتا ہے۔

ولست ان احببت من یسکن الغضا		باول راج حاجۃ لا ینالھا	

ترجمہ میں اگرچہ مقام غضا کے باشندوں کو دوست رکھتا ہوں اور بسبب عداوۃ قوم کے وہاں جانہیں سکتا ہوں مگر بایں ہمہ میں اول امید وار کسی حاجۃ کا جو اس تلک نہ پہونچا ہو نہیں ہوں بلکہ مجھسے پہلے بہت سے عشاق ناکام رہے ہیں۔

	وقال آخر		
سَلِ البانۃ الغیناء بالرجع الذی		بہ البانُ ھل حیّیتنا طلال وارکہ	

البان نوع من الشجر واحدہ بانۃ والغیناء بالمعجمۃ الخضراء والاجرع من الاماکن بسہل المختلط بالرمل ترجمہ اے مجربہ بان کے سبز درخت سے جو اس رسیلی زمین میں ہے جہاں بان کے درخت جمتے ہیں پوچھ کہ کیا میں نے تیرے گھر کے کھنڈرون سے علیک سلیک کی اور دوستیون کا حق ادا کیا یا نہیں۔

وھل قمتُ فی اطلالھن عشیّۃً		مقام اخی الباساء واختر ذلکا	

ترجمہ اور یہ بھی پوچھ کہ کیا میں ان گھروں کے کھنڈروں میں شام کے وقت مغموم کا سا کھڑا ہونا کھڑا ہوا اور میں نے اس کھڑے ہونے کو پسند کیا۔

وھل ھملتْ عیناک فی الدار عُدوۃً		بدمع کنظم اللؤلؤ المتھالکا	

ترجمہ اور کیا میری آنکھیں اس گھر میں بوقت صبح ایسے آنسوؤں سے بہیں جو متواتر گرنے میں مثل موتی کی لڑی کے ہیں جس کا دھاگا ٹوٹ گیا ہو اور موتی لگاتار گرتے ہوں۔

أرى الناس یرجون الربیع وانما		ربیع الذی ارجو نوال وصالکا	

ترجمہ میں لوگوں کو دیکھتا ہوں کہ وہ بہار اور سمے کی امید کرتے ہیں اور وہ بہار اور سما جسکی میں امید کرتا ہوں وہ تیرے وصال کی بخشش ہے۔

أرى الناس یخشون السنین وانما		یسیئ الذی اخشی صروف احتمالکا	

الصروف المصائب والاحتمال حمل الرحال علی الابل والمراد الارتحال ترجمہ میں لوگوں کو دیکھتا ہوں کہ وہ قحطوں سے ڈرتے ہیں اور میں جن قحطوں سے ڈرتا ہوں وہ مصائب تیرے کوچ اور جدائی کے ہیں۔

لئن ساء فی ان قلتِ بیساءۃ		لقد سَرّنی انی خطرت ببالکا	

نالہ صاحبہ ترجمہ بخدا مجکو اس امر نے غمگین کیا کہ تو نے مجھکو برائی پہونچائی تو بیشک مجکو اس بات نے خوش کیا

کہ میں تیرے دل میں تو گزرا۔

لیهنك إمساكی بكفی علی الحشا		ورقراق عینی رهبة من زالك	

الرقراق صب الدمع۔ والزیال الفراق ترجمہ تجکو میرا ہاتھ اپنے کلیجہ پر رہنا بسبب شدۃ خفقان وخوف اشفاق صدر مبارک ہو اور میری آنکھ کا بہنا تیرے فراق کے خوف سے کیونکہ یہ دونوں تیری دلی مراد ہیں۔

وقال آخر

تمتع بها ما ساعفتك ولا تكن		علیك شحاً فی الحلق حین تبین	

ترجمہ محبوبہ سے منتفع ہو جب تلک تجھ سے موافق رہے اور جبکہ وہ تجھ سے جدا ہو تو وہ تیرے لئے گلے میں اٹکی ہوئی ہڈی ہو یعنی اسکا فراق باعث تکلیف شدید ہونا چاہئے خلاصہ یہ کہ معشوقوں کی عہد شکنی اور بیوفائی کا ذکر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ انکے گلے کا ہار ہونا چاہئے کیونکہ یہ قوم ہرجائی ہوتی ہے۔

وان هی اعطتك اللیان فانها		لغیرك من خلاتها ستلین	

اللیان بالفتح مصدر لان یلین۔ واعطاء اللیان لان لہ واطاعہ ترجمہ اور وہ اگر تجھ سے نرم خوئی برتے تو اس بات پر فریفتہ مت ہو کیونکہ وہ عنقریب تیرے سوا اپنے اور دوستوں سے موافقت کریگی یعنی ہرجائی ہے۔

وان حلفت لاینقضن لنای عهدها		فلیس لمخضوب البنان یمین	

ترجمہ اور اگر وہ قسم کھائے کہ میرے قول کو فراق نہ توڑے گا تو اس کا اعتبار مت کر کیونکہ رنگین انگلیوں والیوں یعنی عورتوں کی قسم قابل اعتبار نہیں۔

وقال آخر وقیل هو عتبة بن مرداس

قلیلة لحم الناظرین یزینها		شباب ومخفوض من العیش بارد	

الناظران عرقان فی مدمع العینین واذا کان اللحم علیها یکون عرض فی الوجه وهو عندهم غیر محمود فالمراد بقلة لحمها اسالة الخد ترجمہ اسکی رگہائے چشم کم گوشت ہیں یعنی اس کا چہرہ چوڑا نہیں بلکہ کتابی ہے جسکو چڑھتی جوانی عمدہ اور خنک عیش زینت دیتی ہے یعنی وہ نرم اندام و پر گوشت ہونہ سوکھی۔

اراد ت لتنتاش الرواق فلم تقم		الیه لکن طاطأته الولائد	

الانتیاش التناول والرواق ستارۃ البیت والطاطاۃ خفض الراس وکنی بہ عن الطاعۃ ترجمہ اس نے پردۂ دریا چلمن کے پکڑنے کا ارادہ کیا مگر بسبب نزاکت وکثرت خدام یہ کام آپ نہیں کیا اور اسکی چھوکریوں نے اسکی اطاعت کر کے پردہ اٹھا دیا خلاصہ تعریف نزاکت وکثرت خدام ہے۔

أتاها الی لہوالحدیث کانہا	خوسقطۃ فی سلمتہا العوائد

السقطۃ مرۃ من سقط علی الارض وفی الاغانی اخوستم ترجمہ لیلی کو دکی باتوں کی طرف سخت راغب و مائل ہے اور اپنے کام آپ نہیں کرتی بلکہ خادمہ کرتی ہیں گویا وہ زمین پر گری ہوئی چیز یا سخت بیمار ہے کہ اسکو بیمار داروں نے چھوڑ دیا ہے تعریف تن آسانی و آرام طلبی کی کرتا ہے۔

وقال توبۃ بن حمیر

توبۃ بن حمیر

حمیر مصغرا ابن حزم العقیلی الخفاجی کان یہوی لیلی الاخیلیۃ۔ وہو الاخیل بطن من عقیل۔

ولوان لیلی الاخیلیۃ سلمت	علی ودونی تربۃ وصفاح
لسلمت تسلیم البشاشۃ اوزقا	الیہا صدی من جانب القبر صائح

دون بنی القدام وزقا الصدی صاح والصدی علی زعم الجاہلیۃ طائر یخرج من راس المیت اذا بلی عظامہ ترجمہ اور اگر لیلی اخیلیہ مجکو ایسے حال میں سلام کرے کہ میرے آگے مٹی اور چوڑی سلیں ہوں یعنی قبر میں مدفون ہوں تو میں بیشک اُس کو جواب سلام بخوشی دوں یا اسکی طرف میری قبر کی طرف سے ایک جانور بولنے والا جو مردہ کے کہنہ سر میں سے نکلا کرتا ہے آواز دے۔ کہتے ہیں کہ لیلی توبہ کی قبر پر گزری اور اُس کو سلام کیا اور کہا کہ کیوں جواب نہیں دیتا اور اسکی قبر کے پاس ایک تور ہتا تھا اس کی آواز سن کر اور شتر کو دیکھکر وہاں سے اڑا لیلی بباعث خیال جاہلیۃ یہ سمجھی کہ یہ صدی ہے کہ اسکی قبر میں سے نکلا۔ سو اسی وقت ڈر کر مر گئی۔

واغبط من لیلی بما لا تنالہ	الا کما قرت بہ العین صالح

ترجمہ میں لیلے کے معاملہ میں ایسی چیز پر حسد کیا جاتا ہوں جسکو میں پہونچ نہیں سکتا سوائے وہ ہر چیز کہ جس سے آنکھ خنک ہو اور اُس کو بہاوے وہ اچھی پیاری ہو یعنی لوگ مجھپر صرف اس بات سے حسد کرتے ہیں کہ لیلی کیساتھ میرا ذکر رہتا ہے باوجودیکہ میں اُسکے وصال سے محروم ہوں پھر کہتا ہے کہ میرا اُسکے ساتھ مذکور رہنا بھی غنیمت اور باعث خنکی چشم ہے۔

وقال آخر

آخر

فان تمنعوا لیلی وحسن حدیثہا	فلن تمنعوا عنی البکا والقوافیا

ترجمہ سو اگر تم لوگ لیلی کو اور اُسکی اچھی باتوں کو مجھ سے روک سکتے ہو تو میری رونے اور اشعار خوانی کو مجھے روک نہیں سکتے ہو

فہلا منعتم اذ منعتم حدیثہا	خیالا یوافینی علی النای ہادیا

وانا وانا والہادی والمہتدی ترجمہ جبکہ تم نے اس سے میری بات کرنیکو روکدیا تو کیوں نہیں روکا اُس کے خیال و تصور کو جو باوجود اسقدر دوری کے سیدھا میرے پاس آتا ہے یعنی اسپر تمکو قدرت نہیں ہے۔

وقال لقیط

وقیل انہا المجنون عامر لما زوجت لیلی برجل من ثقیف واراد ابلہا ان یرسلوا معہ ولبغا نجرانشد۔

کان القلب لیلة قیل یغدی	بلیلی العامریة او یراح
قطاة عزہا شرک فباتت	تجاذبہ وقد علق الجناح

غزہ غلبہ والشرک محرکۃ حبائل الصید وما ینصب لصید الطیر ترجمہ گویا میرا دل اس رات کو جس میں کہا گیا کہ لیلیٰ جو بنی عامر میں سے ہے صبح کو روانہ کیجاویگی یا شام کو پرندہ قطا کی ایک مادہ تھی جسپر پھاندیا جال کی رسیاں غالب آگئیں یعنی اُن میں پھنس گئی سو رات بھر پھاند کو کھینچے گئے اسے حال میں کہ اُسکے بازو اُس میں پھنس گئے تھے اور نجات غیر ممکن تھی۔

لہا فرخان قد تر کا بوکر	فعشہما ناصفقة الریاح

ترجمہ اُس قطاۃ کی مانند جسکے دو بچے ہوں جو گھونسلے میں بسبب عدم طاقت پرواز چھوڑے گئے ہوں سو انکے گھونسلے کو ہوائیں ہلاتی ہوں۔

اذا سمعا ہبوب الریح نصا	وقد ودی بہ القدر المتاح

نصا ای نصب اعناقہا ترجمہ جب کہ وہ بچے ہوا کے چلنے کی آواز سنیں تو گردنیں اُٹھاتے ہیں یعنی اس خیال سے کہ انکی ماں انکے لئے چوگا لائی اور حال یہ ہو کہ اُن میں سے ہر ایک کو مقدر تقدیر نے ہلاک کر دیا بسبب گرفتاری انکی ماں کے۔

فلا فی اللیل نالت ما ترجی	ولا فی الصبح کان لہا براح

ترجمہ سو وہ قطاۃ نہ رات کو اپنی امید کو پہونچے گی اور نہ صبح کو اسکے لئے نجات ہوگی۔ الحاصل اُس رات میرے دل کا حال اضطراب کی شدت میں اُس قطاۃ کے موافق تھا جسکے حالات مذکور ہوئے۔

وقال ابو جبیۃ النمیری

رمتنی وستر اللہ بینی وبینہا	وتحن باکناف الحجاز رمیم

اراد بستر اللہ الاسلام وقیل الشیب ورمیم علم امرۃ کان بہوا ترجمہ مسماۃ رمیم نے میرے تیر نگاہ مارا ایسے وقت میں کہ اسلام یا عالم پیری مجھ میں اور اُس میں فراخی سے مانع تھا اور ہم اطراف حجاز میں تھے۔

فلو انہا لما رمتنی رمیتہا	ولکن عہدی بالنضال قدیم

جواب لو محذوف وعہدی بہ عرفہ ونفیہ۔ والنضال المراماۃ واراد بالقدیم البعید ترجمہ سو اُس نے جب میری

تیر نگاہ مارا میں بھی اُس کے تیر مارتا تو بدلا اتر جاتا مگر میری عورتوں سے تیراندازی کی مشق پرانی ہوگئی ہے سبب پیرانہ سالی کے اس لئے میں تیر مار نہ سکا۔

وقال آخر

اسجنا وقیدا واشتیاقا وغربۃ	ونای حبیب ذی العظیم

السجن الحبس والقید ما یضم العضد من الخلف۔ والہجرۃ للانکار والاستبعاد ترجمہ کیا میں قید اور شکیں بند ہونے اور اشتیاق اور بعید الوطنی اور دوست کی دوری اختیار کروں یہ سب باتیں بیشک بہت سخت اور بڑا امر ہیں۔

وان امرأ دامت مواثیق عہدہ	علی مثل ما قاسیتہ لکریم

ترجمہ اور بیشک وہ شخص کہ اسکے عہد کی استواری باوجود اسقدر میرے تحمل شدائد کی نہ رہیں البتہ وہ کریم الاصل ہے

وقال آخر

لہا لک ضمان اللہ یا ام مالک	وللہ عن یستقیلہا اغنی واوسع

ضمان اللہ ذمتہ واللام فی اللہ للابتداء۔ وعن متعلقہ باغنی واوسع۔ وان الناصبۃ محذوفۃ۔ واشتقاقہ جملہ شتیا بمعنی ای محروما ترجمہ اے ام مالک خداوند تعالیٰ کا ذمہ تیری حمایت کرے۔ اور البتہ خداوند تعالیٰ تیرے محروم المراد کرنے سے بہت بے پروا اور بڑی وسیع قدرت والا ہے کیونکہ تیرے محروم کرنیں اُسکا نفع نہیں ہے۔

یذکرنی لیلی الخیر والشر والذی	اخاف واحجو والذی اتوقع

ترجمہ مجکو بھلائی اور برائی اور خوف اور امید اور جسکی میں آرزو کرتا ہوں تیری یاد دلاتے ہیں یعنی تجکو میں کسی حال میں نہیں بھولتا ہوں۔

وقال الحکم الخضری

تناہم توہا ما ففی الدرع رادۃ	وفی المرط لفاوان رقہا عبل

التناہم التقاسم۔ والدرع المراۃ ما یکون فی اعلاہا الی العنق۔ والرادۃ الناعمۃ کالرودۃ۔ والمرط الکساء من الخز وہی ازار المراۃ واللفاء الفخذ ضخمۃ والکردف الکفل والعبل الضخم السمین ترجمہ اُسکے دو کپڑوں نے اسکے جسم کے دو حصے کرلئے ہیں واسکے کرتہ میں تو نرم بدن ہے اور اسکے ریشمی تہبند میں دو موٹی رانیں ہیں جنکے سرین موٹے اور گداز ہیں۔

فواللہ لا ادری ازیدت ملاحۃ	وحسنا علی النسوان ام لیس لی عقل

ترجمہ سو بخدا مجکو معلوم نہیں ہے کہ وہ سب عورتوں پر حسن و ملاحت میں فضیلت دی گئی ہے یا مجکو عقل و تمیز باقی نہیں رہی کہ میں اسکو لاثانی سمجھتا ہوں۔

وقال آخر

أروح ولم أحدث لليلى زيارة	أبى ذاك إعراضا لمودة والوصل

ترجمہ شاعر کی ہمراہی بے ملاقات لیلیٰ اسکو لیجانا چاہتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ کیا میں بے ملاقات لیلیٰ شام کو روانہ ہو جاؤں سو ایسا نہیں ہو سکتا ہے اور اگر ایسا کروں تو میں اسوقت دوستی اور ملاقات کا برا رعایت کرنیوالا ہوں

تراث لا هلي لا ولا نعمة لهم	لشد ما قد تعتد في أهلي

لا الشانیۃ تاکید للاولی۔ وتحتمل ان یکون اسم لا ولے محذوف ای لا راحۃ۔ والتعبد التذلل ترجمہ اپنے کنبے کو جو ملاقات لیلیٰ سے مانع ہیں کوستا ہے اور کہتا ہے کہ میرے کنبے کے لئے خاک نہ انکو راحت نصیب ہو نہ نعمت اگر میں بے ملاقات لیلیٰ کے سفر کروں تو اسوقت مجکو ان کا غلام تابعدار ہونا سخت ناگوار ہوگا۔

وقال ابو دهبل الجمحي

أأترك ليلى ليس بيني وبينها	سوى ليلة إني إذا لصبور

الہمزۃ للانکار۔ وکنی بالصبر عن الکاذب فان الصادق لا یصبر ترجمہ کیا یہ ہو سکتا ہے کہ ملاقات لیلیٰ ایسے وقت میں چھوڑ دوں کہ مجھ میں اور اسمیں صرف ایک رات کے سفر کا فاصلہ ہے سو اگر میں ایسا کروں تو میں عاشق کاذب ہوں

هبوني امرءا منكم أضل بعيره	له ذمة إن الذمام كبير

ترجمہ تم مجکو اپنے میں ایسا مرد سمجھو کہ اس نے اپنا شتر گم کیا ہے اور اس کا تم سے عہد و ذمہ داری ہے سو تم اسکی مدد کرو کیونکہ ایفاء عہد بڑا امر ہے۔

وللصاحب المتروك أعظم حرمة	على صاحب عن أن يضل بعيره

ترجمہ اور بیشک یار مہجور کی عزت دوسری بار پر اس بات سے زیادہ ہے کہ اس کا شتر گم ہو جاوے یعنی تمہارا عجب حال ہے کہ شتر گم شدہ کی تلاش کیلئے تو قفکرو اور سفر ملتوی رکھو اور یار گم شدہ کے ملنے کے لئے توقف نہیں کرتے۔

عفا الله عن ليلى الغداة فإنها	أذاقت حكما علي تجور

اراد باغداۃ الحساب۔ وولیت من التولیۃ ترجمہ خدا لیلیٰ سے روز صبح حساب درگزر کرے کیونکہ وہ جب مجھ پر حاکم کی گئی ہے تو ہمیشہ ظلم کرتی رہی ہے۔

وقال آخر

أآخر شيء أنت في كل هجعة	وأول شيء أنت عند هبوبي

الہمزۃ للنداء۔ والمنادی محذوف۔ والہجعۃ مرۃ من الہجوع وہو النوم۔ والہبوب الانتباہ من النوم ترجمہ اے محبوبہ تو میری ہر سونے میں آخر شے ہے اور ہر جاگنے میں اول شے ہے یعنی جب میں سوتا ہوں تو تیری یاد میں اور جب اٹھتا ہوں تو تیری یاد میں عرض ہر وقت تیری یاد رہتی ہے۔

مزیدٌ لہٗ عندکَ ان اتیقہٗ من الردیٰ	وودٌّ کماء المزن غیر مشوب

المزید مایزاد علی شیٔ وودٌّ معطوف علی ان اتیقہٗ ترجمہ تیرے لئے میرے پاس ایک یہ امر زائد ہے کہ میں تجکو اپنی جان آڑ کر ہلاکی سے بچاتا ہوں اور دوسرے یہ کہ میرے پاس تیری ایسی دوستی ہے کہ مثل ابر کے پانی کے خالص ہے اس میں کچھ ملاوٹ نہیں ہے۔

وقال آخر والوزن کالذی قبلہ

آخر

ما انصفتْ ذلفاءُ اقادُنُوْھا	فحرٌّ واقانیھا فیشوقُ

ترجمہ مسماۃ ذلفا نے درباب محبت انصاف کیا سو جب میں اس کا قرب چاہتا ہوں تو وہ مجھ سے دور ہو جاتی ہے اور جب میں اس سے جدا رہنا چاہتا ہوں تو اسکی جدائی مجکو مشتاق کرتی بہرحال مجکو چین نہیں۔

تباعدُ منّی واصلتْ فکانّھا	الخرمن لایودّ صدیقُ

ترجمہ وہ اس شخص سے جو اس سے لے دور بھاگتی ہے تو وہ گویا دوسرے شخص کی جو اس کو دوست نہیں رکھتا دوست ہے یعنی اسکی عادت الٹی ہے۔

وقال حفص العلیمی

حفص العلیمی

اقول لحلمی لا تزعنی عن الصبا	وللشیب لا تذعر علی الغوانیا

وزعہ منعہ وکفہ۔ والصبا جہالۃ الشباب۔ وذعر خاف۔ والغانیات الشابۃ ترجمہ میں اپنی عقل سے کہتا ہوں کہ مجکو حرکات جوانانہ سے مت روک اور اپنے بڑھاپے سے کہتا ہوں کہ میرے معاملہ میں جوان عورتوں سے مت ڈر۔ خلاصہ یہ ہے کہ عقل اور بڑھاپے سے کہتا ہے کہ تمہارے نزدیک پیری مانع عشق بازی ہے مگر میں تمہارا کہنا نہ مانونگا۔ میرے نزدیک عشق بازی ہر حال میں اچھی ہے۔

طلبتُ الھوی الغور متحتی بلغتہ	وسیرتُ فی نجدٍ ما کفانیا

الغور خلاف النجد وھو ما ارتفع من الارض۔ والمجرور فی نجدٍ یتہ للھوی ترجمہ میں نے کھادر کے عشق کی تلاش کی اور اسکو پالیا اور بانگر کے عشق میں اسقدر زیادہ سیر کی جو مجکو کافی ہوگئی یعنی میں معشوقان کھادر و بانگر سے عشق بازی کی ہے اور اس کا نشیب و فراز سب دیکھا ہے۔

فیارب ان لم تقضھا لی فلا تدع	قذورًا لھم واقبض قنا وسکاھیا

قذورًا علم امراۃ۔ والضمیر المنصوب لھا التفیتھا عند المخاطبین ترجمہ سوائے میرے پروردگار اگر تو قذور کی ملاقات کا میرے لئے حکم نہیں کرتا تو رقیبوں کے لئے بھی قذور کو مت چھوڑ اور اسکی روح قبض کر لے جس حالت میں وہ ہو خلاصہ عشق کی غیرت سے مغلوب ہو کر معشوق کو کوستا ہے کہ رقیبوں کے حوالہ کرنے سے اس کا مرنا بہتر ہے خوب کہا ہے

ہم تو مطلب کو نہ ہو پہنچین یا کہ پہونچین پر خدا + یہ نہ سنوا ہی کہ مطلب غیر کا حاصل ہوا۔

ویا لیت ان اللہ ان لم الا فھا	قضے بین کل اثنین الا تلاقیا

ترجمہ اور اے میری قوم اگر اُس سے ملنا میری قسمت مین نہین تو کاش خداوند تعالیٰ ہر دو دوستون مین یہ حکم کر دے کہ وہ آپس مین نہ ملین۔

وقال ابوبکر بن عبد الرحمن الزہری

ولما نزلنا منزلا طلّۃ الندی	اینقا و بستانا من النور حالیا

طل الارض جاد علیہ الطل والندی الطل۔ والآنیق المعجب۔ والکور بالفتح الزہر۔ والحالی المتحلی ترجمہ اور جبکہ ہم خرشنا مکان مین جسکو ہلکہ مینہ نے تر کر رکھا تھا اور باغ مین جو پھولون کا زیور پہنے ہوئے تھا اُترے اور فروکش ہوئے۔

اجدّ لنا طیب المکان وحسنہ	منیً قمنینا فکنت الامانیا

ترجمہ تو اُس مکان کی خوبی وحسن نے ہمارے دلمین نئی آرزو مین پیدا کین جنکی ہم کو تمنا ہوئی اور اُن آرزوؤنکا مجموعہ اے محبوبہ تو تھی۔

وقال معدان بن المضرب الکندی

صفا ودّ لیلے ما صفا نم نطع	عدوّا ولم نسمع بہ قیل مرحب

ترجمہ لیلی کی دوستی اُسقدر صاف ہوئی جسقدر صاف ہو سکتی تھی پھر ہم نے اُسکے معاملہ مین کسی دشمن کی جو قطع محبت چاہتا تھا اطاعت نہ کی اور نہ کسی یار کا کہنا اُسکے بارہ مین سُنا۔

فلما تولّی ودّ لیلے لجانب	وقوم تولّینا القوم وجانب

ترجمہ سو جب لیلی کی دوستی نے ہم سے دوسری طرف اور دوسری قوم کی طرف منہ پھیرا تو ہم نے بھی اُسکی طرف سے دوسری قوم اور دوسری طرف منہ پھیر لیا۔

وکلّ خلیل بعد لیلے یخافنی	علی العہد راد یرضی یودّ مقارب

ترجمہ اور ہر دوست بعد اس معاملہ مفارقت لیلی کے بنا بر عہد شکنی مجھسے ڈرتا ہے۔ یا دوستی متوسط پر راضی رہتا ہے یعنی جب دوست نے دیکھا کہ مین نے لیلےٰ سے ذراسی بات پر قطع کر دی باوجود اسقدر محبت کے تو وہ میری عہد شکنی سے ڈرتا ہے یا بقدر ضرورت دوستی رکھتا ہے۔

وقال آخر

الا لیت شعری ھل ابیتن لیلۃً	ودکرلۃ لا یسری الی کما یسری

ترجمہ اے کاش مجکو اس بات کی خبر ہو کہ کیا مین کسی رات ایسے حال مین سوؤنگا کہ میری یاد اور میرا خیال

جیسا ہمیشہ شب کو میرے پاس آتا ہے اُس رات میں نہ آوے۔ یعنی میں آرزو اس بات کی کرتا ہوں کہ تیرا خیال میرے پاس نہ آوے کیونکہ وہ مجکو بیحاصل ستاتا ہے۔

وھل یدَعُ الواشُون اِفسادَ بیننا		وحضرُ لنا العاشورَ من حیثُ لا ندرِی	

العاشور السبز وکل ماحضر مستعمل فیہ احد ترجمہ اور کیا چغلخور ہماری درمیانی دراندازی اور ہمارے لئے اوگی کھودنے کو اسطرح سے کہ اُس کو نہ تو جانے اور نہ ہیں چھوڑ دیں گے یعنی اس امر کی مجکو آرزو ہے۔

آخر

وقال آخر			
ان کان ھذا منکِ حقًّا فانّنی		مُداوٍ الذی بینی وبینکِ بالھجرِ	

ترجمہ اگر یہ تیرا رقیبوں سے ملنا راست ہے تو میں بیشک اُس رابطہ محبت کا جو مجھ میں اور تجھ میں ہے قطع تعلق سے علاج کرونگا یعنی دوستی چھوڑ دوں گا۔

ومنصرفٌ عنکِ انصرافَ ابنِ حُرّۃٍ		طوی وُدّہ والطیُّ ابقیٰ من النشرِ	

منصرف عطف علی المداوی۔ وکمنی ابن حرۃ من الشریف الکریم ترجمہ اور تجھ سے مثل پھر جانے اُس شریف آدمی کے پھر جاؤں گا جسنے اپنی محبت کو بعد پھیلانیکے لپیٹ لیا ہو۔ اور محبت کا لپیٹنا اسکے پھیلانے سے اس زمانے میں زیادہ پائدار ہے۔ کیونکہ نفاق پھیل پڑا ہے۔

آخر

وقال آخر			
وفی الجیرۃ الغادین من بطنِ جوّۃٍ		غزالٌ کحیلُ المُقلتین ربیبُ	

وجرۃ موضع تنسب الیہ الغزلان۔ والکحیل المکحول۔ والربیب المربوب المانوس ترجمہ اور ان ہمسایوں میں جو مقام بطن جوہ سے علی الصباح روانہ ہوئے ہیں ایک معشوقہ مثل سرگیں چشم پالتو ہرن مانوس کے ہے۔

فلا تحسبی ان الغریبَ الذی نأیٰ		ولکنّ من تنأیٰ عنہ غریبُ	

ترجمہ سوائے معشوقہ تو یہ مت خیال کر کہ مسافر وہ ہے جو اپنے کس دوست سے جدا ہو جاوے ہاں مگر جس سے تو جدی ہوئی وہ پکا مسافر وحشت ناک ہے اگرچہ اپنے وطن میں ہو کسی نے خوب کہا ہے ؎ سفر تو کردی و من در وطن غریب شدم۔

آخر

وقال آخر			
بنفسی واھلی مَن اذا عَرّضوا لہ		ببعضِ الذی فی لم یلُح کیف یُجتبُ	

ترجمہ میری جان اور کنبہ اسپر قربان ہے کہ جب ملامت گر اُس سے بعض حالات اذا پیش کرتے ہیں اور مثلاً میرے عشق کا اُس سے ذکر کرتے ہیں تو وہ بسبب کمال حیا اور بھولے پن کے نہیں جانتا کہ اُن کو کیونکر جواب دے۔

ولم یعتذرعن ذنبِ البری ولم تزل		بہ سکتۃٌ حتّٰی یقالَ مریبُ	

المریب بالضم موضع الریبۃ وبالفتح التہم ترجمہ اور وہ بیقصور کا سا فدر بیان نہیں کرتا اور وہ برابر خاموش رہتا ہے یہاں تلک کہ اسکو لوگ کہتے ہیں کہ یہ شخص مشتبہ اور متہم ہے۔

وقال آخر

یا رسمی کل ارض حلتہا وان مضت | لہا بحجر یزداد طیبا ترابہا

دمنت الماشیۃ الارض طرحت ابعارہا الدمنۃ وہی السرقین والبعر ترجمہ میں ہر زمین کو جس پر معشوقہ نے کوڑی ڈالی دیکھتا ہوں کہ اسکی مٹی خوشبو میں زیادہ ہوتی جاتی ہے اگرچہ کوڑے ڈالے برس گزر گئے۔

الم تعلمن یا دبان ربی دعوۃ | دعوتک فیہا مخلصا لو اجابہا

ترجمہ اے میرے پروردگار کیا تو نہیں جانتا کہ بہت سی دعائیں ہیں کہ میں نے انکو تجھ سے باخلاص مانگی ہیں کاش وہ میرے حق میں قبول کی جاویں۔

واقسم لو انی اسری نسبا لہا | ذیاب لغلا حبت الی ذیابہا

ترجمہ اور میں قسم کھاتا ہوں کہ اگر بھیڑیے معشوقہ کے ہم نسب دیکھوں تو اسکے بھیڑیے مجکو پیارے معلوم ہوویں

لعمر ابی لیلی لئن ہے اصبحت | بوادی القری ما حز غیبی اغترابہا

ترجمہ لیلی کے باپ کی زندگی کی قسم البتہ اگر لیلی بمقام وادی قری جاکر مقیم ہو جاوے تو اس کا سفر میرے سوا کسی کو نقصان نہیں کر چکا کیونکہ عاشق صادق میں ہوں نادر۔

وقال آخر

لعمرک ما میعاد عینیک والبکا | بدار ہا الا ان تحب جنوب

مانافیہ ودار امرفوع ترجمہ تیری زندگی کی قسم بمقام دار ا تیری آنکھ اور رونے کی ملاقات کی جگہ نہیں ہوتی ہے مگر جبکہ دکھنی ہوا محبوب کی قیام گاہ کی طرف سے چلتی ہے یعنی تو جب ہی رو تا ہے جب دکھنی ہوا چلتی ہے۔

اما شہر فی دار امرء من لا احبہ | وبالرمل مجزور الی حبیب

ترجمہ میں بمقام دارا اس شخص کے ساتھ زندگی بسر کرتا ہوں جس کو میں دوست نہیں رکھتا اور بمقام رمل ایک میرا پیارا دوست مجھ سے جدا پڑا ہے۔

اذا ہبت علوی الریاح وجدتنی | کانی لعلوی الریاح نسیب

العلوی من الریاح مایہب من عالیۃ نجد ترجمہ جبکہ نجد کی اونچی جانب کی ہوا چلتی ہے تو تو مجکو ایسا خوش پائے گا کہ میں گویا اس ہوا کا ہم نسب ہوں۔

وقال آخر

حل الحب الا زفرۃ بعد زفرۃ	وحر علی الاحشاء لیس لہ برد

ترجمہ نہیں ہے محبت مگر ایک آہ کے بعد دوسری آہ کے اور سوزش باطنی جو کبھی سرد نہیں ہوتی یعنی محبت انہیں امور کا نام ہے

وفیض دموع العین یاتی کلما	بدا علم من ارضکم لیکن یبدو

عطف علی حر ترجمہ اور اسے میرے نہیں ہے محبت مگر ریزش اشکہائے چشم جبکہ کوئی پہاڑ تمہاری زمین کا جو پہلے ظاہر نہیں ہوتا تھا دکھائی دینے لگے۔

وقال ابن میادۃ

ابن میادۃ

کان فوادی فی ید ضبثت بہ	محاذرۃ ان یقضب الحبل قاضبہ

الضبث القبض الشدید محاذرۃ مفعول لہ۔ والقضب القطع۔ وان یقضب مفعول محاذرۃ ترجمہ گویا میرا دل ایک ہاتھ میں ہے جسنے اسکو سخت پکڑ رکھا ہے اس خوف سے کہ اسکی رسی کو اس کا کاٹنے والا کاٹ دے اور وہ چھوٹ جاوے یعنے میرا دل سخت قید میں ہے۔

واشفق من شاۃ الفراق انی	اظن المحمول علیہ فراکبہ

ترجمہ اور میں قرب فراق سے ڈرتا ہوں اور بیشک میں خیال کرتا ہوں کہ فراق پر سوار کیا جاؤنگا اور میں اسپر سوار ہو جاؤنگا یعنے کیا کیجئے مجبوری ہے۔

فواللہ لا ادری ایغلبنی الھوی	اذا جد جدی البین ام انا غالبہ

جد جدہ اذا بلغ الجد فانیہ ترجمہ سو خدا میں نہیں جانتا کہ آیا محبت مجھپر غالب آجاویگی جبکہ جدائی نہایت کو پہونچیگی یا میں محبت پر غالب ہونگا محبت آجاویگی یعنی مجھکو ہلاک کر دیگی۔

فان استطع اغلبہ او یغلبنی الھوی	فمثل الذی لاقیت یغلب صاحبہ

ترجمہ سو اگر مجھکو قدرت ہوئی تو محبت پر غالب ہونگا یعنی اسکا تحمل کرونگا اور اگر مجھپر محبت غالب آگئی اور مجھکو ہلاک کر ڈالا تو کچھ عجب نہیں ہے کیونکہ جیسے محبت کے شدائد میں نے اٹھائے ہیں انکا اٹھانیوالا آخر مغلوب ہو جایا کرتا ہے

وقال آخر

آخر

فیا اھل لیلی کثر اللہ فیکم	بامثالھا حتی تجود وابھا لیا

ترجمہ سو اے لیلی کے کہنے کے لوگو خدا تم میں لیلی جیسے بہت سے معشوق پیدا کردے تاکہ تم لیلی کو مجھے دیدالو یعنی اب تم کہنے ہو کہ لیلی ایسی ہے اگر اسکو تجھے دیدیں تو ہم کہا کریں ہو خدا لیلی کی مانند تم میں زیادہ پیدا کردے تاکہ یہ بخل نہ رہے۔

فما مس جنبی الارض الا ذکرتھا	والا وجدت ریحھا فی ثیابیا

ترجمہ سو میری پہلوئی زمین کو نہیں چھوا مگر میں نے لیلی کو یاد کیا ہے اور اسکی خوشبو کو بسبب غلبہ نشور کے ہر جگہ اپنے

کپڑوں میں پاتا ہوں۔

وقال آخر

یقول الغوی لا بارک اللہ فی الغوی	قد اقصر عن لیلی و رثت حبائلہ

ترجمہ دشمن کہتے ہیں خدا انکی برہوتری نکرے کہ میرا دل لیلی سے رک گیا اور اسکی محبت کی وسیلہ اور رابطے کہنہ ہوگئی ہیں

ولو اصبحت لیلی تئیط علی العصا	لکان ھوی لیلی جدیدا اوائلہ

الدبیب علی العصا کنایۃ عن الشیب ترجمہ اور اگر لیلی بسبب بیری کے چھڑی کے سہارے چلنے لگے تو بیشک لیلی کی محبت کے شروع نئے اور جدید ہونگے یعنی اس حال میں بھی اس کا عشق ایسا زور پر ہوگا کہ گویا آج ہی شروع ہوا ہے اور اسکی بیری میرے عشق کو ضعیف نہیں کریگی۔

وقال آخر

وقفت لیلی بالملا بعد حقبۃ	عن لیۃ فانھلت العین تدمع

الملا المفازۃ ذات الحر والسراب والحقبۃ المدۃ الطویلۃ ترجمہ میں بسبب لیلی کے پتھریلے اور دہوکے والے جنگل میں بعد عرصہ دراز کے ایک مقام پر جہاں کبھی لیلی فروکش ہوئی تھی ٹھیرا سو میری آنکھ سے اشک بے اختیار جاری ہوگئے

واتبع لیلی حیث سارت ودعتہ	وما الناس الا الف وموذع

الالف اسم فاعل من الفعل ذا انس ترجمہ اور میں اپنے دل کو لیلی کے پیچھے بھیجتا ہوں جہاں وہ جاوے اور دوستوں کو رخصت کرے اور لوگ نہیں ہیں مگر دو قسم کے ایک اس سے مانوس بسبب ہمسفری کے اور دوسرے وہ جو اس سے رخصت ہوکر جدا ہوئے مگر میں ان دونوں سے جداہوں کہ کسی حال میں لیلی سے جدا نہیں ہوتا چنانچہ اگلے شعر میں ہے

کان زماما فی الفواد معلقا	تقود بہ حیث استقرت واتبع

الاستمرار المرور ترجمہ گویا ایک باگ میرے دل میں بندھی ہوئی ہے کہ لیلی اسکے ذریعہ سے دل کو کھینچتی ہے جہاں جاتی ہے اور میں اسکے پیچھے جاتا ہوں۔

قال وردالجعدی

خلیلی عوجا بارک اللہ فیکما	وان لم تکن ھند لارضکما قصدا

عاج نزل وقف۔ والقصد الاستوار ترجمہ اے میرے دو دوستو ہند کے پاس اترو خدا تم میں برکت کرے اگرچہ ہند تمہارے وطن کی سیدھی راہ پر نہیں ہے بلکہ وہاں جانیں کچھ چکر ہے۔

وقولا لھا لیس الضلال جارنا	ولکننا جرنا لنلقاکم عمدا

ضل الطریق اخطاہ۔ وجار عن الطریق مال عنہ ترجمہ اور ہند سے کہو کہ راہ بھولنے نے ہمکو تیری طرف چکر نہیں دیا مگر ہم خود راہ راست سے مڑ آئے تاکہ تم سے قصداً ملاقات کریں۔

وقال آخر

آخر

وما في الارض من شئ من محبٍ	وان وجد الهوى حلو المذاق

ترجمہ اور تمام زمین پر عاشق سے زیادہ کوئی کمبخت نہیں ہے اگرچہ وہ محبت کا ذائقہ شیریں پاتا ہے۔

تزاد بكيا في كل حين	عفافة فرقة او لا شتياق

ترجمہ تو اُس کو ہر وقت روتا دیکھے گا وصل میں بسبب خوف جدائی کے اور ہجر میں بسبب اشتیاق ملاقات کے چنانچہ یہی مضمون اگلے شعر میں ہے۔

فيبكي ان ناوا شوقا اليهم	ويبكي ان دنوا خوف الفراق

ترجمہ سو وہ معشوق لوگ اگر اس سے جدا ہوں تو انکے اشتیاق میں روتا ہے اور اگر وہ لوگ اسکے پاس ہیں تو بسبب خوف ہجر کے روتا ہے۔

فتسخن عينه عند التنائي	وتسخن عينه عند التلاقي

سخونۃ العین کنایۃ عن البکاء والکرب ترجمہ سو اسلئے اسکی آنکھیں فراق میں بھی گرم رہتی ہیں اور وصل میں بھی پس اس سے زیادہ اور کیا بختی ہوگی۔

وقال ابن الطثرية

ابن الطثریۃ

اسمہ یزید بن المنتشر والطثریۃ امہ من حی من قضاعۃ یقال لہم طثر۔

عُقيلية اما ملاث ازارها	فدعصٌ واما خصرها فبتيلُ

العقیلیۃ نسبۃ الی بنی عقیل بطن من ہوازن۔ والملاث بالمثلثۃ الموضع الذی یلاث ای یدار علیہا شی کالرکب للعمامۃ فالمراد بلاث الازار ہہنا العجز والردف والدعص ہو الرمل المجتمع شبہہا بہ لکثرۃ اللحم علیہا والخصر اوسط والبتیل بتقدیم الباء الموحدۃ علی المثناۃ التحتیۃ الدقیق ترجمہ وہ معشوقہ بنی عقیل میں سے ہے اسکے تہبند کے لپیٹنے کی جگہ یعنی اسکے سرین تو مثل تودہ ریگ کے موٹے اور نرم وگداز ہیں اور کمر اسکی سوبار یک و نحیل ہے۔

تقيظ اكنافا لحى ويظلها	بنعمان من وادي الاراك مقيل

اصل تقیظ تقیظ حذف احدی التاءین من تقیظ الرجل اذا اقام فی مکان قیظا ای صیفا ونعمان واد معروف یقال لہ وادی الاراک والمقیل موضع القیلولۃ فاعل یظل ترجمہ وہ محبوبہ ایام گرما اطراف حمی میں گزارتی ہے اور بمقام نعمان جو منجملہ وادی اراک ہے اسکو خوابگاہ نیمروز سایہ میں رکھتی ہے۔

اليس قليلا نظرةٌ ان نظرتها	اليك وكلا ليس منك قليل

الاستفہام للتقریر والضمیر المنصوب للنظرۃ۔ وکلا حرف ردع۔ وقلیل اسم لیس ومنک خبرہا ترجمہ کیا ایک نظر

جو میں تجکو دیکھوں کم نہیں ہے یعنی کم ہے پھر کہتا ہے کہ ہرگز کم نہیں ہے تیری طرف سے جو چیز ہے وہ کم نہیں شمار ہوتی بلکہ بہت ہے

فیا خُلّۃَ النفس الق لیس دونہا	لنا من اخلاء الصفاء خلیلُ	

الخلۃ الخلیل ترجمہ سوائے دلی دوست کے سوائے اسکے ہمارے لئے سچے دوستوں میں سے ویسا کوئی دوست نہیں ہے

ویا من کتمنا حُبّہ لم یُطِعْ بہ	عدُوٌّ ولم یُؤمَنْ علیہ دخیلُ	

الدخیل الصدیق الجی ترجمہ اور اے وہ شخص کہ ہمنے اسکی محبت لوگوں سے چھپائی اور اسکے معاملہ میں کسی دشمن سے کہنا نہیں مانا گیا اور کوئی ہمراز دوست اسکے معاملہ میں قابل اطمینان نہیں سمجھا گیا یعنی اسکا حال ہمنے سب سے چھپایا ہے

أما من مقام أشتکی غربۃ النوی	وخوف العدا فیہ الیک سبیلُ	

ہر جواب اندائین قبلہ۔ وما نافیہ اسمہا سبیل والیک متعلق بہ۔ وجملہ اشتکی نعت مقام ترجمہ کیا تجکو ایسا موقع و محل نہیں ملتا کہ میں تجکو اپنی راہ لے کہ تجھے غربت فراق اور دشمنوں کے خوف کی شکایت کروں۔

فدیتک اعدائی کثیرٌ وشقتی	بعیدٌ واشیاعی لدیک قلیلُ	

الشقۃ السفر والاشیاع الانصار ترجمہ میں تجپر قربان میرے دشمن بہت ہیں اور میرا سفر دراز ہے اور میں یہاں مسافر ہوں اور میرے مددگار اور سفارش کرنیوالے تیرے پاس کم ہیں یعنی ہر حال قابل رحم ہوں۔

وکنتُ اذا ما جئتُ جئتُ بعلۃٍ	فافنیتَ علاّتی فکیف اقولُ	

ترجمہ اور پہلے میری عادت یہ تھی کہ جب میں تیرے پاس آتا تھا تو کسی بہانہ اور حیلہ سے آتا تھا سو اب تو نے میرے تمام حیلے یا میں نے اپنے تمام بہانے ختم کردئے اب لوگوں سے آنے کا بہانہ کیا کہوں۔

فما کلّ یوم لی بارضک حجّۃٌ	ولا کل یوم الی الیک رسول	

ترجمہ سو ہر روز مجکو تیرے وطن میں کام نہیں پڑتا کہ اسکے بہانہ سے آتا رہوں اور نہ ہر روز میں تیرے پاس قاصد بھیج سکتا ہوں تو پھر ملنے کی کیا صورت ہو سکے۔

صحائف عندی للعتاب طویتہا	ستُنشَرُ یوماً والعتابُ طویلُ	

ترجمہ میرے پاس شکایت دوستانہ کی کتابیں اور دفتر ہیں کہ انکو میں نے لپیٹ رکھا ہے عنقریب ایک روز بوقت ملاقات کھولے جاوینگے اور شکایت بڑی لمبی چوڑی ہے۔

فلا تحملی ذنبی وانت ضعیفۃ	فتحمل دمی یوم الحساب ثقیلُ	

ترجمہ سو تو میرا خون اپنی گردن پر نہ لے ایسے حال میں کہ تو نازک و ناتوان ہے کیونکہ میرے خون کا اٹھانا قیامت کے روز بھاری پڑے گا

وقال آخر		

أبعد الذي كلفني تخذ يني	عدوا وقد برئت منه السقم منفعا

لج بلزمہ والمنفع اسم الثابت الراسخ ترجمہ کیا بعد اسی محبت کے جو میرے گلے کا ہار ہوگئی ہے تو مجھ کو اپنا دشمن قرار دیتی ہے اور حال یہ ہے کہ تو نے مجھ کو محبت کا ایسا زبردست تاثیر دیا جو تاثیر کا مستحکم اور ثابت ہے۔

وشفعت من يبغ علي ولم أكن	أرجع من يبغ عليك مشفعا

شفعہ قبل شفاعتہ وبغی علیہ ظلمہ وارجع من الرجع المتعدی ترجمہ اور تو نے میرے معاملہ میں اس شخص کا کہنا مانا جو مجھ پر ظلم کرتا ہے۔ اور میں ایسا نہیں کہ اس شخص کو جو تجھ پر زیادتی کرے اسکی بات مانکر رجعت کروں

فقالت وما همت برجع جوابنا	بلى نتا بيت الدهر لا تتضرعا

رجع الجواب رد۔ والتضرع۔ التذلل ترجمہ سو اس نے کہا اور ہمارے جواب دینے کا قصد نہیں کیا کہ بلکہ تو نے ہمیشہ ہر چیز سے انکار کیا۔ مگر ذلت وخواری سے یعنی سیدھا جواب ہمارے لئے یہ تھا کہ وہ یہ کہتے کہ تو ذلیل وخوار ہے مگر اسنے یوں نہ کہا بلکہ بطور مبالغہ کہا تو نے ہمیشہ سوائے ذلت کے کوئی اور چیز اختیار نہیں کی کہ ہمیشہ فریاد وفغان کرتا رہتا ہے اور آنکھوں میں ذلیل رہتا ہے۔

فقلت لها ما كنت أول ذي هوى	تحمل حملا فادحا فتوجعا

الحمل بالکسر ما یحمل والفادح الثقیل یقال دین فادح۔ والجملۃ نعت ذی ہوی ترجمہ میں نے اس سے کہا کہ میں پہلا ایسا عاشق نہیں ہوں جس نے بہت بھاری بوجھ محبت کا اٹھا لیا پھر اظہار دردمندی کیا یعنی عاشق لوگ فریاد کرتے آئے ہیں یہ میرا ایجاد نہیں ہے۔

وقال ابو الاسود الدؤلي

ابو الاسود الدؤلی

إني لقلبت أم عمرو وجدتها	عجوزا ومن يحب عجوزا يفند

فندہ تفنیدا کذبہ وعجزہ وخطارایہ ترجمہ میرا دل سب معشوقوں کی محبت سے انکار کرتا ہے سوائے محبت ام عمرو کے انکی پیری کی حالت میں اور جو بڑھیا کو دوست رکھتا ہے وہ سست رائے اور سٹھیا ہوا بتلایا جاتا ہے۔

كثوب اليماني قد تقادم عهده	ورقعته ما شئت في العين والبد

الیمانی صفتہ الرجل او الثوب من اضافۃ الموصوف الی الصفۃ۔ ورقعتہ مبتدا ورد الموصول خبرہ والرقعۃ بالصلح بالثوب المترقع وکنی بہ عن قطعہ من الثوب ترجمہ وہ ام عمرو مثل ایسے تھان یمنی تاجر کے ہے یا مثل ایسے تھان یمانی کے ہو کہ اس کو طیار کئے بہت زمانہ گزر گیا ہے اور وہ کہنہ ہو گیا ہے مگر اسکا کپڑا ایسا ہو جیسا تو چاہے کہ آنکھ کو لحاظ خوبصورتی اور ہاتھ کو باعتبار نرمی وصفائی اچھا معلوم ہو ایسا ہی حال ام عمرو کا ہے کہ گو وہ بڑھیا ہو گئی مگر اسکا جسم ویسا ہی قابل تعریف ہے۔

وقال آخر

آخر

	فھجرتک ایاما بذی الغمر انني		علی ھجرایامے بذی الغمر نادم

ذوالغمر بالمجمۃ موضع ترجمہ میں نے چند روز تجھے بمقام ذوالغمر جدائی اختیار کی سو میں بیشک تجھکو چند روز بمقام ذوالغمر چھوڑنے سے پشیمان ہوں ۔

	وانی وذاک الھجر لو تعلمینہ		لکعازبۃ عن طفلھا وھے سرائم

الواؤ بمعنی مع ذلو بمعنے لیت والعازبۃ الغائبۃ والرائم العطوف الرؤف ترجمہ اور میں بیشک اس جدائی میں (کاش تو اُس کی سختی معلوم کرے) مثل اُس عورت کے تھا جو اپنے بچہ سے جدا ہو جاوے اور وہ اُسپر مہربان ہو کہ وہ باوجود جدائی کے ہر وقت اُس کا خیال رکھتی ہے ۔

وقال آخر

	ما احدث النای الفرق بیننا		سئوا ولا طول الصبح تقالیا

ترجمہ جدائی تفرقہ انداز نے ہم میں فراموشی پیدا نہ کی اور نہ درازی ایام وصال نے کوئی ریخ و بغض پیدا کیا یعنے ہمارا عشق حالت فراق و وصال میں برابر یکساں ہے ۔

	ولا زادنی الواشون الا صبابۃ		ولا کثرۃ الناھین الا تمادیا

ترجمہ اور چغلخوروں نے مجکو نہ بڑھائی مگر اُس کی محبت اور نہ کثرت عشق سے منع کرنیوالوں نے مجکو زیادہ کیا مگر مبالغہ اُس کے عشق میں ۔

	وانت التی ما من صدیق وعدتہ		یری نضوما ابقیت الا رثی لیا

الصدیق یعم الواحد والجمع ۔ والنضو بالکسر الجمل المہزول وارادبہ نفسہ دعنی بما ابقیت جہاں ترجمہ اور تو وہ ہے کہ تو نے مجکو ایسے حال میں کر دیا ہے کہ کوئی دوست اور دشمن ایسا نہیں جو مجکو ایسے حال میں دیکھے کہ میں ضعیف و لاغر کیا ہوا اُس محبت کا ہوں جو تو نے میرے لیے باقی رکھ چھوڑی ہے مگر وہ میرے حال پر رحم کرتا ہے ۔

	خلیلے الا ابکیانی اسعدن		خلیلاً اذا افنیت دمعک بکیا

ترجمہ اے میرے دونوں دوستو اگر تم میرے حال زار پر نہ روؤ تو میں طالب مدد ہوں گا ایسے دوست سے کہ جب میں اپنے تمام آنسو روکر تمام کر دوں تو وہ میرے لیے روئے یعنی جب تم رحم نکرو تو وہ مجھپر رحم کرے

	کان لم یکن بین اذا کان بعدہ		تلاق ولکن لا اخال التلاقیا

ترجمہ جبکہ ہجر کے بعد وصال ہو تو وہ ایسی ہے کہ گویا ہجر ہی نہیں ہوئی مگر وصال تو میرے تصور میں بھی نہیں آتا ۔

وقال جمیل وھارب الفخذ الذی منھم شنیتہ

الفخذ حی الرجل اذا کان من اقرب عشیرتہ وشنیتہ محبوبتہ وھے بنت حبی بن ثعلبۃ العذریۃ ۔

	فَفَرِيقٌ أَقَامَ وَاسْتَقَلَّ فَرِيقُ	فَرِيقٌ هُنَالِكَ بَيْنَ فَمَنْزِلُهُ	

بين رخيم بينة واستقل الرجل حمل متاعه ترجمہ اے شیب میرے اور تیرے کنبہ کے لوگ متفرق ہو گئے سو اُن میں سے ایک فریق تو ٹھیر گیا اور دوسرا فریق اپنا اسباب اُٹھا کر چلتا ہوا۔

	وَلَكُنْتُ خَوَّارَ القَنَاةِ بَاخِ	فَلَوْ كُنْتُ صُلْبَ القَنَاةِ عَتِيقُ	

الخوار الضعيف باخ بالخاء المعجمة تغير واسنخ تغير المسيم اى الجمال وصلب القناة كناية عن الجليد والعتيق النجيب الشريف ترجمہ سو اگر میں ضعیف ہوتا تو میری آبرو میں فرق پڑ جاتا یعنی میں قید ہو جاتا مگر میں بہادر و شریف ہوں۔ مجھ سے ذلت نہیں اُٹھائی جاتی۔ اور شارح تبریزی لکھتا ہے باخت النار ای عدت یعنی میں اگر ضعیف ہوتا تو میرے عشق کی حرارت سرد ہو جاتی۔

	لَكَانَ لَهَا بَاثِنَيْنِ لَوْ أَنَّهَا	تُكَشِّفُ غُمَّاهَا وَأَنْتِ صَدِيقُ	

الضمير المنصوب للحرب والغمى الامر المظلم المشتبه ترجمہ اگر لڑائی کا جھمیلا جاتا رہے اور تو میری دوست بنی رہے تو اے شیبہ یہ صورت ایسی ہو جاوے کہ گویا میری اور تیری قوم میں کچھ لڑائی ہی نہیں ہوئی

وقال آخر

	شَيَّبَ يَا مَا الفِرَاقُ مُفَارِقِي	وَأَنْشَزْنَ نَفْسِي فَوْقَ حَيْثُ تَكُونُ	

مفارق الراس اوساطه وانشزه رفعه وكنى به عن قرب الموت قال تعالى اذا بلغت التراقى ترجمہ شدت ایام فراق نے میرے سر کی پٹیوں کو عین جوانی میں بوڑھا کر دیا اور میرے دم کو اُس جگہ سے جہاں وہ رہتا تھا اوپر لگے یعنی میرا نام میں دم آگیا ہے اور قریب الموت ہوں۔

	وَقَدْ كَانَ أَيَّامُ اللِّوَى ثُمَّ لَمْ يَكُدْ	مِنَ العَيْشِ شَيْءٌ بَعْدَهُنَّ يَلِينُ	

لان له اذا الطاعه۔ واللوى موضع ترجمہ بیشک وہ زمانہ جو بمقام لوی گزرا وہ مجھ سے موافق تھا کہ ہر وقت وصل رہتا تھا پھر بعد اُس زمانے کے کچھ بھی زندگی حسب منشا نہ گزری۔

	يَقُولُونَ مَا أَبْلَاكَ وَالمَالُ غَامِرٌ	لَدَيْكَ وَضَاحِي الجِلْدِ مِنْكَ كَنِينُ	
	فَقُلْتُ لَهُمْ لَا تَعْذِلُونِي وَانْظُرُوا	إِلَى النَّازِعِ المَقْصُورِ كَيْفَ يَكُونُ	

ابلاه جعله بالیا ضلقا والغامر بالمعجمة الكثير وضاحى الجلد ظاهره والكنين المستور والمراد به اللباس السائر والنازع الغريب والمقصور المحبوس ترجمہ لوگ مجھ سے کہتے ہیں کہ کس چیز نے تجکو بوڑھا اور ضعیف کر دیا ہے اور حال یہ ہے کہ تجھ پاس مال بہت ہے اور تیرا جسم ظاہر لباس سے ڈھکا ہوا ہے یا خوشی سے سو میں نے اُن سے کہا کہ تم مجکو ملامت مت کرو اور مجکو کہ میں غریب الوطن اور محبوس ہوں دیکھو اور رحم کرو یعنے اگر میں اپنے وطن میں

بڑا دولت مند ہوں مگر ایسے حال میں ملامت ہموقع ہے۔

وقال ابو ذؤیب الھذلی

الصحیح انہا لمحمد بن بشیر الخارجی من قصیدۃ اولہا ؎ یا احسن الناس الان نائلہا ؎ ترجمہ تو میں یہ تجھی معروفہا احسن واذا اولہا سحر تصیدہ یہ ؎ وانما قلبہا الشکلی ہجرہ ؎ بل تذکرین ولما انس عہدکم ؎ وقد یدوم علی الخلۃ الذکر ؎

اقول والرکب قد مالت عمائمہم	وقد سقی القوم کاس النعسۃ النہم

ترجمہ میں ایسے وقت میں کہتا ہوں کہ شتر سواروں کی پگڑیاں نیند کے زور سے جھک گئی ہیں اور قوم کو کثرت بیداری نے اونگھنے کا پیالہ پلا دیا ہے۔

یا لیت انی بالثواب ورا حلتی	عبد لاہل ہذا البیت مستخدم

اراد بالاثواب النفس کما فی قولہ تعالیٰ وثیابک فطہر والمراد الاتباع والمستخدم اسم مفعول ترجمہ اے کاش میں اپنے دل یا اسباب اور سواری سمیت اے معشوقہ تیرے اہل کا اس مہینہ بھر ایک غلام کرایہ دار ہو جاؤں کہ اس تقریب سے تیرے ساتھ رہوں۔

ان کان لا بد ان یعطیک نافلۃ	منا ویجرمنا ما انصف القدم

جواب الشرط قولہ ما انصف القدر۔ وقولہ یعطیک نافلۃ منا فی موضع صفۃ لقدر۔ والنافلۃ العطیۃ ترجمہ اگر تقدیر میں یہ ہے کہ وہ تجکو ہمسے فائدہ پہنچوائے اور ہم کو تجھ سے منتفع ہونے دے تو اسصورت میں تقدیر غیر منصف ہوگی

حتیۃ اولہا جن یعلمہا	رمی القلوب بقوس نالہا وکرم

ترجمہ معشوقہ حقیقت میں پری ہو یا اس کو کوئی جن کمان بے چلہ سے دلوں پر تیر مارنے سکھاتا ہو یعنی تیر نگاہ

وقال توبۃ بن الحمیر

یقول اناس لا یضیرک نایہا	بلی کل ما شف النفوس یضیرہا

الضیر الضرر ترجمہ لوگ مجھ سے کہتے ہیں کہ تجکو لیلی کا فراق نقصان نہیں پہونچا دیگا میں نے کہا کیوں نہیں نقصان پہونچا دیگا ہے کہ جو چیز طبیعتوں کو ضعیف کر دیتی ہے وہ ضرور نقصان پہونچاتی ہے۔

الیس یضیر العین ان تکثر البکا	ویمنع منہا نومہا وسرورہا

ترجمہ کیا کثرت گریہ اور آنکھ کو اس کے خواب و خوشی سے روکا جانا مضر نہیں ہے یعنی بیشک مضر ہے اور فراق ان کے سوا اور کیا ہوتا ہے۔

وقال ابن ابی وباکل الخزاعی

یطولُ الیومُ لا القاکِ فیہ	ویومٌ ثلثمٍ فیہ قصیرُ

ترجمہ جس روز تجھ سے نہیں ملتا ہوں وہ دراز ہو جاتا ہے اور وہ روز جس میں تجھ سے ملاقات ہوتی ہے کوتاہ معلوم ہوتا ہے

وقالوا لا یضیرک نای شھرٍ	فقلتُ نصاحبی فمن یضیرُ

ترجمہ اور لوگوں نے کہا کہ تجکو تیری محبوبہ سے ایک مہینہ کی جدائی کچھ نقصان نہیں کریگی سو میں نے اپنے دونوں دوستوں سے کہا کہ اگر مجکو وہ نقصان نہیں کرتی تو کسکو نقصان کریگی یعنی میری سوائے کسی کو نقصان نہیں کرے گی۔

وقال عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود

عبید اللہ بن عبد اللہ

شققتِ القلبَ ثم ذررتَ فیہ	ھواکِ فلیمُ فالتامَ الفطورُ

الذر النشر لیم مجہل من لامہ اذا اصلحہ والالتیام مطاوعہ والفطور الشقوق ترجمہ اے محبوبہ تو نے میرے دل کو چیرا پھر اُسمیں تو نے اپنی محبت کو پھیلا دیا پھر وہ زخم درست و اصلاح کیا گیا سو وہ زخم درست اور اچھے ہو گئے اور تیری محبت اُسمیں موجود ہے اب نکل نہیں سکتی۔

تغلغلَ حبُّ عثمۃَ فی فوادی	فبادیہ مع الخافی یسیرُ

ترجمہ عثمہ کی محبت میرے دلمیں خوب بزور بیٹھ گئی سو محبت ظاہر بمقابلہ محبت باطنی کے نہایت کم ہے۔

تغلغلَ حیث لم یبلغ شرابٌ	ولا حزنٌ ولم یبلغ سرورُ

ترجمہ اُس کی محبت اُس جگہہ بزور داخل ہو گئی جہاں شراب یا پانی کا اثر نہیں پہونچتا اور نہ غم اور خوشی کی تاثیر پہونچتی ہے۔

وقال ابن میادۃ

ابن میادۃ

وما انسَ لا اشیاءَ لا انسَ قولھا	وادمعھا یذرین حشوَ المکاحلِ

ما شرطیۃ جازمۃ ول اشیاء اصلہ من الاشیاء وادمعہا مرفوع علی الابتداء ویذرین خبرہ والجملۃ حال وازراہ الطائر والحشو ما یحشی والمکاحل جمع مکحل بالکسر ترجمہ اور اگر میں چیزوں میں سے کوئی چیز بھولجاؤں تو ممکن ہے مگر اُس کے کہنے کو جب کہ اُس کے آنسو سرمہ دان کی باطل کچھ یعنے سرمہ کو بکھیرتی تھی یعنے جبکہ وہ سرگیں چشم سے آنسو بہاتی تھی اور سرمہ اُن کے ساتھ نکلتا تھا ہرگز نہ بھولونگا اور اُس کے کہنے کا بیان اگلے شعر میں ہے۔

تمتّعْ بذا الیومِ القصیرِ فانہ	ذھینٌ بایامِ الشھورِ الاطاولِ

الجملۃ مفعول القول ترجمہ وہ مجھ سے یہ کہتی تھی کہ اس یوم وصال سے جو چھوٹا ہے متمتع ہو کیونکہ یہ روز مہینوں کے بڑے دنوں پر یعنی ایسے دنوں پر جو بسبب صدمات فراق دراز معلوم ہونگے گرو ہے۔ خلاصہ یہ کہ ایسا دن

پھر مہینوں میں نصیب ہوگا۔

وقال آخر

بیضاءُ انسۃُ الحدیث کانّہا		قمرٌ لوسّط جحفلیل مُبرد	

الآنسۃ اللانوسۃ والجحفل من الخیل طائفۃ منہ۔ والمبرد الداخل فی البرد فابرد ترجمہ وہ معشوقہ گورے رنگ کی ہے جس کی باتوں میں دل لگتا ہے۔ گویا وہ ایک چاند ہے جو پارہ شب سرد میں جس میں غبار نہیں ہوتا کھلا ہوا ہے۔

مَوسُومۃٌ بالحسن ذاتُ حواسدٍ		انّ الحِسانَ مظنّۃٌ للحُسّد	

ترجمہ وہ حسن میں نشانزد و مشہور ہے جس پر بہت سی عورتیں حسد کرتی ہیں کیونکہ خوبصورت عورتیں عاسد و نکاخاص مورد ہے

خَوداذا اکثرالحدیثُ تعوذتْ		بسنی الحیاءِ وان تکلّم تقصدِ	

ترجمہ وہ زن نازک اندام ہے جبکہ اُس کے روبرو گفتگو زیادہ ہوتی ہو تو وہ حیا و شرم کی پناہ لیتی ہے اور اگر وہ خود گفتگو کرتی ہے تو اعتدال کے ساتھ یعنی نہ زیادہ نہ کم۔

وترے مدامعہا ترقرقُ مقلۃً		سوداءَ ترغب عن سواد الاثمد	

ترقرق الدمع صبّہ واسالہ المقلۃ کنایۃ عن کثرۃ البکاء ترجمہ اور بوقت رخصت تو اُس کی کو یوں یعنی آنسو بہنے کی جگہوں کو دیکھے گا کہ آنکھ کے ایسے سیاہ ڈھیلے کو بہاتی ہیں جو سرمہ کی سیاہی سے بسبب ذاتی سیاہی کے بے پروائی کرتے ہیں یعنی ایسے پیوند چشم سے روتی ہے۔

قال آخر

صفراءُ من بقر الجواءِ کانّما		تترک الحیاءَ بہا رواعٌ سفیرِ	

الصفرۃ توصف بہا البقرۃ۔ قال تعالےٰ صفراء فاقع لونہا تسر الناظرین۔ والجواء بالجیم کتاب موضع ینسب الیہ البقرات۔ والرواع بالضم النکس ترجمہ وہ معشوقہ سنہرے رنگ کی وحشی البقر مثل گاؤ ان مقام جواء کے ہے اور بباعث حیا کے قلیل الحرکات بھاری بھرکم ہے گویا کہ حیائے اُس پر سرنگونی مریض کی ڈالدی ہے۔ یعنی حیا کے سبب ایسی سرنگوں رہتی ہے جیسا مریض سرنگوں رہتا ہے۔

من عذیاتا اخی لہوٍ یجرّع الاسیٰ		بدلال غانیۃٍ ومقلۃ رایم	

اعذاہ شیئاً اعطاہ ایاہ۔ والجرع جمع جرعۃ مفعول ثان۔ والاسی الحزن والغانیۃ الجمیلۃ التی غنیت بحالہا اوالتی تطلب ولا تطلب۔ والرایم العزالۃ ترجمہ وہ معشوقہ اُن طرحدار عورتوں سے ہے جو عاشقوں کو اپنے ناز معشوقانہ و چشم آہوانہ کے ذریعہ سے غم کے گھونٹ پلاتی ہیں۔

وقصیرۃُ الایام وَدّ جلیسہا		لو نال جلسہا بفقد حمیمِ	

ترجمہ اور اُس معشوقہ کے ایام وصل بسبب کمال خوشی کے چھوٹے معلوم ہوتے ہیں اُس کا ہمنشیں اس امر کو

دوست رکھتا ہو کہ کاش اُس کی ہمنشینی بعوض جاتے رہنے پیارے رشتہ دار کے ملجاوے۔

وقال آخر

آخر

ونار کمکر العوذ ترفع ضوءها	مع اللیل ھبّات الریاح الصوادُ

الواؤ بمعنی رب۔ والسمر بالفتح الریۃ والعود بالفتح الجمل المسنّ۔ والھبّات جمع ھبّۃ مرّۃ من ھبت الریح اذا تحرکت وثارت فاعل ترفع۔ والصوار جمع صارد من صرد اذا وجد البرد سریعًا ویحتمل ان یکون بمعنی السھم النافذ ترجمہ اور کتنے ہی شعلے مثل پھیپھڑے شتر ہیر کے سُرخ تھے کہ اُنکی روشنی کو سرد ہواؤں کے جھونکے یا ایسی ہواؤں کے جھونکے جو تیروں کی مانند بدنوں میں گھسے جاتے تھے رات میں بلند کرتی تھی۔

أصدُّ بایدی العیسِ عن قصد اھلہا	وقلبی الیھا بالمودّۃ قاصدُ

ترجمہ کہ رد کا میں نے شتروں کے اگلے پاؤں کو اُس آگ والوں کے پاس جانیسے اور حال یہ تھا کہ میرا دل اُس آگ کا باعث محبت کے قصد کرتا تھا کیونکہ وہ آگ قوم محبوبہ کی تھی۔ مگر بخوف رقیبوں کے نہ گیا۔

وقال الحسین بن مطیر

الحسین بن مطیر

وکنتُ اذودُ العین ان ترد البکا	فقد رَدَدتُ ما کنتُ عنہ اذودھا

ترجمہ اور میں اپنی آنکھ کو روکتا تھا کہ رونے کے پاس مت جا سو وہ کمبخت اُسجگہ جا اُتری جسجگہ سے میں اُسکو روکتا تھا

خلیلیّ ما بالعیش عَتْبٌ لوانّنا	وجدنا لایام الحیٰ من یُعیدُھا

العتب الکدورۃ ترجمہ اے میرے دونوں دوستو ہماری زندگی میں کچھ کدورت نہ رہی اگر ہم ایسے شخص کو پالیویں جو زمانۂ وصال کی کو ہمارے پاس لوٹا لاوے مگر ایسا شخص کہاں ملتا ہے۔

ولی نظرۃٌ بعد الصدود وربما	کنظرۃ ثکلیٰ قد اصیب ولیدھا

الجوی عرقۃ الجوف ترجمہ جبکہ معشوقہ مجھ سے روگردانی کرکے جاتی رہے تو میں اُسکو بسبب سوزش عشق کے اپنی نگاہ حسرت آلود سے دیکھتا ہوں جیسے وہ زن جس کا بچہ مرگیا ہو اپنے فرزند مردہ کو حسرتناک دیکھتی ہے۔

ھل اللہ عافٍ عن ذنوبٍ تسلّفتْ	امِ اللہ ان لم یعفُ عنھا یعیدُھا

ترجمہ کیا خدا ان گناہوں سے جو میں نے پہلے ایام وصال میں کئے ہیں درگزر کریگا یا خدا اگر اُن سے درگزر نہ کریگا تو ویسے ہی گناہ اور مجھ سے دوبارہ کرادیگا یعنی پھر وصال کرادیگا کہ ویسے ہی گناہ مجھ سے ظہور میں آوینگے کاش ایسا ہی ہو

وقال سوّار بن المضرب

سوار بن المضرب

یاایھا القلب ھل تنھاک موعظۃ		او یحدثن لک طول الدھر نسیانا	

ترجمہ اے میرے دل کیا تجکو عشقبازی سے ناصح کی نصیحت روکدے گی یا درازی ایام فراق تجھے یار کو بھلادیگی یعنے کاش ان دونوں صورتوں میں سے کوئی صورت ظہور میں آوے۔

فی ساستر واذ والعقل سانزرہ		من حاجۃ واُمیت السر کتمانا	

ترجمہ بیشک میں اب اُس حاجت کو چھپاؤں گا جس کو عاقل چھپاتا ہے اور بعید کو مار ڈالوں گا چھپاکر یعنی ایسا بوشیدہ کردوں گا کہ گویا اُس کو مار ڈالا ہے۔

وحاجۃ دون اُخری قد سفحت بھا		جعلتھا للتی اخفیت عنوانا	

مسح بہ اظہرہ۔ والمجرور للحاجۃ الاولی۔ والجملۃ نعت ثانٍ لہا وجعلتہا جواب رُبّ ترجمہ اور بعض مطلب غیر مقصود جن کو میں لوگو پر ظاہر کرتا ہوں ایسے ہوتے ہیں کہ ان کو دوسرے مطلب مقصود کا جس کو اُن سے پوشیدہ کرتا ہوں عنواں وتمہید کرتا ہوں۔ اپنے بعید چھپانے کی تعریف کرتا ہے۔

انی کانی اُرٰی من لاحیاء لہٗ		ولا امانۃ بین القوم عریانا	

ترجمہ میں بیشک ایسے حال میں ہوں کہ گویا اُس شخص کو جس کو نہ شرم ہو اور نہ وصف امانت تمام مجمع کے درمیان علے الاعلان برہنہ دیکھتا ہوں یعنی جبکہ لوگوں سے حیا اور امانت جاتی رہی تو اب حفظ سر ضرور ہوا۔

وقال آخر

اھابک اجلالاً وما بک قدرۃ		علیّ ولکن ملء عین حبیبھا	

ہابہ نافہ ترجمہ اے معشوقہ میں تجھ سے تیری عظمت وشان کے سبب ڈرتا ہوں ورنہ بظاہر تجکو مجھ پر کچھ اختیار نہیں مگر کیا کیجئے تجکو خوب دیکھنا میری آنکھ کو پسند ہے۔ ناچار تجھکو دیکھتا اور تجھ سے ڈرتا رہتا ہوں۔

وما ھجرتک النفس اتک عندھا		قلیلٌ ولکن قلّ منک نصیبھا	

انک بالفتح بتقدیر اللام وقلاہ البغضۃ ترجمہ اور تجھکو میری طبیعت نے اس لئے نہیں چھوڑدیا کہ تو اُس کے نزدیک ایک چیز قلیل وحقیر ہی یا تو اُس کے بغض کی شے ہو ہاں اُسکا حصہ اور نفع تجھ میں کم رہگیا ہو ناچار تجھ سے جدا ہوتی ہی۔

وقال ابن الدمینۃ

الا لا ارے وادی المیاہ یثیبنی		ولا النفس عن وادی المیاہ تطیبُ	

الا نابۃ المجازاۃ۔ وطاب عنہ اعرض عنہ ترجمہ سُن اے مخاطب میں نہیں خیال کرتا کہ مقام وادی میاہ یعنی وہاں کے رہنے والے کے جانے والوں کو نیک بدلا دیویں اور نہ میں خیال کرتا ہوں کہ میری طبیعت مقام وادی میاہ سے بے پروا ہوجاوے۔

أُحِبُّ هُبُوطَ الوَادِيَيْنِ وَإِنَّنِي		لَمُشْتَهَرٌ بِالوَادِيَيْنِ غَرِيبُ	

ارادبالوادیین جانبی الوادی المذکور ترجمہ میں ہر دو کنارے وادی مذکور میں اُترنے کو دوست رکھتا ہوں اور میں ہر دو کنارے وادی مذکور کے چاہنے والوں میں مشہور مسافر ہوں۔

أَحَقًّا عِبَادَ اللهِ أَنْ لَسْتُ وَارِدًا		وَلَا صَادِرًا إِلَّا عَلَيَّ رَقِيبُ	

ترجمہ اے بندگان خدا کیا یہ امر راست ہے کہ میں محبوبہ کے پاس یا وادی مذکورہ میں نہیں جا سکتا ہوں اور نہ وہاں سے لوٹ سکتا ہوں مگر ایسے حال میں کہ میری اور اُس کی کیفیت کا کوئی رقیب و نگہبان ہوگا یعنی کثرت رقیبوں کی وجہ سے

وَلَا زَائِرًا فَرْدًا وَلَا فِي جَمَاعَةٍ		مِنَ النَّاسِ إِلَّا قِيلَ أَنْتَ مُرِيبُ	

المریب بفتح المیم المتہم ترجمہ اور کیا یہ بھی راست ہے کہ میں اُس سے تنہا اور لوگوں کے مجمع میں ملاقات نہ کروں گا مگر لوگ مجھکو کہیں گے کہ تو ہمارے نزدیک متہم ہے۔

وَهَلْ يُبَةٌ فِي أَنْ يَحِنَّ نَجِيبَةٌ		إِلَى إِلْفِهَا أَوْ أَنْ يَحِنَّ نَجِيبُ	

الاستفہام للانکار والحنین الاشتیاق ترجمہ اور کیا تہمت ہے اس امر میں کہ شریف عورت اپنے دوست کی طرف مشتاق ہو یا شریف مرد شریف عورت کی طرف۔

وَإِنَّ الكَثِيبَ النَّدَّ مِنْ أَرْمَلِ الحِمَى		إِلَيَّ وَإِنْ لَمْ أَرْتَهِ لَحَبِيبُ	

الکثیب النّد من الرمل ترجمہ اور بیشک اکیلا ریتے کا ٹیلہ رمنہ کے کنارے کا جسپر محبوبہ مقیم ہے اگرچہ میں وہاں بسبب رقیبوں کے خوف کے جا نہیں سکتا۔ مگر وہ مجکو بہت پیارا ہے۔

لَكِ اللهُ إِنِّي وَاصِلٌ فَاوَصِلِنِّي		وَمُثْنٍ بِمَا أَوْلَيْتِنِي وَمُثِيبُ	

کاف الخطاب مکسورۃ ومعناہ لک اللہ مقسما بہ۔ ای اقسم لک باللہ۔ واولاہ اعطاہ ترجمہ میں تیرے لئے خدا کی قسم کھاتا ہوں کہ میں تجھ سے ملوں گا جب تک تو مجھ سے ملیگی۔ اور تیری تعریف کروں گا اُس چیز کی بابت جو تو مجھکو دے گی اور اُس عوض تجکو دوں گا۔

وَآخِذُ مَا أَعْطَيْتِ عَفْوًا وَاتَّقِي		لَأَزْوَرُ عَنْهَا تَكْرُهِينَ هَيُوبُ	

العفو مازاد عن الحاجۃ۔ والازور من بہ اعوجاج الزور ای جانب الصدر ویکنی بہ عن المخرف المعرض۔ والہیوب مبالغۃ الہائب ترجمہ اور جو تو مجکو اپنی حاجت سے زیادہ چیز دیتی ہے اُس کو لے لیتا ہوں اور میں بیشک اس چیز سے جسکو تو بُرا جانتی ہے۔ اعراض کرنے والا اور تجھسے بہت ترساں ہوں۔

فَلَا تَتْرُكِي نَفْسِي شُعَاعًا فَإِنَّهَا		مِنَ الوَجْدِ قَدْ كَادَتْ عَلَيْكِ تَذُوبُ	

الشعاع کالسحاب النفس المتفرقۃ الہموم ترجمہ سو تو میری جان کو حالت پریشانی میں مت چھوڑ کیونکہ وہ تیرے عشق سے گلجانے کے قریب ہے اس لیئے وہ قابل رحم ہے۔

	وانی لاستحییک حق کانما		علی بظہر الغیب منک رقیب

ترجمہ اور میں بیشک تجھ سے شرم کرتا ہوں اور اس لیے تیرے سوا کسی خوبرو کو نہیں دیکھتا ہوں یہاں تک کہ گویا تیری غیبت میں تیری طرف سے مجھ پر نگہبان مقرر ہے کہ میں کسی معشوق کو نہ دیکھوں۔

وقال آخر

	تحمل اصحابی فلم یحملوا وجدی		ولم یناسبوا شجانی ولم یحملوا وجدی

ترجمہ میرے یاروں نے اپنے غم کا بوجھ اٹھالیا کیونکہ اُن کا غم میرے غم کی مانند بھاری نہ تھا اور نہ اٹھا سکتے اور لوگوں کے بہت سے غم ہیں اور میرے لیے صرف ایک غم ہے اور باایں ہمہ وہ سارے غم میرے غم کی برابر نہیں ہیں۔

	احبکم مادمت حیا فان امت		فواکبدا ممن یحبکم بعدی

ترجمہ میں تم کو جب تلک زندہ ہوں دوست رکھوں گا سو اگر میں مرگیا تو اُس شخص کے جگر پر مجھکو افسوس آتا ہے جو تم کو میرے بعد چاہیگا کیونکہ تو سنگدل سفاک ہے سو دیکھئے کہ اُس جگر پر تیری باتوں سے کیا کیا گذرے۔

وقال ابوحیۃ النمیری

	رمتہ اناۃ من ربیعۃ عامر		لؤوم الضحی فی مائم ای مائم

الضمیر المنصوب لنفسہ۔ وامرأۃ اناۃ اذا کانت بطیئۃ القیام والقعود والتی من الوحی وہو الکسل من ربیعۃ عامر بطن من ہوازن ترجمہ اُس کے یعنے میرے تیر نگاہ مار ایک آرام طلب کاہل عورت نے جو قبیلہ ربیعہ عامر سے تھی اور جو بطور خوشحالوں کے چاشت کیوقت زیادہ سونیوالی تھی اور وہ ایک عمدہ مجمع عورتوں میں تھی۔

	فجاء کخوط البان لا متتابع		ولا کن بسیماذی وقار ومبسم

الخوط الغصن الطری الرطب۔ والبان شجر معروف لین الاغصان والمتتابع المتساقط ولا یعنی غیر الوسیم الجمال ترجمہ پس وہ زخمی اس کی طرف مثل شاخ تر و تازہ بان کے درخت کے سیدھا آیا اور اُسکے سوا کسی طرف متوجہ نہوا اور بیمجھوروں کی طرح نہ آیا بلکہ بعلامت وقر دار اور صاحب جمال لوگوں کے۔

	تقلن لہا سرا اندینا لا یروح		صحیحا وان لم تقتلیہ فالمم

لایروح امر غائب من راح اذا ذہب۔ والمم الرجل ذا اتی الصغیرۃ ترجمہ سو اُس کے ساتھ والیوں نے اُس سے آہستہ کہا کہ ہم تجھ پر قربان یہ زخمی سلامت بچانے پاوے یعنی اُس کو قتل کر ڈال اور اگر تو اُس کو قتل نہ کرے اُس کو کچھ ستا گالی دیکر یا دوگردانی سے۔ خلاصہ یہ کہ اگر تو کبیرہ فعل سے بچے تو صغیرہ یعنی سب وشتم واعراض سے تو اچھوتا بچانے دے۔

فالقت قناعا دون الشمس وانتقت	باحسن منہ صولتین کفٍ ومعصم

ترجمہ سو اُسنے منہ پر برقع ڈال لیا کہ اُس برقع سے ورے اُس کا چہرہ آفتاب کی مانند تاباں تھا اور اُس نے اپنے روئے روشن کو مجھ سے بذریعہ ایک عضو کے جملہ دو عضو متصل ہتیلی اور پہونچے کے نہایت خوبصورت تھا چھپالیا خلاصہ یہ کہ اُسنے اپنے چہرے کو کلائی رکھکر مجھ سے چھپالیا اور اس کی کلائی اُس کی ہتیلی سو خوبصورتی

وقالت فلما افرغت فی فؤادہ	وعینیہ منہا السحر قلن لقم

الافراغ الصب۔ وقلن امر للنساء الحاضرات مفعول القول ترجمہ سو جب اُس معشوقہ نے اپنا جادو زخمی کے دل اور اُس کی دونوں آنکھوں میں خوب ڈالدیا تو اُسنے اپنی ساتھنوں سے کہا کہ تم اس زخمی کو کہدو کہ یہانسے چلا جاوے

فودّ بجدع الانف لو ان صحبہ	تنادوا وقالوا فی المناخ لہ نہم

ترجمہ سو اُس زخمی نے بعوض اپنی ناک کٹنے کے اس امر کی آرزو کی کہ کاش اُس کے ساتھی اُسے پکاریں اور کہیں کہ تو اُسی مقام پر سورہ جب تلک چاہے۔ بعوض ناک کٹنے کے یہ معنی کہ گو اس صورت میں میری ناک کٹ جاوے تب بھی یہ امر مجکو گوارا ہے۔

فراح ومایدری افی ساعۃ الغضی	ترزح حامداج من اللیل مظلم

ترزح الرجل ذہب فی الرواح وہہنا جرد عن معنے الرواح ترجمہ سو جب اُس کو اُٹھنے کو کہا تو وہ زخمی ناچار وہاں سے چل پڑا مگر شدت غم سے ایسے حال میں کہ وہ نہیں جانتا تہا کہ چاشت کیوقت چلا ہو یا کالی رات میں

وقال آخر

نظرت کانی من وراء زجاجۃ	الی الدار من فرط الصبابۃ انظر

ترجمہ میں نے عشق کے جوش میں بحالت گریہ محبوبہ کے گھر کو دیکھا تو اُس وقت بسبب اشکہائے چشم مجکو ایسا معلوم ہوتا تہا کہ گویا میں شیشہ کے پیچھے سے دیکھ رہا ہوں یعنی آنکھیں بسبب بڈبانیکے شیشہ کی مانند ہو رہی تھیں۔

فعیناای طورا تغرقان من البکا	فاعشلی وطورا تحساران فاقصر

عشی الرجل سار بصرہ وحسر انکشف ترجمہ سو میری دونوں آنکھیں کبھی بسبب کثرت گریہ کے آنسوؤں میں ڈوب جاتی ہیں اور میں چندھا اور ضعیف البصر ہو جاتا ہوں اور کبھی اشک صاف ہو جاتی ہیں اور میں صاف دیکھنے لگتا ہوں

وقال آخر

وما شئتنا خرقاء واہیۃ الکلی	سقے بہا ساق فلم یتبلد
باضیع من عینیک للدمع کلما	توہمت ربعا اوتذکرت منزلا

المتن والشنۃ الزق البالی۔ والخرقاء المرأۃ التی لا یکون لہا بصیرۃ فی الامور۔ والوہی الوہن۔ والکلیۃ الرقعۃ

المستدیرۃ بجزر تحت غرۃ المزق۔ والمقبل الاقبال ترجمہ اور دور پرانی مشکیں ناتجربہ کار عورت کی جن کے گول چمڑے کے چاند (کہ مشک کے علاقہ یعنی اُس کی جوتی کے نیچے دونوں طرف بخیال مضبوطی دروکنے پانی کے سی دیتی ہیں) ڈھیلے ہو گئے ہوں اور جن کو پانی پلانے والے نے پانی پلا کر یوں ہی رکھ دیا ہو اور اُس کو پانی سے تر نہ کیا ہو تیری دونوں آنکھوں سے زیادہ تر پانی ضائع نہیں کرتیں جب کہ تو محبوبہ کی فرودگاہ اور اُسکے مقام کا خیال اور اُس کی یاد کرتا ہو یعنی اسقدر پانی اُن مشکیزوں سے بھی ضائع نہیں جاتا جسقدر ایسے وقت میں تیری آنکھوں سے ناتجربہ کار عورت جو مشک کا سینا اور کھولنا اور باندھنا نہ جانتی ہو خصوصاً جبکہ اُس کی مشک کہنہ و خشک ہو اور اُس کے چاند کے ٹانکے ڈھیلے ہو گئے ہوں۔ بیشک پانی زیادہ ضائع کرے گی۔

وقال ابو الشیص الخزاعی

ابو الشیص الخزاعی

وَقَفَ الْهَوٰى بِي حَيْثُ أَنْتِ فَلَيْسَ لِي	مُتَأَخَّرٌ عَنْهُ وَلَا مُتَقَدَّمُ

الباء للتعدیۃ۔ والمتاخر والمتقدم کلاہما اسم ظرف او مصدران ترجمہ محبت نے مجکو وہاں لیجاکر کھڑا کر دیا جہاں اے معشوقہ تو ہی سو اب میرے لیئے نہ پیچھے ہٹنے کی جگہ ہو اور نہ آگے بڑھنے کی یعنی حیران و بیجو اس کھڑا ہوں۔

أَجِدُ الْمَلَامَةَ فِي هَوَاكِ لَذِيذَةً	حُبًّا لِذِكْرِكِ فَلْيَلُمْنِيَ اللَّوْمُ

ترجمہ میں تیری محبت میں ملامت کو مزے دار پاتا ہوں بسبب محبت تیری ذکر کے کیونکہ ملامگر آخر تیرا ذکر کرتے ہیں سو اب مناسب ہے کہ ملامگر مجکو دل کھول کر ملامت کریں۔

اشْتَمَتْ أَعْدَائِي فَصِرْتُ لَهُمْ أَمَا	إِذْ كَانَ حَظِّي مِنْكِ حَظَّ عَدُوِّهِمْ

ترجمہ تو میرے دشمنوں کے ہمرنگ ہو گئی اس لیئے کہ مجھکو تجھ سے ویسا ہی عداوت اور ستانے کا حصہ ملتا ہو جیسا کہ مجھکو دشمنوں سے تکالیف کا حصہ ملتا ہو اور جب تو دشمنوں کی مشابہ ہو گئی تو جو حصہ تیری محبت کے دشمنوں کو چاہئے تھا۔

وَأَهَنْتِنِي فَأَهَنْتُ نَفْسِي صَاغِرًا	مَا مَنْ يَهُونُ عَلَيْكِ مِمَّنْ يُكْرَمُ

ترجمہ اور تو نے مجکو ذلیل کیا سو میں نے اپنے نفس کو بہت شدت سے ذلیل کر دیا کیونکہ جو تیرے نزدیک ذلیل ہو وہ قابل تعظیم نہیں ہے یعنی ہر طرح میں تیری مرضی کا تابع ہوں۔

وقال آخر

ابو حمید بن ثور الہلالی رضی اللہ عنہ مخضرم صحابی وکان یکنی بالسرحۃ وہی الشجرۃ التی لا شوک فیہا من الحجونۃ بعد ما منع عن التشبیب بہا۔

وَلَا غَرْوَ إِلَّا مَا يُخَبِّرُ سَالِمٌ	بِأَنَّ بَنِي أَسْتَاهِهَا نَذَرُوا دَمِي

طوح بہ طرحہ دور ماہ ذالمتن ماصلب من الارض ذالفیافی الصحاری والحطوب الحوارث ترجمہ سوا اونٹوں نے کہا کہ ایک رات کو آنے والا مسافر ہے کہ اُس کو جنگلوں کی سخت زمین نے اور حوادث روزگار نے جو لوگوں کو ایک سرزمین سے دوسری سرزمین میں پھینکدیتے ہیں ہماری طرف پھینکدیا ہے۔

فقمت ولم اجشم مکانی ولم تقم	مع النفس حلات البخیل الفواضح

جشم مکانہ لزمہ والحلات الموانع ترجمہ سو میں شنکر میں فوراً کھڑا ہوگیا اور اپنی جگہ پکڑے نہ رہا اور میری طبیعت کے ساتھ موانع اور بیمار بان بخیل کی جو اس کو مہمان داری سے روکتی ہیں اور اُس کو لوگوں میں فضیحت کردیتی ہیں نہ اٹھیں۔

ودادیت شبلا فاستجاب ربما	ضمنا قری عشر لمن لا تصافح

الشبل ولد الاسد وستعیر للابن والعشر بالضم عشر المال وبالفتح عشر لیال وکنی بمن لا تصافح عن الاجنبی المحض ترجمہ اپنے بیٹے کو جو شیر بچہ کے تھا اپنی مدد کے لئے پکارا اور اُسنے جواب دیا اور ہم اکثر اوقات دس دس روز اجنبی شخص کی ضیافت کے متکفل ہوجاتے ہیں یا اُس کو اپنے مال کا دسواں حصہ دے ڈالتے ہیں۔

فقام ابو ضیف کریم کانه	وقد جد من فرط الفکاهة مازح

ارادبابی ضیف نفسه والجد نقیض الهزل ومازح خبر کان والفکاهة بالضم الطرافة وبالفتح طیب النفس ترجمہ تو ہمارا سخی باپ یعنی میں کھڑا ہوا کہ گویا وہ مستہاؤ میں بسبب کثرت خوش طبعی اور اخلاق کے ہنسی اور ٹھٹھا کرنے والا ہے مستہاؤ کے یہ معنی کہ یہ اُسکی دل لگی کی باتیں ہیں اور خوش اخلاقی بطور استہزا نہیں بلکہ تہ دل سے۔

الی جذم مال قد نهکنا سوامه	وأعرضنا فیه نوائب صحائح

متعلق بقام والجذم بالکسر الاصل والمال الابل اوارادبالاصل دون الزوائد من الاولاد ونهکنا فناه والسوام الابل الراعیة والضمیر للمال ترجمہ میں اصل مال کی طرف کھڑا ہوا یعنی اُن شتروں میں بارادہ ذبح گیا جن میں سے چرنے والے شتر سابق مہمانوں کی ضیافت اور لوگوں کے تاوانوں میں ہم نے فنا کردیے تھے مگر اُنکے معاملہ میں ہماری آبرو میں باقی اور تندرست تھیں گروہ شتر باقی نہ تھے۔

جعلناه دون الذم حتی کانه	اذاعد مال المکثرین المنائح

المنائح جمع منیحة وہی الناقة الحلوبة تدفع الی الجار لیتمتع بلبنها مادام فیها اللبن مزوج خبر کان والتشبیه ایصال النفع ترجمہ ہم نے اُس مال کو اپنی بذمائی کی آڑ کیا یہاں تک کہ ہم نے اُنکے صرف کو ایسا سمجھا گویا وہ ایصال نفع میں شیر دار دنٹنیاں ہیں جو ہمسایہ کو صرف دودھ پینے کو دی جاویں جب کہ بہت سے شتروں کے مالکوں کے شتر گنے جاویں یعنی بخیلوں کے۔

لنا حمد ارباب المئین ولا یری	الی بیتنا مال مع اللیل رائح

المئون جمع مائۃ وماراد باربابِ الثلثین الاغنیاء الکثیرین والرائج خلاف الغالب دالی متعلق بہ ترجمہ اب ہماری ایسی تعریف ہوتی ہے جیسے سیکڑون شتر والون کی ہوتی ہے کیونکہ ہم اُن جیسی سخاوت کرتے ہین باوجودیکہ رات ہوئے کے وقت ہمارے گھر کی طرف کوئی شتر شام کو آنے والا نہین کہ پیئے ہم مفلس ہین۔

وقال مرۃ بن محکان التمیمی

مرۃ بن محکان التمیمی

شاعر اسلامی اموی جواد سخی نزل علیہ قوم فی لیلۃ باردۃ فنزلہم واطعمہم ثم غنّاہم بہذہ الابیات

یاربۃَ البیتِ قومی غیرَ صاغرۃٍ	ضمّی الیاطِ رحالَ القومِ والقُرُبا

ربۃ البیت صاحبۃ ویکنی بہ عن الزوجۃ والقرب بضمتین جمع قراب وہو غمد السیف دارأبہا الاسلحۃ ترجمہ اے میری گھر والی تو بجالت عزت وحرمت اُٹھ اور اس مہمان قوم کے کجاوے اور ہتھیار اپنے گھر مین رکھ لے یعنی اب ہم اُن کی حفاظت جان ومال کے لیئے کافی ہین اُن کو ہتھیار اپنے پاس رکھنے کی کچھ حاجت نہین ہے۔

فی لیلۃٍ من جمادیٰ ذاتِ اندیۃٍ	لا یُبصِرُ الکلبُ من ظلمائہا الطُّنُبا

کانوا یجعلون شہر البرد جمادی وان لم یکن جمادی فی الحقیقۃ کان الاسماء وضعت فی الاصل معبرۃ علی عوارض الزمان والحر والریح والبرد والمطر ثم تغیرت فصارت تستعار والاندیۃ جمع ندی وہو المطر القلیل والظلماء المظلمۃ والطنب جمع طنب ترجمہ تو کھڑی ہو جمادی الاولیٰ یا اخری کی ایک رات مین جسمین علاوہ سردی کے تریخ ہو رہا ہے اور وہ ایسی اندھیری ہے کہ اُسکی تاریکی کے سبب کتا باوجودیکہ وہ شب کو تیز نظر ہوتا ہے خیمہ کی رسیان نہین دیکھ سکتا جب کہ عرب نے مہینون کے نام تجویز کیئے تو اُس وقت جمادی الاولےٰ واخری موسم سرما مین آئے پس اب تک عرب اُن دونون مہینون کو سردی کے شمار کرتے ہین۔

لا ینبحُ الکلبُ فیہا غیرَ واحدۃٍ	حتےٰ یلُفَّ علی خیشومہ الذنبا

الخیشوم ثقبۃ الانف ترجمہ بباعث شدت برودت کے اُس شب مین کتا سوائے ایک دفعہ کے نہین بھونکتا مگر یہ کہ اپنی ناک پر اپنی دُم کو لپیٹ لے تو دوسری دفعہ بھی بھونک سکتا ہے خلاصہ یہ کہ ہوا اسقدر سرد ہے کہ کتا ایک دفعہ بھونکا اور اُسکی ناک کی راہ سرد ہوا اُسکے گلے تک پہونچی تو فوراً اُسکی آواز بیٹھ جاتی ہے مگر اُس صورت مین کہ اپنی دم سے تتھنے بند کرلے اور سرد ہوا گلے تک نجاوے اُس وقت دوبارہ بھی آواز نکال سکتا ہے۔

ماذا ترینَ اندُنیہم لادخُلِنا	فی جانبِ البیتِ امرُ نبنی لہم قُبُبا

ترجمہ تیری کیا سمجھ مین آتا ہے کہ اُن کو اپنی نشستگاہون مین گھر کے کنارے پاس لے آؤن یا اُنکے لیئے جداڈیرے کھڑے کردین۔

لِلمُرمِلِ الترّادِ مُعتِنیٍ بحاجتہ	مَن کان یکرہ ذمّاً او یَقِی حَسَبا

بدل من لہم باعادۃ الجار وارید الرجل اذا انقطع زادہ والمعنی اسم مفعول من عناہ اذا قصدہ او من عناہ الامر اذا اہمہ وقولہ من کان یکرہ موضعہ رفع کا نقال ذلک المعنی لحاجۃ من کان کارہا لہم الناس او صانا الشرف ترجمہ ہم جہاد کے کھڑے کریں اس شخص کے لیے جس کا توشہ سفر تمام ہو چکا ہو اور وہ اپنی حاجتمندی کے سبب مغموم ہو اور وہ ایسا عمدہ شخص ہے کہ لوگوں کی برائی یا مذمت کو برا سمجھتا ہے اور اپنی شرافت کی حفاظت کرتا ہے یعنی جب کہ ایسے عمدہ شخص پر وقت پڑے تو ہم کو اسکی مہمانداری عمدہ طور سے کرنی چاہیئے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ معنی کا فاعل من کان ہو اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا کہ اسکی حاجت روائی کے لیئے وہ شخص مغموم ہے جو مذمت سے بچتا ہے اور اپنی شرافت کو بچاتا ہے اور اسکی حفاظت کرتا ہے یعنے میں۔

وقد مستبلنا صیفی داعرض لے	مثل الجاہل کو مہ برکت عصبا

معطوف علی المحذوف ای قلت لہا ذلک وقت والاستبطان الاستخبار واعرض بمعنی عرض والجادل جمع مجدل کمنبر القصر والکوم جمع کوماء وہی الناقۃ العظیمۃ السنام وبرکت الابل مشددۃ اذا قعدت علی ہیاۃ جلوسہا والعصب کصرد جمع عصبۃ بمعنے الجماعۃ منصوب علی الحالیۃ ترجمہ یہ میں نے کہا اور اپنی تلوار چھپائے ہوئے کھڑا ہو گیا تاکہ اسکو شتر دیکھکر یہ کہیں نہیں سونا نہائے غربا اور مثل کاہلوں کے کہاں میرے سامنے آئیں ایسے حال میں کہ جماعت کی جماعت گھٹنوں کی بل بیٹھی ہوئی تھیں

فصادف السیف منہا ساق مقلیۃ	جلس فصادف منہ ساقہا عطبا

المقلیۃ ناقۃ یقلو ولدہا والجلس بالجیم مفترقۃ الناقۃ الوثیقۃ الجسم ترجمہ سو اس جماعت میں سے میری تلوار ایک ناقہ بچہ دار جسم کی گٹھیلی کی ساق میں لگی سو اس تلوار سے اسکی ساق ہلاکی سے مل گئی۔

زیادۃ بنت زیات مذکرۃ	لما نعوہا لراعی ضرحنا انتصبا

ہے صفۃ مقلیۃ یعنی المتجنزۃ والمذکرۃ الناقۃ الشبیہۃ بالجمل والسرح الابل الراعیۃ ہا تنتصب بکی بالصوت ترجمہ ایسی بچہ دار ناقہ جو اپنے کو بنا کر چلنے والی تھی اور اس کا باپ بھی ایسا ہی تھا اور کلانی جسم میں شتر نر کے مشابہ تھی جبکہ ہمارے شتروں کے چرانے والے کو اس کی خبر مرگ لوگوں نے پہونچائی تو وہ بسبب نفاست ناقہ مذکورہ ڈھاریں مار کر رونے لگا۔

امطیت جازرنا علی سنا سیتہا	فصار جازرنا من فوقہا قتبا

مطیۃ بعیری اذا حملتہ علی ظہرہا والسنا من جمیع صفتہ وہو خارج فقار الظہر واعلی السنام والقتب خشب الرحل ترجمہ میں نے اپنے قصاب کو اسکے اونچے فقرات کمر پر سوار کر دیا یا اسکے کہ ان کی اعلی جانب پر سوہارا قصاب اسکے اوپر چوب پالان کی موافق ہو گیا یعنے اسکی بلندی کے سبب ذبح کا ہاتھ اسکے کہان تک نہیں پہنچ سکتا تھا اس لئے اس کو اسپر سوار کر کے ذبح کرایا۔

یَنْتَشِنُ اللَّحْمَ عَنْهَا وَهِيَ بَارِكَةٌ	كَمَا يَنْتَشِنُ كَفَّا قَاتِلٍ سَلَبَا

ینتش اے یکشف ویفرق والسلب محرکۃ ما یسلب من المقتول ترجمہ وہ ذبح کی اس ناقہ کا گوشت اس سے جدا کرتا تھا ایسے وقت میں کہ وہ گھٹنوں کے بل بیٹھی ہوئی تھی جیسا کہ ہر دو دست شخص قاتل کے مقتول کا اسباب اس سے جدا کرتے ہیں اور بجائے مضطجعہ کے بارکۃ اسلئے کہا کہ عرب کی عادت تھی کہ شتر کے بیٹھے ہوئے ذبح کرنیکو لیٹے ہوئے ذبح کرنے سے بہتر سمجھتے تھے یہاں تک کہ اگر اُن کو خوف کروٹ لیجانے شتر کا ہوتا تھا تو اُسکے دونوں طرف سے اور آدمی اسکو سہارا دیئے رہتے تھے۔

وَقُلْتُ لَمَّا غَدَا وَاوْمَى قَعِيدَتَهُ	غُدَيَّ بَيْنِكِ فَلَنْ يُلْفِيهِمُ حِقَبَا

غدا بمعنی اصبح والضمیر للقوم والحقب جمع حقیبۃ وہی مدۃ من الزمان ترجمہ اور جب کہ اس قوم نے صبح کی تو میں ایسے حال میں کہ جب میں اپنی زوجہ کو وصیت کرتا تھا یہ کہا کہ تو ان مسافروں کو جو تیرے بیٹوں کے مانند ہیں طعام صبح دے کہ بعد اسکے انکو تو عرصۂ دراز تک نہیں دیکھے گی۔ مسافروں کا باپ آپ کو کہا کیونکہ اسکا نقب ابو الاضیاف تھا تو اسکی بیوی اُنکی مادر ہوئی

أَدْعَى أَبَاهُمْ وَلَمْ أُقْرَفْ بِأُمِّهِمُ	وَقَدْ عَمِرْتُ وَلَمْ أَعْرِفْ لَهُمْ نَسَبَا

قرف اتہمہ والفعل مجہول وعمر الرجل کسمع عاش مدۃ ترجمہ میں مہمانوں کا باپ پکارا جاتا ہوں حالانکہ مجھپر اُنکی مادروں کے ساتھ تہمت نہیں لگائی گئی اور بیشک میری عمر زیادہ ہوئی مگر میں انکا نسب نہیں جانتا اور باایں ہمہ فرزندوں کی مانند اُنکی پرورش کرتا ہوں۔

أَنَا ابْنُ مُحْكَانَ إِخْوَالِي بَنُو مَطَرٍ	إِنِّي إِلَيْهِمْ وَكَانُوا مَعْشَرًا نُجُبَا

بنو مطر بن شیبان ربط معن بن زائدۃ ترجمہ میں محکان تمہی کا فرزند ہوں جو سخاوت میں نامور تھا اور میرے ماموں بنی مطر ہیں یعنی ماں کی جانب سے منسوب ہوں اور یہ لوگ بھی ایک گروہ شریف ہیں۔

وقال آخر

وَمُسْتَنِحٍ قَالَ الصَّدَى مِنْ قَوْلِهِ	حَصَاتُ لَهُ نَارًا لَهَا حَطَبٌ جَزْلُ

حصات اوقدت ہا۔ والجزل الحطب الغلاظ الضخام ترجمہ اور بہت سے کتوں کو بہو نکانے والے یعنی رات کو آنیوالے ہیں کہ اُسکو سانسے سے لوٹنے والی آواز نے اُسکے قول کے موافق کہا اور اسلئے وہ گمراہ بھٹکا پھرتا ہے کہ میں نے اسکے لیے ایسے بلند شعلۂ آگ روشن کی جسمیں موٹے لکڑ پڑے ہیں تاکہ وہ اُسکو دیکھکر میری فرودگاہ میں آجاوے۔

فَقُمْتُ الْبِهِمْ سِرَاعًا فَغَنِمْتُهُمْ	مَخَافَةَ مَا إِنْ يَفُوزُ وَإِنْ قَبِلْ

ترجمہ سو وہ جب آگ دیکھکر اُسطرف آیا تو میں اُسکے استقبال کو فوراً کھڑا ہوا اور اُسکو مثل مال غنیمت کے

کے لے لیا اپنی قوم کے خوف کے سبب کر وہ مجھے پہلے اُسپر قابو نہ پالین کیونکہ میری تمام قوم تھی اور مہمان نواز ہی

فَاَوْسَعَنِی حَمْدًا وَاَوْسَعْتُ قِرَی	وَاَرْخَصَ بِجَدٍ کَانَ کَاسِبُہٗ الْکَلُّ

ترجمہ سو اُسنے مجکو تعریف سے پر کر دیا اور مین نے اُسکو طعام ضیافت سے اور وہ تعریف کسقدر ارزان ہے جسکو کھانا کھلانا کماوے یعنی بذریعہ کھلانے کے حاصل ہو۔

وقال آخر

تَرَکْتُ ضَأْنِی تَوَدُّ الذِّئْبَ رَاعِیَہَا	وَاَنَّہَا لَا تَرَانِی اٰخِرَ الْاَبَدِ

انہا بالفتح معطوف علی الذئب ترجمہ مین نے اپنی بکریون کو ایسی حالت مین کر چھوڑا ہے کہ وہ اس بات کی آرزومند ہین کہ بھیڑیا اُن کا چرواہا ہوا اور یہ کہ وہ کبھی مجھے نہ دیکھین یعنے مین اُن کو ہمیشہ مہانونکے لیے ذبح کرتا ہون اسلیے وہ میری صورت سے بیزار ہین اور وہ میری نسبت بھیڑیئے کو زیادہ پسند کرتی ہین وجہ اسکی شر آیندہ مین ہے۔

اَلذِّئْبُ یَطْرُقُہَا فِی الدَّہْرِ وَاحِدَۃً	وَکُلَّ یَوْمٍ تَرَانِی مُدْیَۃٌ بِیَدِی

الدیۃ السکین مرفوع علی الابتداء و بیدی خبرہ و طرقہا اتاہا لیلا من غیر ترقب ترجمہ اور یہ آرزو بکریون کو اس لیے ہے کہ بھیڑیا اُنکے پاس حسب دستور زمانہ رات کو صرف ایک دفعہ آتا ہے اور ایک آدہ بکری کو اُٹھا لیجاتا ہے اور تو مجکو ہر روز ایسے حال مین دیکھتا ہے کہ چھری میرے ہاتھ مین ہے جس سے بحساب بکریان ذبح کرتا ہون۔

وقال آخر

وَمَا اَنَا بِالسَّاعِی اِلٰی اُمِّ عَاصِمٍ	اِلَّا ضَیْفُہَا اِنِّی اِذًا لَجَہُوْلُ

ترجمہ اور مین اپنی زوجہ ام عاصم کی طرف اس ارادہ سے نہین بڑہتا کہ اُسکو مارون اور اگر مین ایسا کرون تو بیشک مین اسوقت اکھڑ جاہل ہون یعنے اُس کو اختیار ہے کہ گھر مین جو چاہے بندوبست کرے۔

لِلْبَیْتِ اَلْاَفْیَنَۃُ مُحْسِنِیْنَہَا	اِذَا حَانَ مَضْیَفٍ عَلٰی نُزُوْلُ

فی النسخ من المنیبۃ الی الخطاب والفینۃ بالفاء و تقدیم النحانیۃ علی النون الوقت والساعۃ ومضی احسان الوقت الکرام الضیف فیہ بما یلیق بہ واذا بدل منہ او ظرف للاحسان وحان الشیٔ قرب وعلی متعلق بنزول ترجمہ گھر خاص تیرا ہی ہر وقت مین مگر اُس وقت کہ تو اُس مین مہانون پر احسان کرتی ہو یعنی اُنکی خدمتگذاری مین مصروف ہو جبکہ کسی مہمان کے میرے پاس اُترنے کا وقت آپہونچے کہ اُسوقت وہ گھر مہمان کا سمجھا جاتا ہے۔

وقال بعض بنی اسد

وَسَوْدَاءَ لَا تُکْسَی لِرُقَاعِ نَبِیْلَۃٍ	لَہَا عِنْدَ قُرَاتِ الْعَشِیِّ اِرْہَامُ

الرواء بنی رب وسوداء نعت قدر وکسی مجہول من کساہ والرقاع جمع رقعۃ وہی قطعۃ من ثوب ولا تکسی القدر الا عند انتطل من الطبخ والنبیلۃ العظیمۃ والقرۃ بالضم شدۃ البرد ویحتمل ان یکون صفۃ مضافۃ الی الموصوف والعشیۃ ما بعد

الزوال والازل الصوت الشدید ترجمہ اور بہت سی سیاہ دیگیں کہ اُنپر کبھی صافی نہیں ڈالی جاتی کیونکہ اُن مین سے مہمانون کے لیے ہر وقت کھانا نکالا جاتا ہے ایسی ہین کہ اُنکے لیے بوقت سردی آخر روز یا بوقت سہ پہری سرد کے یعنی ایام قحط مین یا اُسوقت کہ مہمان اکثر آتے ہین کھد کھداہٹ کی بڑی آواز ہے۔

اذا ما قریناها قراها تضمنت		قِدریٌ من عرانا او تزید فتفضل	

استعیر القِدریٰ ہٰہنا للطرح اللحم فی القدر وکل البیت جواب رب ترجمہ جبکہ ہم اُنکی ضیافت اُس مین ڈالدیتے ہین یعنی اُنمین پکانے کی چیز بھر دیتے ہین تو وہ اپنی کلانی کے سبب اُن لوگونکی ضیافت کی جو ہمارے ہان اُترتے ہین ضامن ہوجاتی ہے یا اُنسے بھی زائد ہوجاتی ہے اور لوگون کے واسطے فاضل کھانا بچتا ہے الغرض کم نہین ہوتی۔

وقال آخر ہو حاتم قبیل عروۃ بن الورد

مسلی الطارق المعتر یا اُمَّ مالکٍ		اذا ما اتانی بین قدری و مجزری	

المعتر المتعرض السائل والمجزر موضع الذبح للشاۃ والابل ترجمہ اے میری زوجہ ام مالک تو مہمان شب آیندہ مستاج سے جبکہ وہ میرے مطبخ اور مذبح کے درمیان آجاوے پوچھ لے۔

أبیتفرو جهی انه اوّل القِری		وأبذل معروفی له دون منکری	

اسفر وجہہ اذا تھلل وبشّ وان بالکسہ استیناف او بتقدیر اللام ترجمہ یہ کہ جب وہ میرے پاس آتا ہے تو کیا میرا چہرہ شاش بشاش ہوجاتا ہے کیونکہ بشاشت چہرہ کی اوّل ضیافت ہے اور کیا مین اُسکے لیے اپنا احسان خرچ کرتا ہون نہ بُری بات مثل ترشروئی وجھڑکی کے۔

وقال آخر ہو الفرزدق

وإنّا لمنّاوون بیسر حالنا		الی الضیف منّا لاحقٌ ومُنیمُ	

اللاحق من یعطی اللحاف والمنیم من یحدث شتے ینام ترجمہ اور ہم بیشک اپنی فروتگا ہرمین اپنے مہمان کی طرف بہت بڑھکر جانے والے ہین کوئی تو ہم مین کا مہمانونکو لحاف دیتا ہے اور کوئی اُس سے باتین کرکے مسلا دیتا ہے۔

فذو الحلم منّا جاهل دون ضیفه		وذو الجهل منّا عن اذاه حلیمُ	

ترجمہ ہم مین کا بردبار شخص اپنے مہمان سے دون جاہل ہوتا ہے یعنی اگر کوئی اُسے ستانا چاہے تو اپنے مہمان کے عوض سخت لڑائی مثل جاہل کے لڑتا ہے اور اُس کو تکلیف سے بچاتا ہے تو گویا وہ جاہل ہوجاتا ہے اپنے مہمان کی حمایت کے لئے اور ہم مین کا جاہل بھی اپنے مہمان کی تکلیف اُٹھانے مین بردبار ہے گو مہمان اُس کو ستاوے۔

وقال ابن ہرمۃ

أغشی الطریق بقبتی ورواقها		وأحلّ فی نشز الربی فاقیمُ	

آخر ہو حاتم قبیل عروۃ بن الورد

الفرزدق

ابن ہرمۃ

الرواق ماحول القبۃ ویقال لہ الفسطاط والنشز بالنون فالمعجمتین المرتفع ترجمہ مین راہ کو اپنے خیمہ اور اُسکی قناۃ سے گھیر لیتا ہون اور چھپا لیتا ہون یعنے راہرون پر اُترتا ہون تاکہ مسافرونکی دعوت کرون اور ٹیلونکی بلند جگہہ پر اُترتا ہون اور قیام کرتا ہون تاکہ حسب عادت عرب آگ وہان روشن کرکے اطراف وجوانب سے مہمانون کو اپنے پاس بلالون۔

	اِنِّیْ امرؤ اجعل الطریق لبیتہ		طُنُبًا وانکر حقہ للنسیم

الطریق منصوب بنزع الخافض ای علی الطریق والنسیم حقہ للطریق ترجمہ بیشک وہ شخص ہون اپنے خیمہ کی رسیان راہ مین کین یعنی راہ مین خیمہ زن ہوا اور اُسنے راہ کے حق یعنی مہمان نوازی کو نہ جانا وہ یقیناً بخیل وناکس وکمینہ ہے۔

وقال آخر

	ومستنبح تستکشط الریح ثوبہ		یلیسط عنہ وقرہ بالثوب معصم
	عوی فی سواد اللیل بعد اعتسافہ		یبنی کلیب اولیفزع نوام

کشطہ استکشط یعنی واپس کرنا وعوی الکلب صاح بصوتہ والجملۃ جواب رب دالاعتساف الضلالۃ عن الطریق ترجمہ اور بہت سے کتے بھونکانے والے باشل کنون کے بھونکنے والے ہین کہ ہوا اپنے زور کے سبب اُس کا لباس کھولے دیتی ہے تاکہ اُسکے کپڑے اُسکے پاس سے گر پڑین اور وہ اپنے کپڑون کو تھامنے والا ہے جو رات کی اندھیری مین بعد اپنے راہ بھول جانیکے کتے کی طرح اسغرض سے بھونکا تاکہ اُسکے جواب مین کوئی کتا بھونکے یا کوئی سونے والا اُسکی آواز سے گھبراکر اوٹھ کھڑا ہو اور اُس کو جواب دے یا آگ جلادے۔

	فجاوبہ مستسمع الصوت للقری		لہ عند اتیان الہنین مطعم

اما وجع الصوت الکلب واجبہ الیقظ وارادہم الاضیاف ترجمہ سو ایسی آواز کے سننے والے یعنی کتے نے اُس کو دعوت کے لئے جواب دیا اور اُسکو طلب کیا کیونکہ اُس کو اوقت مہمانون کے آنیکے کھانا بکثرت ملتا ہے بسبب ذبح شتران دعوت کے۔

	یکاد اذا ما ابصر الضیف مقبلا		یکلمہ من حبہ وہو اعجم

ترجمہ جبکہ وہ کتا مہمانون کو آتا دیکھتا ہے تو قریب ہے کہ اپنی محبت کے سبب اُس سے بول پڑے باوجودیکہ وہ بے زبان ہے یعنے وہ کتا سخت مہمان دوست ہے۔

وقال سالم بن قحفان العنبری

سالم بن قحفان العنبری

ومن غریب ہذہ الابیات ان سالم بن قحفان اتاہ اخو امرأتہ فاعطاہ بعیرا من ابلہ وقال لامرأتہ اتی جملا یقرن بہ ما اعطیناہ الی بعیرہ ثم اعطاہ بعیرا آخر وقال اتی جملا ثم اعطاہ ثالثا فقال اتی جملا فقالت ابقی عندی جمل فقال علی الجمال وعلیک المال فرمت الیہ خمارہا وقالت اجعل جملا فانشد۔

	لا تعذلینی فی العطاء ویسری		لکل بعیر جاء طالبہ جمل

سیر و حیاۃ ترجمہ تو مجکو بخشش کے معاملہ مین ملامت متکلا و جس شتر کا طالب میرے پاس آوے اسکے لیے رسی تیار کرلے۔

فانی لا ابکی علی ابنی انما	اذا شبعت من روض اوطانها بقلا

الافال جمع افیل و ہو الصغیر من اولاد الابل و بقلا منصوب بنزع الخافض ای من بقل ترجمہ اور یہ اس لیے ہے کہ جب مین مرباۃ نکالتا تو مجھپر بچہ ہائی شتر جب کہ وہ اپنے وطنوں کی گھاس سے پیٹ بھر لین گے نہین روئینگے کیونکہ وہ بہائم ہین پس آپسپر رحم کرنا بیموقع ہوگا یہ کہ میرے مرنے پر وہ خوش ہونگے کہ ہر روز کے ذبح سے بچگئے۔

فلم ار مثل الابل مالا لمقتن	ولا مثل ایام الحقوق لها سبلا

المقتنی الذخراۃ من یدخر المال کالجمیل اوالمال دایام الحقوق ایام قری الاضیاف وحمل الدیات والدیون ترجمہ کیونکہ مین نے مثل شتر کے کوئی مال ذکر جمیل کے ذخیرہ کرنے والے یا مال جمع کرنے والے کے لیے نہین دیکھا اور نہ مثل ان روزون کے جن مین مہمانون کے حق ادا کیے جاوین صرف کی عمدہ راہین دیکھین یعنے شتر سے بہتر کوئی مال اور حقوق مہمانون کے ادا کرنے سے کوئی کام اچھا نہین ہے۔

فاجابته امراته

فاجابته امراته

حلفت یمینا یا ابن قحفان بالذی	تنزال جبال محصدات اعدادها
تکفل بالارزاق فی السهل والجبل	لها ما مشی منها علی خف جمل

تنزال بحذف لا النافیۃ والمحصد اسم مفعول الجبل المحکم الشدید ترجمہ اے ابن قحفان مین نے اس خدا کی قسم کھائی ہے جو بندون کے رزقون کا میدانون اور پہاڑون مین ضامن ہے کہ یمین آیندہ ہمیشہ مضبوط رسیان شترون کیلیے تیار کرونگی جب تلک کہ کوئی شتر اپنے موزے پر چلے یعنی ہمیشہ۔

فاعط ولا تبخل لمن جاء طالبا	فعندی لها خطم وقد راحت الابل

الخطم جمع خطام وزراح زال والابل المونث ترجمہ سو تو اس شخص کو جو تجھسے شتر مانگنے آوے شتر بخش اور بخل مت کر کیونکہ میرے پاس انکی مہارین موجود ہین اور روکنے والی چیزین یعنی بخل وغیرہ میری طبیعت سے دور ہوگئین

وقال آخر

وقال آخر

الا ترین وقد قطعتنی عدلا	ماذا من البعد بینا البخل والجود

ترجمہ اور میری بی بی تو کیا نہین دیکھتی کہ بخل و سخاوت مین کسقدر فرق عظیم ہے حالانکہ تو نے سخاوت پر ملامت کرکے میرے ٹکڑے ٹکڑے کردیے ہین۔

لا یکن ورقی غضا اراح به	للمعتفین فانی لین العود

الورق کنایۃ عن المال والغض الطری الرطب واراح متکلم من راح للمعروف اذا اخذتہ راحۃ بالی ارتاح ترجمہ اگر میرا مال سائلون کے لیے ایسا تیار و مہیا نہ ہو جس کو فقیران کو دیکر راحت پاوین تو اس صورت مین مین بیشک ذلیل

وضعیف مثل شاخ نرم کے ہوگا۔

وقال قیس بن عاصم المنقری رضی اللہ عنہ

ہو اصحابی جلیل وجواد کریم وسید مطاع فی الجاہلیۃ والاسلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ

اِنی امرؤ لا یعترینی خلقۃ	دَنَسٌ یُفَنِّدُہٗ وَلَا اَفَنٌ

فندہ نسبۃ الی الفند وہو سوء الفہم وفساد العقل والافن بالفتح ضعف العقل ترجمہ بیشک میں ایسا مرد ہوں کہ میری عادت وخو کو ایسی ناقص وبیہودہ بات پیش نہیں آتی جو مجھکو بدفہمی کیطرف منسوب کرے اور نہ کم عقلی عارض ہوتی ہے۔

مِن مُعشَرٍ فی بیتِ مکرمۃٍ	وَالغُصنُ یُنبِتُ حولہ الغُصُنُ

ترجمہ یعنی معشر سے خانہ شرف وعزت میں ہوں اور شاخ کے گرد اسی قسم کی شاخ جمتی ہے یعنی جیسے میرے بزرگ اچھے تھے ایسا ہی میں ہوں۔

خطباءُ حینَ یقومُ قائلُھم	بیضُ الوجوہ مصاقعُ لُسُنُ

خطیب مستعد بلیغ جہیر الصوت السن جمع السن وہو من یتکلم بکلام فصیح ترجمہ وہ لوگ بڑے گویا ہیں جبکہ ان کا کوئی بولنے والا کسی مجلس میں گفتگو کرنے کھڑا ہو اور سفید رنگ یعنی شریف وکریم بلیغ وفصیح زبان آور ہیں۔

لا یَفطنون لعیبِ جارِھم	وھُمُ لِحفظِ جوارِھم فُطُنُ

ترجمہ وہ لوگ اپنے ہمسایہ کے عیب کی خبر نہیں رکھتے اور وہ لوگ واسطے حفاظت حق اپنے ہمسائگی کے بڑے ہوشیار وخبردار ہیں۔

وقال ابن عنقاء الفزاری

ومن خبر ہذہ الابیات ان عمیلۃ الفزاری مر علی ابن عنقاء وہو یحیش نعمۃ وقیل یحیر البقول فقال مالک صرت الی ہذہ الحالۃ فقال ابن عنقاء تغیر الزمان وتغدر الاخوان وضم الی اشتاتک بارحم فقال عمیلۃ لاجرم واللہ لاتطلع الشمس غدا الا وانت کاحد ناوکان عمیلۃ خلافا حین بقل وجہہ فبات ابن عنقاء تململ علی فراشہ لایاخذہ النوم استدلالا بما قال لہ عمیلۃ فقالت لہ امارتہ مالشانک فاخبرہا فقالت قد خرفت وذہب عقلک حتی تعلق نفسک بکلام غلام حدیث السن فبینما ہی تراجعہ الکلام اذ قبل علیہا اللیل من ابل وغنم وخیل واذا عمیلۃ قد وقف علیہ فقال یا ابن عنقاء اخرج الی فخرج الیہ فقال مالی اجمع ہلم تفتشہ فاقتسما خیلہ وابلہ وغنمہ وجاریتہ وغلاما فقال یمدحہ

رأتْ علی مابی عُمیلۃُ فاشتکتْ	اِلی مالہ حالی اَسَرَّ کما جَھَرَ

ترجمہ عمیلہ نے مجکو اس سختی میں دیکھا جو مجھ پر گذر رہی تھی تو اس نے میرے حال کا شکوہ اپنے مال سے کیا ظاہر وباطن یکساں مال سے شکوہ کرنا مجازاً ہے اور مراد یہ ہے کہ اس نے اپنے مال کیطرف میرے اصلاح حال کے لیے رجوع کیا۔ تو دل سے نہ منافقانہ کہ ظاہر کچھ ہو اور باطن کچھ ہو۔

دعانی فاساني ولو ضنّ لما لثمہ		علی حین لا بدّ یزیر جنی ولا حضنی	

ترجمہ اُسنے مجکو بلایا اور اپنے مال سے میری غمخواری کی اور اگر وہ مجھسے اپنے مال پر بخل کرتا تو مین اُس کو ایسے قحط کے وقت مین کچھ ملامت نہ کرتا جب کہ نہ دیہاتی سے کچھ امید کیجاتی ہے اور نہ شہری سے۔

غلامٌ رماہ اللہُ بالخیر یافعًا		لہ سیمیاءٌ لا تشقّ علی البصر	

الغلام الشاب الذی لم تشار بہ ویقال رماہ الیہ بالخیر اذا اعطاہ خیرا والقاہ الیہ والیافع الشاب الناعم والسیما الجمال وشق علیہ ثقل ترجمہ وہ نوجوان ہے کہ خدا نے اُسکو غیب سے دفعۃً بھلائی پہونچائی جب کہ وہ نوجوان تھا اُسکے چہرہ پر ایک جمال و نور ہے جس کا دیکھنا آنکھ کو بھاری نہین معلوم ہوتا بلکہ دیکھنے والے کو ایک لطف و مزہ آتا ہے۔

کان الثریا علقت فی جبینہ		و فی خدّہ الشعری و فی وجہہ القمر	

ترجمہ وہ ایسا خوبصورت ہے کہ گویا ثریا اُسکی پیشانی پر لٹکایا گیا ہے اور اُسکے خسارہ پر شعریٰ اور چہرہ پر چاند۔

اذا قیلت العورا اُعرض کانہ		ذلیلٌ بلا ذُلٍّ ولو شاء لانتصر	

العورا الکلمۃ القبیحۃ ترجمہ جبکہ اُسکے حق مین کوئی فحش کلمہ کہا جاوے تو وہ چشم پوشی کر جاتا ہے اور کچھ اُس کا انتقام نہین لیتا ہے گویا وہ بلا ذلت کے ذلیل ہے اور وہ اگر چاہے تو بدلہ لے لے مگر وہ بعد قدرت کے عفو عمل مین لاتا ہے۔

و لمّا رأی المجد استعار ثیابہ		تردّی رداءً واسع الذیل و ائتزر	

کنی باستعارۃ ثیاب المجد عن دوام تغیرہ وعدم ثباتہ ترجمہ اور جب اُسنے دیکھا کہ لباس شرف و عزت مستعار ناپائدار ہے تو اُسنے ایک چادر وسیع دراز پہن لی اور ایسا ہی تہمد بنا لیا یعنی ایسی وسیع سخاوت کی جسکی نیکنامی ہمیشہ باقی رہی۔

فقلت لہ خیرا و اثنیت بفعلہ		و وفاک ما اسدیت من ثمّ اوشکر	

اسداہ قدمہ وادناہ اعطاہ وافیا ترجمہ سو مین نے بعوض اُسکی عطا کے اُس کو کلمۃ الخیر کہا اور اُسکے کام کی تعریف کی اور اسی مخاطب حال یہ ہو کہ جسنے تیری مذمت کی یا تیرا شکر کیا تو اُس نے اُس چیز کا جو تیری طرف سے اُس تک سابق پہنچ چکی ہے پورا عوض دیا الغرض چونکہ ممدوح نے میرے ساتھ بھلائی کی اس لئے مین نے اُسکی پوری تعریف کی۔

وقال آخر

ہو عبداللہ بن الزبیر الاسدی یمدح عمرو بن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ وقیل غیرہ۔

سأشکرُ عمرًا ان تراخت منیّتی		ایادیَ لم تمنُنْ وانْ ھی جلّت	

ایادی جمع ایدہ بمعنی النعمۃ والمنّ القطع والمنۃ ترجمہ اگر میری موت نے مجکو کچھ مہلت دی تو اب مین عمرو کا اُن نعمتون کے بدلے جو باوجود اپنی کلانی کے منقطع نہین ہوئین یا اُنکی بابت احسان نہین کھا گیا شکر کرون گا۔

فتیً غیر محجوب الغنی عن صدیقہ		ولا مطہم المشکوی اذا الفعل زلّت	

زلت الفعل کنایۃ عن تغیر الحال اے البوس والشدۃ ترجمہ وہ ایسا سخی جوان ہو کہ اپنی خوشحالی اور دولت کو اپنے

دوست سے نہیں روکتا بلکہ اُس کو دیتا ہے اور نہ شکوہ ظاہر کرتا ہے جب کہ اُسکی حالت تونگری سے افلاس کی طرف آجاوے۔

رَأَى حَاجَتِي مِن حَيثُ يَخفَى مَكَانُهَا	فَكَانَتْ قَذَى عَينَيهِ حَتَّى تَجَلَّتِ

الخلۃ الفقر والحاجۃ وتجلی الامر انکشف ترجمہ اُسنے میری فقر اور احتیاج کو اُس جگہ سے دیکھا جہاں اُس کا ہونا مخفی تھا سو میری حاجت اُسکی دونوں آنکھوں کا کنک ہوگئی یہاں تک کہ وہ جاتی رہی پوشیدہ حاجت وفقر سے مراد یہ ہے کہ یہ شاعر ممدوح سے باتیں کر رہا تھا اتفاقاً اُسکے کرتہ کی آستین اُسکے اور لباس کے تلے پھٹی ہوئی ممدوح کی نظر پڑگئی جب وہ اپنے گھر گیا تو ممدوح نے اُسکے پاس دس ہزار درہم اور سو تھان بھیجدیئے۔

وقال رجل من بهراء وامه فدكية

بہراء بن عمرو بطن من قضاعۃ ومن خبر ہذہ الابیات ان الفدکی ہذا کان مجاورا لبنی عتاب لما غار علی ابلہ فضش بن معبد الطغلبی وکان علقمۃ بن سیف العتابی غائبا فسعی علقمۃ فی ان یرد فضش ابلہ فلم یتیسر لہ ذلک لاسباب اخر اعطی الفدکی مائۃ بعیر من مالہ وقال خذہا مالک فاخذہا وانشد۔

ان اَجزِ عَلقَمَةَ بنَ سَيفٍ سَعيَهُ	لا اَجزِهِ بِبَلاءِ يَومٍ واحِدِ

البلاء الاحسان ترجمہ اگر میں علقمہ بن سیف کو اُسکی اُس کوشش کا عوض دوں جو اُسنے میری معاملہ میں کی ہے تو اُسکے ایک روز کے احسان ونعمت کا بھی عوض نہیں دیسکوں گا چہ جائیکہ اُسکے تمام احسانوں کا۔

لا حَبَّبَنِي حُبَّ الصَّبِيِّ وَرَمَّنِي	رَمَّ السَّهدِيِّ اِلَى الغَنِيِّ الوَاجِدِ

اللام جواب قسم مقدر ورمہ اصلحہ۔ والہدی العروس اکل الہدی والواجد صاحب الوجد والسعۃ ترجمہ اُسنے مجھکو ایسا دوست رکھا جیسے بچہ کو ماں باپ کو دوست رکھتے ہیں اور میرے حال کی ایسی درستی کی جیسے دولہن والے برفت رخصت درستی کرتے ہیں یا ایسے کہ جیسا ہدیہ بھیجنے والا اپنا تحفہ بناسنوار کر متعدد والا خوشحال کے پاس بھیجتا ہے۔

وَاجَابَنِي يَومَ الصُّرَاخِ بِجُمَّةٍ	مَائِةٍ تَشُقُّ عَلَى عَصِيِّ الذَّائِدِ

الصراخ صوت الاستغاثۃ والجمۃ مابین الاربعین الی المائۃ وما ئۃ تفسیر لہ وتشق علیہ غلبہ والعصی جمع العصا والذائد بالدال المہملۃ من ذاد الابل عن الحوض ترجمہ اور اُسنے بروز داد خواہی مجکو ایسے سو شتر کے ساتھ جواب دیا جو حوض سے روکنے والے کی جو بہتیروں پر بسبب اپنی کثرت اور قوت کے غالب آوین اور اُسکے روکنے سے نہ رکیں۔

وَلَقَد نَضَحتُ مُلَيلَتِي فَتَمَكَّنَت	عَن آلِ عُتَّابٍ بِمَاءٍ بَارِدَةٍ

نضح العطش سکنہ والمليلۃ الحرارۃ المستکنۃ فی العظام وتمکنت بردت ترجمہ اور بجھا میں نے اپنی حرارت باطنی کو آب سرد سے جو منجانب آل عتاب تھا بجھایا اور وہ بجھ گئی یعنی میری طلب خاطر خواہ پوری ہوگئی۔

مجلس من عجائب

وقال ابوزیاد الاعرابی الکلابی

ابوزیاد الاعرابی

لہ نارٌ تُشَبُّ علی یفاعٍ	اذا المثنیٰ البُستِ القِناعا

تشب یعنی توقد الیفاع المکان المرتفع والقناع مایستر اس المرأۃ ترجمہ اسکی یعنی ممدوح کی ایسی آگ ہے جو مقامات بلند پر جلائی جاتی ہے تاکہ مسافر دور سے دیکھکر اسکے مہمان ہوں جب کہ اور لوگوں کی آگیں مہمانوں سے چھپائی جاتی ہیں یعنی قحط ہیں

ولم یلتِ الکثرالفتیانِ مالاً	ولکن کان ارحبھم ذراعا

الرحب السعۃ والذراع الید ترجمہ وہ شخص اور جوانمردوں سے لحاظ مال زیادہ نہیں ہے مگر ان سے دراز دستی سخاوت میں زیادہ ہے

وقال العرندس

عرندس

ہو کلابی یمدح بنی عمرو الغنویین وکان ابرجیدۃ اذا انشدھا یقول ہذا واللہ کمال کلابی یمدح غنویا۔

ھَیِّنونَ لَیِّنونَ ایسارُ ذودِکُم	سُوَّاسُ مکرُمۃٍ ابناءُ ایسارِ

الھین مخفف الھین من الھون دون الھوان واللین مخفف اللین والایسار جمع یَسَر محرکۃ وھو الموفق للخیر والقوم المجتمع علی المیسر ویکنی بہ عن الجواد والسواس جمع سائس یعنی رائض الفعل ترجمہ وہ لوگ نرم مزاج نیک خوئی کی توفیق یافتہ یعنی صاحب کرم عمدہ کاموں کے درست کرنے والے یخون کے بیٹے ہیں

ان یسالوا الحقَّ یُعطوہ وان غُلِبوا	فی الجھد ادرک منھم طیب اخبارِ

ترجمہ اگر وہ لوگ عمدہ امر مثل ضیافت مہمان وادائے دیات کی درخواست کیے جاویں تو اس حق کو بے تکلف دیتے ہیں اور اگر سختی و شدۃ میں ان کا امتحان کیا جاوے تو ان کی عمدہ اور اچھی خبریں سنی جاتی ہیں یعنے ثابت قدم رہتے ہیں

وان تودّدتھم لانوا وان شُھِموا	کشفتَ عن ذی شراسۃٍ غیرا مشرارِ

شہم فعلان اذا فرحد والفعل مجہول والازمار جمع زمر بالذال المعجمۃ الجری الشجاع والشرسۃ الحرب ترجمہ اور اگر تو انسے دوستی کا طالب ہو تو نرم خو ہو جاویں اور جو وہ ڈرائے جاویں تو تو ان کو بہادران جنگ غیر شریر خوب ظاہر دیکھے گا غیر شریر کے یہ معنے کہ طالب عفو کا قصور معاف کر دیتے ہیں ڈھیٹھ نہیں ہیں

فیھم ومنھم یُعَدُّ المجدُ متّلدا	ولا یُعَدُّ مناخِرِی ولا عارِ

متا بالنون فالمثلثۃ ما اخبر عن الرجل من شر اخیر ترجمہ شرف ومجد قدیم انہیں میں اور انہیں سے شمار کیا جاتا ہے اور خبر رسوائی اور عار کی ان میں اور ان سے نہیں شمار کیجاتی ہے یعنے یہ کام انکے لائق نہیں ہے۔

لا ینطقون عن الفحشاء ان نطقوا	ولا یمارون ان ماروا بکتار

ترجمہ اگر وہ کسی مجمع میں گفتگو کرتے ہیں تو واہیات نہیں بکتے بلکہ معقول گفتگو کرتے ہیں اور اگر اپنے ہمسروں سے جھگڑتے ہیں تو زیادہ نہیں جھگڑتے یعنے لچر نہیں ہیں۔

من کل منهم تقل لاقیت سیدهم	مثل النجوم التی یسری بها الساری

ترجمہ جب کہ تو ان میں سے کسی سے ملے تو تو یہ کہے کہ ہر ان کے سردار سے ملا کیونکہ ان میں ہر ایک لیاقت سرداری رکھتا ہے وہ لوگ ان ستاروں کی مانند ہیں جنکی روشنی میں رات کو سفر کرنے والا چلتا ہے۔

وقال آخر

رهنت یدای بالعجز عن شکر بره	وما فوق شکری للشکور مزید

ترجمہ میں اُسکے احسان کے شکر سے عاجز ہو گیا اور اس لیئے میں نے اپنا ہاتھ عجز کے پاس ہمیشہ کو رہن کر دیا اور حال یہ ہے کہ میری شکر گزاری سے زیادہ کوئی شکر گزار شکر ادا نہیں کر سکتا مگر اابن ہمدانی شکر سے عاجز ہو گیا۔

ولو ان شیئا یستطاع استطعته	ولکن ما لا یستطاع شدید

ترجمہ وہ شکر گزاری اگر ایسی شے ہوتی جسپر قابو ہو سکتا تو میں اُسپر ضرور قابو پالیتا مگر کیا کیجئے کہ جو چیز قدرت و طاقت سے باہر ہو اُسپر قدرت پانا سخت دشوار ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اُن کا شکر میری طاقت سے باہر ہے۔

وقال الحسین بن مطیر الاسدی

له یوم بوس فیه للناس ابؤس	ویوم نعیم فیه للناس انعم

البوس جمع بوس والانعم جمع نعیم ترجمہ ممدوح کے لیئے اُسکے دشمنوں کے حق میں ایک دن سختی اور مصیبت کا ہے جسمیں دشمنوں کے لیے سختیاں ہیں اور ایک روز بخشش کا ہے جسمیں خیر خواہ لوگوں کے لیے نعمتیں ہیں۔

فیمطر یوم الجود من کفه الندی	ویمطر یوم البأس من کفه الدم

ترجمہ سو بروز عطا اُسکی ہتیلی سے بخشش برستی ہے اور بروز جنگ اُسکی ہتیلی سے دشمنوں کا خون برستا ہے۔

ولو ان یوم البأس خلی عقابه	علی الناس لم یصبح علی الارض محرم

ترجمہ اور اگر بروز جنگ دشمنوں پر اپنا عذاب چھوڑ دیتا تو روئے زمین پر کوئی گنہگار باقی نہ رہے سب ہلاک ہو جاویں

ولو ان یوم الجود خلی یمینه	علی الناس لم یصبح علی الارض معدم

ترجمہ اور اگر بروز عطا خیر خواہ لوگوں پر اپنا دست راست چھوڑ دے تو زمین پر کوئی محتاج نہ رہے سب تونگر ہو جاویں۔

وقال ابو الطحان القینی واسمه اشرقی بن حنظلة

حسین بن مطیر الاسدی

ابو الطحان القینی

إذا قيل أي الناس خير قبيلة	وأصبر يوما لا تواري كواكبه

ظهر الكواكب في اليوم كناية عن الشدة ترجمہ جبکہ یہ کہا جاوے کہ کون لوگ از روئے قبیلہ بہتر ہیں اور کون لوگ اُس روز ہیں جسکے ستارے پوشیدہ ہوں سختیوں نے زیادہ صابر ہیں دن کو ستارے نظر آنیکے یہ معنی ہیں کہ جب بروز جنگ گھوڑوں کے سموں سے غبار بکثرت اُڑے اور آفتاب اُسمیں چھپجاوے تو بسبب تاریکی کے ستارے نظر آنے لگیں جیسا تیرگی شب میں معلوم ہونے لگتے ہیں اور عمداً مراد سختی و مصیبت سے لیجاتی ہے قال قائلہم ۵ دشتہا ترے تشبیہ ہے اور دھوئیں کو تیرگی ہے کہ نظر آنہیں سکتا

فإن بني لام بن عمرو أرومة	سمت فوق همعب لا تنال مراقبه

الارومۃ الاصل والمراقب مواقع النظر الی العدو وتکون مرتفعۃ لامحالۃ ترجمہ جبکہ یہ پوچھا جاوے کہ بلحاظ قبیلہ وصبر کے کون لوگ افضل ہیں تو یوں جواب دیا جاویگا کہ بیشک بنی لام بن عمرو ایسے عمدہ اصل و نسل کے ہیں کہ وہ ایسے کوہ پر چڑھ گئے ہیں جسکی بلندیوں پر پہونچا نہیں جاسکتا یعنے وہ سب سے اشرف ہیں۔

أضاءت لهم أحسابهم ووجوههم	دجى الليل حتى نظم الجزع ثاقبه

الدجی النظلمۃ مفعول اضاءت والثاقب من ثقبہ اذا خرقہ بخرق نافذ والجزع والجزور للجزع وہو الخرز الیمانی فیہ سواد و بیاض ترجمہ اُن کے احسن کاموں اور روشن چہروں نے اُنکی تاریکی شب کو روشن کر دیا ہے یہاں تک کہ یمانی پرتوں کے بیندھنے والے نے اُس روشنی میں اُن کو لڑی میں پرو لیا۔

لهم مجلس لا يحصى ان عن الندى	إذا طالب المعروف اجدا راكبه

حصرعنہ کفرح اذا امتنع۔ وضمیر المجلس مع جارہ اعنی فیہ محذوف ما جد بہ الرجل اذا اصابہ الجدب ای القحط ورکبہ تبعہ فذہب علی اثرہ والجزور لطالب المعروف ترجمہ اُنکے لئے ایک مجلس ہے کہ جس میں سخاوت سے نہیں رکتی جبکہ احسان وضیافت کا طالب قحط میں مبتلا ہو جاوے یعنی اُنکی سخاوت ایام قحط میں بھی جاری رہتی ہے۔

وما زال منهم حيث كان مسود	تسير المنايا حيث سارت مواكبه

کان تامۃ ومسود وہ معلہ سیدا والمواکب الجماعۃ رکبانا او مشاۃ والجملۃ خبر ما زال ترجمہ اور اُن میں کا سردار ان ہوتا ہے اسطرح رہتا ہے کہ جس جگہ اُسکے لشکر جاویں تو موتیں دشمنوں کی اُنکے ساتھ چلتی ہیں یعنی ہمیشہ اپنے دشمنوں کو اُن میں کا سردار قتل کرتا رہتا ہے

وقال آخر

يا أيها المتهني ان يكون فتى	مثل ابن زيد فقد خلى لك السبلا

ترجمہ اے وہ شخص جو اس امر کی آرزو کرتا ہے کہ وہ ابن زید کی مانند سخی اور جوان مرد ہو تو اس نے یعنی ابن زید نے تیرے لئے راہ ابن حصول نیکنامی کی چھوڑ دی ہے خلاصہ یہ کہ اُسنے نیکنامی کی سڑک تیار کر دی ہے تو بھی اُسپر چل نیکنام ہو جاوے گا۔

اُعُدُّ نظائِرًا لِخلاقِ عُدِّدُنَه	اهل سَتَّمن احدٌ اوسُبَّ اوبخلا

ترجمہ جو نیک عادتین کہ اُسکی شمار کیجاتی ہین اپنے مین اُنکی مثل شمار کرا ور دیکھہ کہ اُن مین سے تجھہ مین کون کون ہین کیا اُسنے کسیکو کبھی گالی دی ہے یا دہ گالی دیا گیا ہے یعنی اُسکو کبھی کسی نے گالی دی ہے یا اُسنے کسی کے ساتھہ بخل کیا ہے۔

ان تُنفِقِ المالَ او تُکلَفْ مسابیہُ	یصعُبْ علیک وتفعل دون ما فعلا

تکلف مجہول من الکلفہ یعنی کلفہ ترجمہ اگر تو اپنا مال خرچ کرے گا یا اُسکی سی کوششون کی تحصیل حسنات مین بکو تکلیف دیگا دونون امر تجھپر سخت دشوار ہون گے ہان اُس سے کم اُنکی کے کام کرتا رہ اُس جیسے یا زیادہ تو ممکن ہی نہین۔

لو یُبعَثُ الناسُ اَدناھُم وابعَدُھُم	فی ساحۃِ الارضِ حتی یُحسِرُوا الاِبِلا
کی یطلُبوا فوقَ ظھرِ الارضِ لم یجِدُوا	مِثلَ الذی غیَّبُوا فی بطنِہٖ رجلا

حرث البعیر سہزلہ فی الاسفار ترجمہ اگر تمام آدمی نزدیک اور دور کے سطح زمین پر ابھارے اور برانگیختہ کیجاوین اگر یہان تلک چلین کہ وہ اپنے شتر چلتے چلتے لاغر کردین اس مطلب کے لئے کہ روی زمین پر اُس جیسا آدمی ڈھونڈین تو مثل اُس شخص کے جس کو زمین کے تسکم مین غائب کردیا ہے یعنی دفن کردیا ہے کوئی مرد نہ پاوین گے۔

وقال آخر یمدح بنی صریم من تمیم

لم اَرَ معشرًا کبنی صُریم	تَلُفُّھُمُ التِّھامُ وَالنَّجُودُ

لغہ جمعہ۔ والتہامۃ الارض المنخفضۃ خلاف النجد ترجمہ اور مین نے کوئی گروہ مثل بنی صریم کے نہین دیکھے کہ اُنکو کھاد اور بانگر سبب اُنکی کثرت اور قوت کے اکٹھا کرتے ہین یعنی تمام کھاد اور بانگر مین وہ لوگ موجود ہین

اَجَلَّ جلالۃً واَعَزَّ فقدا	واَقضی للحقوق وھم شُھُودُ
واکثرنا شیاخِ مُخ اق حرب	یُعِین علی السیادۃ او یَسُودُ

اعز یعنی صعب یقال ہو عزیز الفقدان اذا کان فقدانہ شاقا علی الناس لکرمہ والتاثی الشاب والمخراق التصرف فی الامور ترجمہ مین نے کوئی اُنکی مانند نہین دیکھا کہ شان وجاہ مین اُنسے بڑا ہو اور اُس کا جانا رہنا زیادہ شاق اور گران معلوم ہو اور اپنی مجلس مین بیٹھے ہوئے تمام حق مسایکن اور اقارب کے بخوبی ادا کرے اور جس مین جوان لڑائی کے واقف کار اور اُس مین تصرف کرنے والے زیادہ ہون کہ اور سردارون کے اُنکی سرداری مین مددگار ہو یا خود سرداری کرے۔

وقال شقران مولی سلامان من قضاعۃ

لو کنتُ مولی قیسِ عیلان لم تجِدْ	کلبٌ لانسان من الناس درھما

ترجمہ اگر مین قیس بن عیلان کا غلام آزاد کردہ ہوتا تو مجھپر کسی آدمی کا ایک درہم بھی قرض نہ دیکھتا کیونکہ وہ

وہ لوگ اپنے مولی کی طرف سے قرض ادا نہین کرتے۔ پس اس صورت مین کسی سے قرض لیکر قرض دار نہوتا۔

ولکنني مولے قضاعة کلها	فلستُ أبالي ان أدِبّ و تغرَما

ترجمہ مگر مین تو سارے بنی قضاعہ کا بندہ آزاد ہون تو اب مجکو اس بات کی کچھ پرواہ نہین ہو کہ مین قرض لون اور وہ میری طرف سے ادا کرین۔

أُلِفتَ قومي بارك اللهُ فيهم	علے کل حال ما اعفّ وأکرما

ترجمہ وہ ہی لوگ میری قوم ہین اللہ اُن مین برکت کرے وہ لوگ ہر حال مین خوشحالی اور تنگی سے کسقدر بے عیب اور سخی ہین کہ جسکا بیان نہین ہو سکتا۔

ثِقال الجفان والحلوم رِحاهُمُ	رحا الماء یلتالون کیلاً عَذَمذَما

العذمذم الکثیر الجزاف ترجمہ اُن لوگون کے کٹھرے اور عقول بھاری ہین یعنی اُنکے ظروف طعام کھانون سے جو مہمان کو کھلاتے ہین پُر ہین اور عقلون مین متین اور بھاری بھرکم اُنکے ہاتھ چکیان پن چکیون کی مانند ہین جو بہت آٹا پیستی ہین یعنی بڑی سخی ہین کہ لوگون کو کھانے کے پیمانے اُنکل سے مفت دیتے ہین یعنی اُسکی کچھ قدر نہین کرتے۔

جفاة الحزّ لا یصیبون مفصلا	ولا یاکلون اللحم الا تخذّما

جفاة عنه اذا بعد۔ والحزّ القطع۔ والتخذم من الخذم بالمعجمتین وہو سرعة القطع واراد به القطع بالسکاکین ترجمہ وہ لوگ گوشت کاٹنے سے دور رہنے والے ہین اور ذبح کے جوڑون کو اپنے ہاتھ سے جدا نہین کرتے بسبب کثرت خدام کے اور اپنے دستارخوانون پر گوشت چھریون سے کاٹکر کھاتے ہین نہ دانتون سے یعنی اہل تکلف و باتمیز ہین

وقال ابو دہبل الجمحی

انّ البیوت معادنٌ فِخارُه	ذهبٌ وکلُّ بیوته صَخمُ

اراد بالبیوت القبائل۔ والنجار کالاصل ترجمہ لوگون کے خاندان کانین ہین مثل سونے و چاندی کی کانون کے سو میری ممدوح کی اصل مانند سونے کی کان کے ہو یا مانند سونیکے ہو اور اُسکے دادہال اور ناناہال کے تمام خاندان بڑے اور بزرگ ہین یعنے وہ بجانب الطرفین ہے۔

عُقِم النساءُ فما یلدن شبیهه	ان النساء بمثله عُقمُ

ترجمہ تمام عورتین بانجھ ہوگئین وہ ایسا بزرگ شخص نہین جنتین اور اس مین شک نہین کہ عورتین ایسے شخص کے جننے سے بانجھ ہین۔

متهللٌ بنعَمٍ بلا متتابعةٍ	سِیّانِ منه الوفرُ والعُدمُ

تہلل تبسم و فرح۔ والباء فے بلا بمعنے عن۔ والوفر الغناء والعدم الفقر ترجمہ وہ ان کے کہنے سے خوش اور نہین کے

ابو دہبل الجمحی

کہنے سے دور ہے اور اُسکے نزدیک تونگری اور فقیری برابر ہیں یعنی عالی ہمت ہے۔

نزر الکلام من الحیاء تخالہ	ضمنا ولیس بہ سقم

النزر القلیل۔ والضمن گفتگو السقیم ترجمہ بباعث حیا کے قلیل الکلام ہے نہ بسبب عدم قدرت گفتگو کے۔ ایسا کم گفتگو ہے کہ تو اُس کو بیہودہ خیال کرنے لگے اور حال یہ ہے کہ اُسکے جسم میں کوئی بیماری نہیں ہے۔

وقالت لیلی الاخیلیۃ

یا ایہا السائم الملوی راسہ	لیقود من اہل الحجاز بریما
اترید عمرو بن الخلیع ودونہ	کعب اذا لوجدتہ مزؤما

السائم گفتگو الفحل الہائج۔ والملوی من لوی راسہ اذا اعرض وتکبر والبریم فی الاصل الخیط المختلط من الاسود والابیض واستعیر للمرکب من اخلاط الناس والمؤم المرحوم ترجمہ اے متکبر بسبب غرور کے اس لیے کج گردن کہ اہل حجاز کے ایک لشکر کے جو مختلف قوموں سے مخلوط ہے سرداری کرتا ہے۔ کیا تو عمرو بن الخلیع سے لڑنے کا ارادہ رکھتا ہے اور حال یہ ہے کہ اُس سے ڈرے یعنے پہلے بنی کعب تیرے لڑنے کو موجود ہیں اور جب اُس قوم سے لڑے گا تو عمر مند کو کر ایسا سردار پاویگا جسکی قوم اُسپر بڑی مہربان اور اُسکی تابع ہے یعنی تو اُسکے مقابلہ کی تاب نہ لا سکے گا۔

ان الخلیع ورہطہ فی عامر	کالقلب الیس جوفہ وحزیما

الجوف کبد الصدر۔ والحزیم موضع الحزام من الصدر ترجمہ بیشک عمرو کا باپ خلیع اور اُس کا فریق بنی عامر میں دل کی مانند ہیں جسپر سینہ اور وسط سینہ بنظر حفاظت پہنایا گیا ہے اور اس لیے اُسپر کوئی جرارت نہیں کر سکتا۔

لا تغزونّ الدہر ال مطرف	لا ظالما ابدا ولا مظلوما

المطرف لقب من یقبل وہم اقارب عمرو بن الخلیع ترجمہ تو کبھی آل مطرف سے مت لڑ نہ ظالمانہ کہ تو اُنپر ظلم کر کے اور نہ مظلومانہ کہ تو خواستگار انتقام ہو۔

قوم ہم رباط الخیل وسط بیوتہم	واسنۃ ترہن تخال نجوما

الرباط من الخیل ما فوق الخمس وتخال مجہول من خالہ اذا حسبہ ترجمہ وہ ایسی قوم ہے کہ گھوڑوں کے طویلے یا پائگاہ اُنکے گھروں کے بیچ میں ہے اور چکنے نیزے کہ جو بسبب کثرت چمک کے روشن ستارے گمان کیے جاتے ہیں

ومخرق عنہ القمیص نخالہ	وسط البیوت من الحیاء سقیما

المخرق الممزق معطوف علی رباط الخیل ترجمہ اور اُنکے گھروں میں وہ شخص ہے جس کا کرتہ بسبب کثرت خدمت مہمانان یا بسبب اشتغال جنگ کے پارہ پارہ ہے یعنی ان اشتغال کی مصروفیت کے سبب اُس کو تبدیل لباس کی فرصت نہیں ملتی وہ ایسی حالت میں ہے کہ تو اُس کو اُنکے گھروں میں بباعث شدۃ شرم وحیا بیمار سمجھے یعنی اُس کو

اس امر کی شرم آتی ہے کہ اس کا جیسا دل چاہتا ویسی خدمت مہمانان نہیں ہو سکتی۔

حتی اذا رفع اللواء رایتہ	تحت اللواء علی الخمیس زعیما

الزعیم السید الکفیل المامور الناس والخمیس الجیش الذی یکون لہ مقدمتہ وساقتہ ای موخرۃ وقلب ومیمنۃ ومیسرۃ ترجمہ وہ ایسی ہی حالت میں رہتا ہے یہاں تلک کہ جب لڑائی کے لیے جھنڈا اٹھایا جاتا ہے تو تو اس کو جھنڈے کے تلے بڑے لشکر پر سردار اور اس کا کارساز دیکھے گا۔

لن تستطیع بان تحول عزھم	حتی تحول ذا الھضاب تیوما

الھضاب الجبال الصغار او التلال۔ ویوم بالتثنیۃ فالمہلۃ جبل ترجمہ تجکو ہرگز یہ مقدور نہو گا کہ انکی عزت اُنسے بدلکر دوسرون کو دے دے یہاں تلک کہ تو کوہ یوم کو جسکے ساتھ بہت پہاڑیان ملی ہوئی ہین اسکی جگہہ سے اُٹھاکر دوسری جگہہ رکھدے اور یہ محال ہے پس انکی عزت کی تحویل بھی محال ہے۔

ان سالموک فذاک منھم ھذہ	وان قد کفیت ذلک بالرقاد نعیما

ہذہ اشارۃ الی الحرب ترجمہ اگر وہ لوگ تجھسے صلح کرین تو اُنسے لڑنا چھوڑدے کہ اُنکی صلح غنیمت ہے اور اپنے گھر مین خیر کے چین سے جاکر سو رہ کہ یہ سونا تیرے لیے کافی امد پوری نعمت ہے۔

وقالت ایضا ویقال بل قالہا ابوہا

ایضاً

نحن الاخائل لایزال غلامنا	حتی یدب علی العصا مذکورا

الدبیب علی العصا کنایۃ عن الشیب ترجمہ ہم بنی الاُثیل کے لوگ ہین ہم مین کا ہر ایک لڑکا محافل مین مذکور و مشہور رہتا ہی یہاں تلک کہ وہ بوڑھا ہو جاوے اور لاٹھی کے سہارے سے چلنے لگے یعنی تمام عمر۔

تبکی السیوف اذا فقدن اکفنا	جزعا ونعلمنا الرفاق جبورا

ترجمہ جب کہ تلوارین ہمارے ہتیلیون کو گم کرینگی تو گھبراکر رونے لگین گی اور ہمارے یارانِ سفر ہماری کثرت عطا کے سبب ہم کو دریا جانتے ہین خلاصہ یہ ہے کہ ہم لوگ جامع شجاعت وسخاوت کے ہین۔

ولنحن اوثق فی صدور نسائکم	منکم اذا بکر الصراخ بکورا

الصراخ الاستغاثۃ وصوت المستغیث۔ وبکر بکورا اذا اتی بکرۃ ترجمہ اور ہم تجکو انہاری عورتون کے سینون مین تم سے زیادہ قابل اعتماد ہین جب کہ فریادخواہ کی آواز بوقت صبح آوے صبح کی خصوصیت کی وجہ یہ ہے کہ غارت کا وقت صبح ہے۔

وقال آخر

آخر

یشبھون سیوفا فی صرامتھم	وطول اضبیۃ الاعناق والامم

الصرامۃ تفسیر العزم والنفی فی الامور والافنیۃ جمع نضی بالنون فالضاد المعجمۃ علی السنن وہو ممدوح فی الرجال والامم جمع امۃ وہما القدۃ یقال ماامن امۃ ترجمہ وہ لوگ اپنے ارادوں کے پورا کرنے میں اور گردن کی اور قدوں کی درازی میں تیز تلوارون سے تشبیہ دیئے جاتے ہیں۔

اذا عد المسک مجری فی مفارقہم	تراحوا تخالہم مرضی من الکرم

ترجمہ جب کہ مشک انکی مانگون میں پھیلجاتا ہے یعنی جبکہ وہ لوگ اپنی بزم قوم میں بوقت صبح شراب نوشی کرتے ہیں اور حسب عادت ملوک در دسا مشک کا استعمال کرتے ہیں تو وہ اسوقت ایسی حیا اور وقار سے بیٹھتے ہیں اور ایسے ہوجاتے ہیں کہ تو یوں گمان کرے کہ کرم اور وقار کے سبب مریض سمجھنے لگے کہ وہ اس وقت وہ کچھ حرکت نہیں کرتے جیسے تجھ سے لوگ کیا کرتے ہیں

وقال آخر من طی یرثی الربیع وعمارۃ ابنی زیاد العبسی

فان تکن الحوادث جزّ فتنی	فلم أر کالفاکا بنتی زیاد

یقال جرف المطین بالجیم فالمہملۃ اذا ذہب بہ کلہ جرفہ مشدد او المراد بہنا الاستیصال۔ دروی ترفتنی وغیرتنی ترجمہ سو اگر چہ حادثات روزگار نے بسبب ہلاکی برادران واحباب کے میرا استیصال کردیا یا جلا دیا ہے اور میری حالت دگرگون کردی ہر گز میں نے کوئی مرنے والا ربیع وعمار وزیاد کے دو بیٹوں کی مانند سخی ومحنت کشی میں نہیں دیکھا۔

ہما رحمان خطیان کانا	من الشم المنفقۃ الصعاد

والخطی نسبۃ الی الخط قریۃ بالبحرین منسوب الیہا الرماح۔ والسمر جمع اسمر۔ والسمرۃ احد الوان الرمح وثقف الرمح وسمہ والصعاد مع صعدۃ وہو الرمح الطویل ترجمہ وہ دونوں از قسم سعید ہے گندم گون یعنے نیزونکی درازی قامت اور اعتدال میں دو نیزے ساخت بوضع خط کے تھے۔

تہال الارض ان یطأ علیہا	بمثلہما تساید تعادی

تہال مجہول من ہال التراب اذا صبہ الی تحت او من ہال اذا اخافہ۔ وان تقدیرہ اللام او من ترجمہ زمین اُنکے چلنے سے بیچکو دبائی جاتی ہے یا اُن کے زور کے چلنے سے خوف دلائی جاتی ہے۔ یہ دونوں شخص ایسے تھے کہ اُن جیسے لوگوں کے اعتماد پر اے مخاطب تو صلح کرسکتا ہے یا کسی سے لڑسکتا۔

وقال آخر

کریم یغض الطرف فضل حیوتہ	ویدنو اذا طاف الرماح دوان

الفضل البقیۃ منصوب علی الظرفیۃ او علی انہ مفعول لہ۔ ومرفوع علی انہ فاعل یغض۔ والدوانی جمع دان بمعنی القریب ترجمہ وہ سخی ہے کہ زندگی بھر احباب کی خطاؤں سے چشم پوشی کرتا ہے۔ یا اُسکی زندگانی کی شرافت وخوبی چشم پوشی کرتی ہے اور ایسے وقت میں پاس آتا ہے جب کہ میدان جنگ میں طرفین کے نیزونکی بھالیں آپس میں ملجاویں یعنی لڑائی ہو۔

وکالسیف ان لاینثنہ لان مسہ	وحدا اذا ان حاشنتہ خشان

ترجمہ اور وہ شخص تلوار کی مانند ہے اس بات مین کہ اگر تو اُس کو نرمی سے چھوئے تو اُس کا چھونا تجکو نرم معلوم ہوگا اور اگر اُس کو سختی سے چھوئے تو اُسکی دونون دھارین سخت معلوم ہونگی۔ تلوار دو دھاری کو اردو مین کہتے ہین

وقال العجیر السلولی

ان ابن عمی لابن زید وانہ	لبلال ایدی جلۃ الشول بالدم

البلال مبالغۃ من بلہ۔ والجلۃ بالکسر العظام من الابل۔ والشول جمع شائلۃ وہی من النوق ما اتی علیہا من حملہا او وضعہا سبعۃ اشہر ثم جعل لبنہا ترجمہ بیشک میرا چچا کا بیٹا حقیقت مین زید ہے اور وہ بیشک دونون ہاتھ بڑی موٹی اونٹنیون کے خون مین تر کرنے والا ہے یعنی مہمانون کے لیے انتہای فربہ کی کوہنے کا ٹتا ہے اور ذبح کرتا ہے۔

طلوع الثنایا بالمطایا وسابق	الی غایۃ من بینہ وہا یقدم

الطلوع مبالغۃ الطالع کالصبور۔ والثنیۃ العقبۃ ویکنی بطلوع الثنایا عن ہرکب صعاب الامور۔ والبند رہ عاجلہ والجملۃ نعت غایۃ ترجمہ بذریعہ سواری ناقون کے بڑے بڑے مشکل کام اختیار کرتا ہے اور وہ اُس حد تلک بڑہجاتا ہے جو شخص اُس حد تلک بڑہجاوے وہ لوگون اور اپنے ہمسرون مین مقدم اور پیشیا گنا جاتا ہے۔

یثرک مظلوما وہو ضیک ظالما	ویکفیک ما حملتہ عند مغرم

ترجمہ جب کہ تو مظلوم ہو تو وہ تجکو خوش کرتا ہے یعنی ظالم سے تیرا انتقام لیتا ہے اور جب تو ظالم ہو تو بھی تجکو راضی رکھتا ہے کہ تیری طرف سے تاوان اور دیتہ ادا کر دیتا ہے اور تاوان دینے کے وقت جو تو اُسکے ذمہ کر دے وہ اُسکو تنہا کافی ہوتا ہے

من النفر المکلین کل حجۃ	بمستحصد من جولۃ الرای محکم

یقال ادلی بحجتہ اذا احتج بہا والہ یطلب بالحجابہ نوزا کشی شبہہ بارسال الرجل دلوہ فی البیر لینزع الماء واراد بالحجۃ موضع الاحتجاج۔ والمستحصد المحکم وجولۃ الرای الرای الجائل فی الامور من بیانیہ ترجمہ وہ اُن لوگون مین سے ہے جو ہر قضیہ مین تیز اور محکم رائے سے حجت پکڑتے ہین۔

حبیرون الا یذکروک بریبۃ	ولا یغمہوک الدہر مالو تغرم

الریبۃ التہمۃ۔ واعرمہ الزمہ۔ والدہر منصوب علی الظرفیۃ ترجمہ وہ لوگ اس امر کے لائق ہین کہ تیرا ذکر تہمت سے نہ کرین اور کبھی تجہپر وہ تاوان نہ ڈالین جس کو تو خود بخوشی نہ قبول کرے۔

وقال ایضا

اقول لعبد اللہ وہنا ودوننا	مناخ المطایا من منی فالمحصب

الوہن آخر اللیل۔ ومنی منی مکۃ والمحصب موضع رمی الجمار من منی متصل بہ ترجمہ مین کہتا ہون اپنے رفیق عبد اللہ سے

آخر شب مین جبکہ قیام گاہ مادہ شتران مقام منی اور مصب کا ہم سے درے تھا۔

لك الخير علّلنا بها ثم ساعةً	تمرّ وسيهواءً من الليل يذهب

علّلہ بہ شغلہ بہ۔ والضمیر المجرور للمحبوبۃ۔ والسہواء قدر من اللیل دروی تہواء وہو بمعناہ ترجمہ خدا تیرا بھلا کرے ہم کو محبوبہ کے ذکر سے بہلا کاش ایک ساعت گزر جائے اور کسیقدر رات کٹ جاوے۔

فقام فادنی من وسادی وسادہ	نطوی البطن ممشوق الذراعین شنجب

طوی البطن جیض البطن من تراہی کرضی اذا جاع فاعل قام۔ والمشوق خفیف اللحم۔ والشنجب الطویل ترجمہ سو اپنی جگہہ سے اٹھا اور میرے بستر سے اپنا بستر قریب کیا ایک شخص خالی شکم پتلے ہر دو بازو دراز قد نے یعنے عبداللہ نے جس مین یہ اوصاف جمع تھے یعنی وہ پھرتیلا اور چالاک تھا نہ بھدا اور کاہل۔

بعيد من الشيء القليل احتفاظه	عليك ومنزوه الرضا حين يغضب

الاحتفاظ الغضب وعلیک متعلق بہ۔ والمنزور القلیل ترجمہ تھوڑی چیز پر تجھے خفا ہونا اس سے دور ہے یعنی تھوڑی چیز پر تجھے ناراض نہین ہوتا بلکہ عفو کرتا ہے اور جب وہ خفا ہو تو کسقدر راضی ہوتا ہے یعنی مستقل و بھاری بھرکم ہے

هو الظفر الميمون ان راح اوغدا	به الركب في التلعابة المتحبب

الظفر نکتف الفائز بمرادہ۔ التلعابۃ کثیر اللعب ترجمہ وہ کامیاب مبارک ہے اگر اسکے پاس قافلہ شتر سوارون کا شام کو آوے یا صبح کو اور بڑا کھلاڑ اور محبوب القلوب ہے۔ یعنی خوش طبع و مہمان نواز ہے۔

وقال ابو جندل في الازرق المخزومي

ماذا ترى بنا غداة الخل من رمع	عند التفرق من خيم ومن كرم

الخل بالمعجمۃ الطریق النافذ بین الرملتین والرمل المستطیل۔ والرمع کسنب موضع والخیم بالکسر العادات الکریمۃ ومن بیانیۃ لما ترجمہ کسقدر سخت مصیبت کرم عام وعادات کریمہ کی ہم کو پہونچائی گئی جب کہ ہم نے لبنی ریتی مقام رمع مین صبح کے ہنگام مفارقت ممدوح یعنے ازرق کے کی۔

ظلّ لنا واقفا يعطي فاكثرما	قلنا وقال لنا في وجهه نعم

ترجمہ ہمارے لئے دن چڑھے تلک کھڑا رہا کہ ہم کو بہت مال بخشتا تھا سو جو ہم نے اسکے روبرو کہا اور جو اس نے ہمارے روبرو کہا اُن کا جواب اکثر ہان تھا یعنی جو اسنے ہمسے کہا اُس کو ہم نے ہان کہا اور تسلیم کیا اور جو ہم نے اُس سے مانگا اُسکے جواب مین اُس نے ہان کہا اور ہم کو دیا۔

ثم انتحى غير مذموم واعيننا	لما تولى بدمع ساقط سجم

انتحی قصد مرو الجار والمجرور متعلق بمحذوف ای تلبست ترجمہ پھر وہ ہم سے جدا ہوا اچھے حال مین اور جبکہ ا

الادب

ہم سے پشت پھیری تو ہماری آنکھیں اشک ریزان سے بھری ہوئی تھیں۔

	تَحَمَّلَهُ النَّاقَةُ الْأَدْمَاءُ مُعْتَجِرًا		بِالْبُرْدِ كَالْبَدْرِ جَلَّى دَاجِيَ الظُّلَمِ

الادماء الناقۃ البیضاء۔ والمعتجر المتم۔ والبرد الثوب المخطط۔ والداجی المظلم والظلم جمع ظلمۃ ترجمہ وہ سفید ناقہ پر دھاریدار عمامہ باندھے ہوئے تھا مثل بدر کے کہ اس نے اندھیرونکی تاریکی کو روشن کر دیا ہو۔

	وَكَيْفَ أَنْسَاكَ لَا نُعْمَاكَ وَاحِدَةٌ		عِنْدِي وَلَا بِالَّذِي أَوْلَيْتَ مِنْ قِدَمِ

ترجمہ اے ممدوح میں تجکو کیونکر بھولجاؤں اور حال یہ ہے کہ تیری نعمتیں مجھپر ایک نہیں بلکہ بیشمار ہیں اور نہ تیری عطا جو تونے مجکو بخشی ہے پرانی ہوگئی ہے بلکہ ہر روز نئی نئی عطائیں عنایت کرتا ہے تو اُن کو میں کیونکر فراموش کر سکتا ہوں

وقال ایضا فیہ

ایضاً فیہ

	مَا زِلْتَ فِي الْعَفْوِ لِلذُّنُوبِ أَطْلَاقَ لِعَانٍ بِجُرْمِهِ غَلِقِ		

العانی الاسیر والغلق کمکتف المرہون الذی لا یرجی انفکاکہ ترجمہ تو ہمیشہ گناہوں کی بخشش میں رہتا ہے اور اُس قیدی کے آزاد کرنے میں جو اپنے گناہ میں ایسا گرو ہے جسکے چھوٹنے کی امید نہیں ہے۔

	حَتَّى تَمَنَّى الْبُرَاةُ أَنَّهُمُ		عِنْدَكَ أَمْسَوْا فِي الْقِدِّ وَالْحَلَقِ

البراۃ جمع بار بمعنی السیء من الذنوب۔ والقد بالکسر السیر الذی یشد بہ الاسیر والحلق جمع حلقۃ ترجمہ یہاں تک غیر قصور مندوں نے آرزو کی اس بات کی کہ وہ تیرے پاس تسمون اور بیڑیوں میں قید ہوتے تاکہ تیرے کرم سے بہرہ ور ہوتے

وقال الخبر ان الليثي في علي بن الحسين بن ابيطالب ويقال انها للفرزدق والصحيح ان الابيات للفرزدق ومن خبرها ان هشام بن عبد الملك كان قد حج ومعه سادات الشام فجهد ان يستلم الحجر فلم تقدر عليه لكثرة الازدحام حتى جاء علي بن الحسين بن ابيطالب فلما بلغ الحجر تفرق الناس عنه فسال سادات الشام هشام بن عبد الملك فقال لا اعرفه وكان يعرفه فقال الفرزدق انا اعرفه وانشد الابيات الاخيرين للعجزين

	هٰذَا الَّذِي تَعْرِفُ الْبَطْحَاءُ وَطْأَتَهُ		وَالْبَيْتُ يَعْرِفُهُ وَالْحِلُّ وَالْحَرَمُ

(علماء اہل اللغۃ والتاریخ فیہ تماش والصحیح والراجح بالبطاریۃ ترجمہ وہ شخص ہے جس کے نشان قدم کو سب جانتے ہیں اور بیت اللہ کو بھی یہ جانتا ہے اور حل اور حرم بھی اس سے واقف ہیں

	هٰذَا ابْنُ خَيْرِ عِبَادِ اللّٰهِ كُلِّهِمِ		هٰذَا التَّقِيُّ النَّقِيُّ الطَّاهِرُ الْعَلَمُ

ترجمہ۔ یہ بیٹا اس شخص کا ہے جو سارے بندگان خدا سے بہتر ہے یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ یہ پرہیزگار پاک ظاہر مشہور اور نمایاں مثل کوہ کے یا دین کے امور سے بڑا واقف کار ہے۔

اذا رأته قریش قال قائلها	الی مکارم هذا ینتهی الکرم

ترجمہ جبکہ قریش اسکو دیکھے تو اُن کا کہنے والا یہ کہے کہ اس شخص کی عادہ کامون تک کرم کی انتہا ہے یعنی اس سے زیادہ نہین ہو سکتا

یکاد یمسکه عرفان راحته	رکن الحطیم اذا ما جاء یستلم

العرفان منصوب علی انہ مفعول بہ۔ والراحۃ الکف والحطیم لہ معان مختلفۃ والمناسب منہا ہہنا ہو ما بین الرکن الاسود الی الباب او الی المقام۔ والاستلام فی الاصل ہو لمس الحجر او قلبہ فی لمس الحجر الاسود ترجمہ جب کہ وہ حجر اسود کو چھونے آوے تو اُسکی ہتیلی کی شناخت کے سبب قریب ہے کہ رکن حجر اسود اُس کو روک لے یعنی اسکو خوب جانتا ہے اور اُس سے برکت حاصل کرنا چاہتا ہے

اَیُّ القبائل لیست فی رقابهم	لاولیّة هذا او له نعم

اراد بالاولیۃ الاوائل۔ والنعم جمع نعمۃ ترجمہ قبائل عرب مین کونسا قبیلہ ہے جسکی گردنون مین اس شخص کے بزرگون یا خاص اُسکی نعمتون کے ہار نہون کیونکہ وہ لوگ سب کے ہادی ہین۔

یکفّه خیزران ریحها عبقٌ	من کفّ اروع فی عرنینه شممٌ

الخیزران التقصیب وکل عود لین۔ واراد بالعود الذی یکون فی ایدی الملوک ویونث والعبق کالکف النشر الفائح۔ و الاروع من یعجبک حسنہ وجمالہ او شجاعتہ والغرنین مقدم الانف۔ والاشمم العالی۔ ویکنی بہ عن الجد والشرف ترجمہ اُسکے ہاتھ مین ایک چھڑی ہاتھ کی ہے جسکی خوشبو ہر طرف پھیل رہی ہے اس سبب سے کہ وہ ہاتھ مین ایک شخص جمیل و شجاع کے ہے جو اونچی ناک والا ہے یعنے بلند مرتبہ خلاصہ یہ کہ اُسکے ہاتھ کی خوشبو چھڑی مین اثر کر گئی۔

یغضی حیاءً ویُغضی من مهابته	فما یکلّم الا حین یبتسم

ترجمہ وہ براہ حیا چشم پوشی کرتا ہے اور اُسکی ہیبت حق کے سبب اگر دنکی آنکھین اُسکے رو برو بند ہوئی جاتی ہین یعنے کوئی اُس کو خوب نہین دیکھ سکتا اس لیئے وہ کلام نہین کرتا مگر مسکرا کر اُسکے رو برو کچھ گفتگو کر سکین اور ہیبت دور ہو

وقال آخر

اذا انتدی واحتبی بالسیف هالهم	شوس الرجال خضوع الجرد للطالی

انتدی الرجل اذا شهد نادی القوم۔ واحتبی بالسیف اذا وضعہ قدامہ محتبیا کانہ احتبی بہ ویکون عند عقد الجار اذا عزم الحرب والشوس جمع اشوس من شوس کفرح اذا نظر بمؤخر عینہ ویکنی بہ عن التکبر۔ والجرد جمع اجرد والطالی من بطا الفرس الاجرد القارح ترجمہ جب کہ وہ قوم کی محفل مین تشریف لاتا ہے اور گوٹ باندھکر اپنی تلوار آگے رکھ لیتا ہے (اور اسطرح کی نشست بوقت عقد صلح یا عزم جنگ ہوتی ہے) تو متکبر اور سرکش لوگ اُسکے ایسے مطیع ہو جاتے ہین جیسے خارشتی مشرر دھن قارملنے والے کا مطیع ہو جاتا ہے بسبب پہونچنے تکلیف راحت کے۔

کانما الطیر منهم فوق هامتهم	لاخوف ظلم ولکن خوف اجلال

كون الطير فوق الراس كناية عن السكون والسكوت تاما كاملا ترجمہ لوگ اُسکے سامنے ایسے جمکر خاموش بیٹھتے ہین کہ گویا اُنکے سر پر پرندے ہین کہ سر ہلے اور اُڑ گئے اور یہ سکوت اُسکے ظلم کے خوف سے نہین مگر خوف اُسکی ہیبت اور جلال کے۔

وقال ليلى الأخيلية

فاني لمما اكد أتيك تهدي	برحلي زادة الاصلاب ناب

ترجمہ اور اگر میں پورا بہادر نہیں ہوں تو خیر ہے کیونکہ میں دشمن کے نیزہ کی بھال کو توڑ کر توڑتا ہوں یعنی اسکو اکھوا دے کاٹ دیتا ہوں یا میرا جسم ایسا سخت ہے کہ بھال اسپر لگ کر ٹوٹ جاتی ہے خلاصہ یہ ہے کہ میں یہ اوصاف رکھتا ہوں اور سخاوت اور شجاعت کا جامع ہوں یہ دونوں شعر کسی قدر تغیر کیساتھ باب حماسہ میں گزر چکے ہیں۔

	وقال آخر		
	وَسَعْ بِمَدِّكَ مَاءَ اللَّحْمِ تَقْسِمُهُ		وَأَكْثِرِ الشَّوْبَ لِلْمِكْثَارِ اللَّبَنُ

المدکثار مرق اللحم۔ وتقسمہ حال والشوب مزج المار باللبن ترجمہ بہت سا پانی ڈالکر گوشت کا شوربا بڑھا دے جبکہ تو اُس کو مساکین پر تقسیم کرے تاکہ سب کو پہونچے اور اگر دودھ زیادہ نہ ہو تو اسمیں پانی زیادہ ملا دے تاکہ کوئی محروم نہ رہے۔ یہاں سے شیخوں کی پتلی دال کا پتہ لگتا ہے۔

	وَسَعْ بِهِ وَتَلَفَّتْ حَوْلَ حَاضِرَةٍ		إِنَّ الْكَرِيمَ لَهُ لَمْ يُخْلِهِ الْفِطَنُ

تلفت بمعنی التفت والضمیر المجرور لما ر اللحم۔ واخلاہ ترکہ خالیا۔ والفطن جمع فطنۃ وہو الحذق والبصیرۃ ترجمہ گوشت کے شوربے کو خوب زیادہ کردے اور جو اُسکے گرد موجود ہیں اُن کو گردن موڑ کر خوب دیکھ لے کہ کوئی حاجتمند محروم نہ رہجاوے بیشک سخی وہ شخص ہے جسکو ہوشیاریاں نہ چھوڑیں اور ہر دم ہوشیار رہے۔

	وقال آخر		
	اذا لم تمنع برسل لحومها		من السيف لاقت حدّه وهو قاطع

الضمیر المرفوع للابل۔ والرسل بالکسر اللبن ترجمہ جبکہ شتر اپنے دودھ کے ذریعہ سے اپنے گوشت کو تلوار سے نہ بچاویں یعنی مہمانوں کے لئے دودھ نہ دیویں تو وہ تلوار کی براں دھار سے ملیں گے یعنے اگر وہ دودھ نہ دینگے تو مہمانوں کے لئے ذبح کئے جاوینگے۔

	نُدَافِعُ عَنْ أَحْسَابِنَا بِلُحُومِهَا		وَإِنَّا لَنَاهُ الْكَرِيمُ يُدَافِعُ

ترجمہ ہم اپنی صفات حسنہ بذریعہ شتروں کے گوشت اور انکی دودھ کے عار و ننگ بخل کو دور کرتے ہیں یعنی اس خوف سے کہ کوئی ہم کو بخیل کہے شتروں کے گوشت اور دودھ مہمانوں کو کھلاتے پلاتے ہیں بیشک سخی آدمی اپنے نفس سے عار کو دور کیا کرتا ہے۔

	وَمَنْ يَقْتَرِفْ خُلُقًا سِوَى خُلُقِ نَفْسِهِ		يَدَعْهُ وَتَرْجِعْ لِلسَّجِيَّةِ الرَّوَاجِعُ

الاقتراف الاکتساب ترجمہ اور جو شخص سوائے اپنی اصلی عادت کے کوئی اور عادت پیدا کریگا اور سیکھے گا تو وہ اسکو آخر چھوڑ دیگا اور اُسکو اسکی اصلی عادت کیطرف لوٹانے والے سبب لوٹا لاوینگے۔

	وقال مضرس بن ربعی		

وانی لادعوالضیف بالضوء بعدما	اکسا الارض نضاح الجلید وجامدہ

النضح الرش وفضاح الجلید ما ینضح منہ علی وجہ الارض۔ والجلید ہی الرطوبۃ التی تسقط علی الارض لیلاً وتجمد وتبیض ترجمہ اور میں بیشک مہمان کو بذریعہ آگ کی روشنی کے بلاتا ہوں جبکہ شبنم ریزاں اور جمنے والی زمین کو بالکل ڈھانپ لے یعنی ایام شدت سرما و زمانہ قحط میں بوقت شب آگ جلاکر مہمان کو بلاتا ہوں۔

لاکرمہ ان الکرامۃ حقہ	ومثلان عندی قربۃ وتباعدہ

ترجمہ بلاتا ہوں تاکہ اسکی آؤبھگت کروں بیشک تعظیم مہمان کا حق ہے اور میرے نزدیک اُس کا نسب اور وطن میں قریب ہونا اور دور ہونا دونوں برابر ہے۔ یعنے مہمان کا مجھ سے نسب وطن میں قرب اور بُعد برابر ہے ہر دو صورت میں مہمان داری کرتا ہوں۔

ابیت اعشیہ السدیف واتنی	بما قال حتی یترک الحی حامدہ

السدیف شحم السنام۔ وحامدہ خبران ترجمہ میں ایسے حال میں رات گزارتا ہوں کہ اُس کو کوہان شتر کی چربی جو عمدہ شمار ہوتی ہے کھلاتا رہتا ہوں اور میں بیشک بعوض اس چیز کے جو وہ مجھ سے لیوے یا مجھکو نقصان پہونچاوے اُس کا ثنا خوان رہتا ہوں جب تلک وہ ہماری قوم میں مقیم رہے خلاصہ یہ ہے کہ میں اُس کی فرمایش کو غنمت سمجھتا ہوں۔

وقال حماس بن ثامل

حماس بن ثامل

ومستنبحٍ فی لج لیل دعوتہ	بمشبوبۃ فی راس صعل مقابل

المشبوبۃ النار۔ ولج اللیل معظم ظلمتہ۔ والصعل الجبل او الارض المرتفعۃ ترجمہ بہت سے مہمان شب آیندہ شدت تاریکی شب میں کتے بھونکانے والے ہیں کہ میں نے انکو اپنی طرف بذریعہ اُس آتش روشن کے جو مہمان کے مقابل پہاڑ کی چوٹی میں جلائی گئی تھی بلایا ہے۔

وقلت لہ اقبل فانک راشدٌ	وان علی النار للندی وابن ثامل

ترجمہ اور میں نے اسکو پکارا اور کہا کہ آگے بڑھ کیونکہ تو ٹھیک راہ پر ہے جس میں تو کامیاب ہوگا اور بیشک اُس آگ پر خود سخاوت موجود ہے اور ابن ثامل جیسا سخی پس تجکو کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔

وقال النمری ویقال انہا لرجل من باہلۃ

النمری

وداع دعا بعد الہدوء کانما	یقاتل ہوالا سری وتقاتلہ

ترجمہ اور بہت سے پکارنے والے ہیں کہ اُسنے بعد ٹھیر جانے رات کے پکارا کہ کیا کوئی مرد سخی میری خبر گیری

کے لئے ہے اور اُس کا حال ایسا تھا کہ گویا وہ شب روی کی ہولوں سے لڑتا ہے اور وہ ہولیں اُس سے لڑتی ہیں یعنے سخت مصیبت میں تھا۔

دعا بائسا شبہ الجنون ومابہ	جُنونٌ ولکن کیدُہا مُتعمِّدُ

البائس ذو البوس والشدۃ حال من المتکن فی دعا۔ والشبہ المثل ونصبہ علی انہ علۃ للدعا۔ والکید الحیلۃ و المتعمد ترجمہ اسنے بحال شدت وسختی مجنون کیطرح پکارا اور اُسکو کسی قسم کا جنون نہ تھا مگر وہ حیلہ اور تدبیر اُس امر کی کرتا تھا جو اُسکے قتل کا قصد رکھتا تھا یعنی بھوک کے دفع کی۔

فلمّا سمعتُ الصوتَ نادیتُ نحوَہٗ	بصوتٍ کریمِ الجدِّ حُلوٍ شمائلُہٗ

الجواب الاب والمراد بہ النسب او البخت والخط ترجمہ سو جب میں نے اسکی آواز سنی تو میں نے اُسکی طرف متوجہ کرکے ایسی آواز نرمے پکارا جیسا شریف النسب یا صاحب نصیب شیریں اخلاق آدمی پکارتا ہے۔

فأبرزتُ نارِیْ ثمّ أثقبتُ ضوءَہا	وأخرجتُ کلبِیْ وھو فی البیتِ داخلُہٗ

اثقبہ اوجدہ ترجمہ سو میں نے اسکے لئے اپنی آگ نکالی پھر اسکے شعلہ کو بھڑکایا اور اپنے کتے کو گھر سے باہر نکالا تاکہ وہ بھونکے اور مہمان اسکی آواز سن کر آجاوے اور وہ بسبب شدت سرما کے گھر میں گھسا ہوا تھا۔

فلمّا رأنی کبّرَ اللہَ وحدَہٗ	ونبّرَ قلبانِ جمًّا بلابلُہٗ

الجم الکثیر۔ والبلابل جمع بلبال وھو الھم والحزن ترجمہ سو جب اُسنے مجکو دیکھا تو اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک لہٗ کی تکبیر کہی اس غرض سے کہ اسکو عمدہ جگہ پہونچا دیا اور اسنے اپنے دل کو جس کے غم کثرت سے تھے خوشخبری دی۔

فقلتُ لہ اھلاً وسھلاً ومرحبًا	لرشدتَ لو اقتدتَ الیہ أسائلُہٗ

ترجمہ سو میں نے اُس سے کہا کہ تو اپنے لوگوں میں آیا اور راہی راہ چلا اور فراخ جگہ میں پہنچا تو مطلب کو پہونچا اور میں اُس سے یہ کہکر اسکے پاس اس کا وطن وقوم پوچھنے نہ بیٹھا تاکہ طیاری طعام میں دیر نہو اور شبہ بخل نہ پایا جاوے۔

وقمتُ الی برکٍ ھجانٍ اعدَّہٗ	لوجبۃِ حقٍّ نازلٍ انا فاعلُہٗ

البرک اسم جمع للابل المبارکۃ ای الجاثمۃ علی الارض۔ والھجان الابل البیض۔ والوجبۃ مرۃ من وجب اذا نزل وسقط ترجمہ اور میں اُن بیٹھی ہوئی سفید عمدہ اونٹنیوں کی طرف متوجہ ہوا جنکو میں طیار رکھتا ہوں واسطے وقوع اترنے والے حق یعنی واجب کے جس حق کو میں برابر ادا کیا کرتا ہوں۔

بأبیضَ خطّتْ نعلُہٗ حیثُ ادّرکتْ	من الارضِ لم تحطُلْ علی حمائلُہٗ

الجار والمجرور متعلق بقمت۔ ونعل السیف ہی الحدیدۃ التی تکون فی اسفل جفن السیف۔ والحطل الاضطراب الاطمانۃ ترجمہ میں متوجہ ہوا ایسی صیقلدار تلوار سیکہ کہ اسکی کونچی یا پیلا بسبب رازی شمشیر کے جسجگہ زمین پر لگتی تھی

خط کھینچتی جاتی تھی اور بسبب طول سیر و قد کے اسکا پرتلہ میرے بدن پر دراز نہیں معلوم ہوتا تھا۔

فجال قلیلا واتقانی بخیرہ	سناما وملاء من الثنی کاملہ

المتکن للبرک فانہ اسم جمع والآلی تفصیل الملو۔ والثنی الخ والشم ترجمہ پس وہ شتر کچھ زمانہ تلک جولانی کرتے رہے اور آخر کو وہ مجھے بچے بندریعہ ایک شتر کے جس کا کوہان اُن سب سے اچھا تھا اور اُس کا کندھا ان سبکی نسبت چربی اور مغز سے پُر تھا یعنی جب ایسا شتر میرے سامنے آگیا تو مین نے اُن کا پیچھا چھوڑ دیا۔

بقرم هجان مضعب کان محلها	طویل القرا لم یعد ان شق بارکہ

بدل من بخیرہ باعادۃ الجار۔ والقرم الجمل الشاب القوی۔ والہجان الابیض الکریم۔ والمضعب الفحل الذی ترک رکوبہ وخبرکان بقرم۔ وضمیر محلہا للبرک وطویل بالجر صفۃ لقرم۔ والقری الظہر۔ والمتکن فی لم یعد لہ من عدا اذا تجاوز۔ وان شق مفعولہ۔ والشق طلوع الناب۔ واراد بالبازل کمال الشباب فان البازل السن التی تطلع وقت البزول ای حین طلوع الناب ترجمہ وہ شتر جیسے بچے بسبب آگے آجانے ایک شتر نر قوی عمدہ سفید کے جسپر بسبب خوبی اور افزایش نسل کے سواری نہیں کیجاتی تھی اور وہ ان مادہ ہائے شتر کا جنپر سواری ہوتی تھین نر تھا اور وہ دراز پشت تھا اور اُس کا نیش نکلے ہوئے کچھ عرصہ نہیں ہوا تھا یعنی نوجوان تھا۔

فخر وظیف القرم فی نصف ساقہ	وذاک عقال لا ینشط عاقلہ

الخرور السقوط۔ والوظیف مستدق الزراع والساق فی الدواب وننشط بالتشدید حلہ وضمیر المفعول محذوف والعقال شد العقال ترجمہ مین نے اُسکی ساق مین تلوار لگائی سو اُس عمدہ شتر نر کا ہاتھ نصف ساق سے کٹ کر گر پڑا اور یہ ایسے اکیل ہے کہ جس کو اُس کا باندھنے والا کھول نہیں سکتا۔

بذلک اوصانی ابی وبمثلہ	کذلک اوصاہ قدیما اوائلہ

ترجمہ ایسے ہی مہمان دار کے لئے میرے باپنے مجکو وصیت کی تھی اور اسی طرح جیسے اُسنے مجکو وصیت کی اُسکے بڑون نے ہمیشہ اُس کو وصیت کی تھی۔

وقال النابغۃ الذبیانی

ہو منسوب الی سعد بن ذبیان جدہ الاعلی جاہلی معروف یمدح نعمان بن داءل بن الجلاح بالجیم والمہملۃ کغراب الکلبی ومن خبرہ الابیات ان النعمان ہذا کان قد اغار علی بنی ذبیان فسبی منہم واخذ عقرب بنت النابغۃ فسال عنہا فقال انا بنت النابغۃ فقال والله ما احد اکرم علینا من ابیک ثم خیرہا وخلی سبیلہا ثم قال والله ما اوری النابغۃ برضی بہذا فاطلق کلہم فقال النابغۃ یمدحہ۔

لہ بفناء البیت سوداء فخمۃ	تلفعہا وصال الجزور العراعر

الفناء ما اتسع امام الدار والفخمۃ العظیمۃ۔ وتلفعہا یجول من لفعہ شیئا۔ والاوصال المفاصل۔ والجزور والناقۃ والعراعر

النابغۃ الذبیانی

بالضم السمین ترجمہ نعمان کے صحن خانہ میں دیگ سیاہ کلان ہے جس میں پارچہائے گوشت ناقہ فربہ کے ڈالے جاتے ہیں۔ یعنے وہ سخی مہمان نواز ہے۔

بقیۃ قدر من قدور ثوت	لآل الجلاح کابرا بعد کابر

قال ابو علی کابر لیس باسم الفاعل کالقاعد والقائم وانما ہو اسم للجمع کالباقر والجامل والمراد کبراء بعد کبراء او کابر بمعنی کبیر کذا فی السیرزی ونصبہ علی انہ مفعول فعل محذوف ای بلغت ترجمہ وہ دیگ بقیہ ان دیگوں کا ہے جو آل جلاح کی موروثی ہیں جو ایک بڑائی کے چاہنے والے کو بعد دوسری بڑائی کے چاہنے والے کے پہونچی ہیں

تظل الاماء یبتدرن قینہا	کما ابتدرت سعد میاہ قراقر

القدح المرق وما بقی منہ فی اسفل القدر فیغترف بالقدح۔ واراد بسعد بنی سعد بن عوف من تمیم۔ وقراقر واد بالدہناء وہو فی بلاد تمیم ترجمہ جب کہ بیبیاں اس دیگ کی گوشت و شوربہ سے سیر ہوجاتی ہیں تو چھوکریاں اسکی تہ میں سے پیالے بھر بھر شوربہ نکالنے لگتی ہیں۔ یا جب وہ دیگ چولھے سے اتاری جاتی ہے تو چھوکریاں بیبیوں کے لیئے پیالوں سے شوربہ ایسی جلد جلد نکالنے لگتی ہیں جیسے بنی سعد نالہ قراقر کے پانی کو جلد جلد نکالتی ہیں

وقال الفرزدق

وداع یلحن الکلب بین عوودونہ	من اللیل بسحا ظلمہ وغیومہا

السجف بالکسر والفتح الستر واراد بالسجف التکرار کما فی قولہ تعالی فارجع البصر کرتین والغیم السحاب ترجمہ اور بہت سے پکارنے والے بآواز سگ ہیں جو کسی سخی کو واسطے کھانا کھلانے کے پکارتے ہیں اور حال یہ ہے کہ اُنسے ورے بہت پردے تاریکی شب کے ہیں اور اُسکے ابر عرب کے مسافروں کا دستور ہے کہ جب اُن کو رات کو راہ نہیں ملتی تو کتے کی طرح بھونکنے لگتے ہیں تاکہ کتے اُس کی آواز سُن کر بھونکنے لگیں اور مسافر اسکی آواز سُن کر وہاں آجاویں

دعا وہو یرجو ان یبینہ اذ دعا	فتی کابن لیلی حین غارت نجومہا

فتی ابن لیلی نعم فان لیلی بنت حابس ابن عقال اخت اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ کانت جدتہ ام ابی غالب والضمیر للظلمۃ ترجمہ اُسنے پکارا کسی سخی کو اور اُس نے جب پکارا تھا تو وہ اس بات کا آرزومند تھا کہ اپنی آواز سنے ابن لیلی جیسے سخی یعنے فرزدق کو اُس وقت جگادے جب کہ اُس تاریکی کے ستارے غائب ہوگئے تھے یعنے آخر شب میں۔

تعث لہ دہماء لیست بلقحۃ	تدر اذا ماہبت نحا عقیمہا

تعث الریح وبحلہ جواب رب۔ والدہماء الناقۃ السوداء واراد بہا القدر۔ والعقیم الریح البارۃ والعقیم من الریح

مالا تلقح ولا تنفع والنصیر المجرور للریاح ترجمہ کہ مین نے اُسکے لیے سیاہ رنگ دیگ دان پر چڑھائی کہ وہ درحقیقت ناقہ شیر دار نہ تھی مگر وہ اُس وقت دودہ دیتی تھی جب کہ سرد و بانجھ ہوا چلی۔ شیر دیگ سے مراد اُس کا شور بہ ہے اور بانجھ ہوا وہ ہے جس سے کچھ فائدہ اور نباتات کو نشو و نما حاصل نہو یعنے سرما اور قحط کی ہوا۔

کان المحال الکر فی حجراتها	عذاره ولید تلا اصیب حمیمها

المحال خفار الظہر والکر جمع اغرای الابیض المکان الشم۔ فالحجرات النواحی والضمیر للدہما بالمعنی المذکور۔ والحمیم القریب ترجمہ گویا پہرے پشت کے جو بسبب چربی کے سفید تھے اُس دیگ کے اطراف مین باگرد تین تھین جو سیاہ لباس پہنے ظاہر ہوئین جب اُن کا قریب رشتہ دار مقتول ہوا۔

غضوب بالخیزوم النعامة اُحمشت	باجوازه خشب ذال عنها هشیمها

الغضوب شدید الغضب یعنی بعن شدید الغلیان نعت دیگ والخیزوم الصدر والتشبیہ فی الارتفاع والاحمشت مجہول من احمش القدر اذا الفی بالوقود الکثیر تجہا۔ والاجواز الاوساط۔ والخشب بالضم جمع خشب۔ والہشیم الیابس المنکسر ترجمہ وہ دیگ بسبب شدت جوش کے غضبناک معلوم ہوتی تھی اور کلانی مین مثل سینہ شتر مرغ کے تھی کہ بذریعہ لکڑیون کے گدون کی جنسے اُنکی سوکھی ٹہنیان جدا ہو گئی تھین خوب جوش مین لائی گئی تھی۔

محضرة لا یحمل السوء منها	اذا المرضع العوجاء حال بریمها

اسم مفعول من حضرہ اذا حضرہ کثیر من الناس والعوجاء من النساء التی عوجت ہزال الاولاد اضطرب والبریم الخیط الذی یلف بالوان مختلفة تتوضح بہا النساء لدفع العین وکنی باضطرابہ عن الہزال فان الہزیل من الاولاد یضطرب من الاضطراب ترجمہ اُس دیگ کے پاس کھانا کھانے کے لیے بہت سے مہمان اور مساکین لائے جاتے ہین اور جبکہ بچے کو دودہ پلانے والی دُبلی پن سے کچھ عضو عورت کا بچہ نگاہ گنڈہ اُسکی نہایت لاغری کے سبب اضطراب مین آجاوے اور بچہ نہیں کرنے لگے یعنی شدت قحط کے زمانہ مین اُس دیگ کو پردہ ڈالکر مساکین سے چھپایا نہین جاتا بلکہ اُس وقت بھی اُس کے برابر لنگر جاری رہتا ہے۔ بچے کے اضطراب سے مراد لاغری ہے کیونکہ فربہی مانع اضطراب ہوتی ہے اور دودہ پلانے والی کی تخصیص باسوجہ ہے کہ اُسکے کھانے کا اہتمام بخیال فرزند زیادہ کیا جاتا ہے۔

شنفری بن الاوس

وقال شریح بن الاحوص جعفر بن کلاب

ومستنبح یغشی المبیت ردوته	من اللیل منحاظلمه وسنونها

ترجمہ اور بہت سے کتے بھونکنے والے ہین جو شب باشی کے لیے جگہہ تلاش کرتے ہین اور اُن سے درے

بہت سے پردے تاریکی شب کے ہین اور اسکے پردے یعنی ابر کے۔

رفعت لہ نارہی فلما اقتدی بہا	زجرت کلابی ان یہرّ عقورہا

الجملۃ جواب رب۔ وہر الکلب الیہ اذا نبح علیہ قلیلا۔ والعقور الکلب المعضوض ترجمہ مین نے اُسکے لیے شعلہ آتش بلند کیا سو جب وہ بذریعہ اسکی روشنی کے محبۃ تلک پہونچا تو مین نے اپنے کتون کو ڈپٹا اس خوف سے کہ کہین اُسکو کاٹکھنے کتے نہ بھونکنے لگین۔

فبات وان امسی من اللیل عقبۃ	بلیلۃ صدق غاب عنہا شروہا

العقبۃ النوبۃ وہوان یتعاقب اثنان علی بعیر واحد والمراد بالمسافۃ القلیلۃ والصدق الکرم والحسن ترجمہ سو وہ میرے پاس ایسی عمدہ رات مین رہا جس سے اُسکی بدیان غائب تھین اگرچہ وہ رات کو کسیقدر چلا۔

وقال مسکین الدارمی

کان قدور قومی کل یوم	قباب الترک ملبسۃ الجلال

القباب جمع قبۃ والقبۃ الترکیۃ نوع من القبات یجعل من اللبد وتکون عظیمۃ والملبسۃ من الالبسہ والجلال جمع جل وہو ما یلقی علی الدابۃ لدفع البرد ترجمہ میری قوم کی دیگین ہر روز ایسی ہین کہ گویا وہ ترکی خیمے ہین کالی مین کہ اُنپر سیاہ جھولین ڈالی گئی ہین یعنی وہ بسبب کثرت طبخ نہایت سیاہ رہتی ہین

کان الموقدین بہا جمال	طلاہا الزفت والقطران طال

وقد بہ بالفارا اذا اشرف علیہ ترجمہ گویا وہ لوگ جو دیگون کو دیگ دان پر رکھتے اور اُتارتے اور اُنکے کھانیکی خبر گیری کرتے ہین یعنی باورچی غلام ایسے مشرہین جنپر ملنے والے نے روغن زفت اور قطران ملدیا ہے بسبب اُنکی سیاہی رنگ ولباس کے۔

یایدیہم مغارف من حدید	اشبہہا مقبرۃ الدوالی

المغرفۃ مایغرف بہ المرق من القدر وشبہہ ایاہ وبہ کلاہما مستعمل والمغیر المطلی بالقار والدوالی جمع دالیۃ وہی الدلو ترجمہ اُنکے ہاتھون مین لوہے کے چمچے ہین جن سے وہ دیگون کا کھانا نکالتے ہین مین اُن چمچون کو بسبب سیاہی کے اُن ڈولون سے تشبیہہ دیتا ہون جنپر روغن قار جو سیاہ ہوتا ہے ملا گیا ہو۔

وقال العکلی

ہو النمر بن تولب بالفوقانیۃ شاعر مخضرم صحب النبی صلے اللہ علیہ وسلم وروی عنہ وکان جوادا کریما۔

اعاذل یکفینی لاضیاف لیلۃ	نزول القری امست بلیلا نزالہا

الہمزۃ للنداء۔ وعاذل ترخیم عاذلۃ۔ والنزول القلیل۔ والبلیل الریح الباردۃ ذو نداوۃ قلیلۃ ترجمہ اے

زن ملامتگر جب میں مرجاؤں تو تو مجکو بسبب خرابی و تباہی مہمانان شب کے جنکی مہمانی تھوڑی رہجاویگی یا بالکل نہ رہے گی اور جن کی شمالی ہوا کسیقدر باران سے تر ہوگی خوب رونا کیونکہ میں ایسے اڑے وقت میں اُنکے ہمیشہ کام آتا تھا اور مشکل کشائی کرتا تھا۔

اعامرُ مهلا لا تلمنی ولا تکن	خفیا اذا الخیراتُ عُدّت لحالها

ترجمہ اے عامر دم لے اور میری مخالفت پر مجکو ملامت مت کر اور تو ایسے وقت میں کہ جب نیکیوں والے شمار کیے جاویں پوشیدہ اور گمنام یعنی بخیل ہو بلکہ ایسا رہ کہ انجانا میں تیرا نام بھی شمار کیا جائے۔

اراهُ ابلی جزری مجانای جمّةٍ	کثیرٌ وان کانت قلیلا افالها

یقال فلان اجزی مجزی فلان اذا کفی کفایته وسدّ مسدّه۔ والجمّة الاربعون من الابل الی مائتا وما بین السبعین الی المائة اراد بها الجماعة والافضال جمع افیل وهو الفصیل ابن خاض ترجمہ میں اپنے شتروں کو قائم مقام شتران کثیر کے دیکھتا ہوں اگرچہ اُنکے بچے تھوڑے ہیں کیونکہ مہمانوں کے لیئے ذبح ہوتے رہتے ہیں۔

مشاکیلُ ما تنفکُّ ارحلُ جمّةٍ	تُرَدّ علیهم نوقها وجمالها

الشاکیل جمع مشکال وہ ہے اسے تفقد اولاد یا بالموت اولاد ہو۔ والارحل جمع رحل وہو المنزل۔ والجمة الجماعة وترد مجہول۔ وضمیر الجمع للجمة ترجمہ میرے شتر مفقود الاولاد ہیں کہ وہ ہمیشہ فرودگاہ اُس جماعت کے رہتے ہیں جن کو اُنکے نر و مادہ بے تامل دیئے جاتے ہیں جیسے پرائی چیز لوٹائی جاتی ہے یعنی سائل اُنکے لینے کو برابر آتے رہتے ہیں

وقال جابر بن حیان

فان یقتسموا مالی بنیّ واخوتی	فلن یقسموا خُلقی الکریم ولا بُخلی

ترجمہ سو اگر میرا مال میرے بیٹے اور میرے بھائی آپس میں بانٹ لیں گے تو میری عمدہ عادت اور کام ہرگز تقسیم نہ کرسکینگے۔

اُهینُ لهم مالی واعلمُ انّنی	سأورثه الاحیاءَ سیدةً من قبلی

اراد بالاهانة الذل والخبر وضمیر الجمع للاضیاف والمساکین بدلالة المقام ترجمہ میں اُنکے لیے یعنی مہمانوں کے لیئے اپنے شتر ذلیل و ذبح کرتا ہوں اور بیشک یہ جانتا ہوں کہ عنقریب میں اُن کا وارث زندہ رشتہ داروں کو کر دونگا جیسا کہ مجھسے پہلے لوگوں نے قرابتیان قریب کو اپنا وارث کر دیا۔ خلاصہ یہ کہ جب یہ سب اور روپیہ پیسہ چھوڑ جانا ہی تو بخل سخت نازیبا ہے

وما وجدا الاضیافُ فیما یریبهم	لهم عند علّات الزمان اُباهلی

العلات العوائق ترجمہ اور مہمان لوگ اُن معاملوں میں جنکو پیش آوینگے مجھ جیسا عمدہ باپ بوقت عوائق موانع یعنے مصائب زمانہ کے زیادہ پاوینگے۔

وقال حاتم

وعاذلۃ قالت علی تلومنی	کانی اذا اعطیت مالی اضیعہا

ترجمہ اور بہت سی زن ملامتگر ہیں کہ ملامت کرتی ہوئی مجھ پر ایسی چڑھ آئیں کہ گویا جب میں اپنا مال کسی کو بخشتا ہوں تو اسپر ظلم کرتا ہوں۔

اعاذل ان الجود لیس بمھلکی	ولا مخلد النفس الشحیحۃ لوکھا

ترجمہ اے زن ملامت گر بیشک میری بخشش مجھکو ہلاک نہیں کردیگی اور نہ بخیل طبیعت کو اُن کا بخل مدام رکھے گا۔ یعنے بخشش کچھ مہنہ نہیں ہے اور نہ بخل کچھ مفید۔

وتذکر اخلاق الفتی وعظامہ	مغیبۃ فی اللحد بالی رمیمہا

ترجمہ اور مرد سخی کی عمدہ عادتوں کا برابر مذکور رہتا ہے حالانکہ اُسکی استخوان قبر میں بوسیدہ اور اُسکی پرانی ہڈیاں ریزہ ریزہ ہوجاتی ہیں۔

ومن یبتدع مالیس من خیم نفسہ	یدعہ ویغلبہ علی النفس خیمہا

الخیم بالکسر الاخلاق والعادات۔ والابتداع الاحداث ترجمہ اور جو شخص ایسی نئی بات پیدا کرتا ہے جو اُسکی عادات اصلی نہیں ہے تو آخر کار اُسے چھوڑ دیتا ہے اور اُسکی اصلی عادت اُس شخص پر غالب آجاتی ہے۔

وقال آخر

الفت یدای عن ان ینالا التماسہا	الفت صحابی حین حاجاتنا معا

الالتماس اللمس۔ ونصب الالف علی انہ مفعول لاجلہ ترجمہ جب کہ میں اور میرے دوست دونوں بھوکے اور کھانے کے حاجتمند ہوں تو میں اپنے ہاتھ کو اس امر سے روکتا ہوں کہ وہ میرے یاروں کے ہاتھ کو چھوئے یعنی بوقت کھانے کے میں ایسے وقت خود نہیں کھاتا اور دوستوں کے لیے چھوڑ دیتا ہوں۔

ابیت مغیض الکشح مضطم الحشا	من الجوع اخشی الذام ان اتضلعا

الکشح الخصر والمضطم المھزول والذام بتقدیر اللام۔ وتضلع الرجل اذا امتلی امتلاء من الطعام ترجمہ میں بھوک سے ٹوٹی ہوئی پسلیاں اور خالی شکم رات بسر کرتا ہوں کیونکہ میں شکم سیری کی بدنامی سے ڈرتا ہوں۔

وانی لامضی رفقتی ان یرینی	مکان یدی من جانب الزاد اقرعا

الاقرع الخالی یقال قرع القناۃ اذا خلاہ من ذہب شعر اسہ ترجمہ اور میں بیشک اپنے رفیق سے اس لیے شرم کرتا ہوں کہ دسترخوان کی جانب خالی دیکھے پس اپنے ہاتھ کو روکتا ہوں اور اُسکے لئے لگائے رکھتا ہوں۔

وانک مھما تعط بطنک سؤلہ	وفرجک نالا منتھی الذم اجمعا

السؤل المطلوب ترجمہ اور بیشک جبکہ تو اپنی نفس پروری میں مصروف رہے اور اپنے شکم اور شرمگاہ کو اُنکی خواہشیں عطا کرے تو وہ دونوں نہایت درجہ کی بُرائی کو پہونچیں گے خلاصہ یہ ہے کہ نفس پرور اور دوست نوازی

نہین ہوسکتی۔

وقال حاتم ایضاً

اما والذی لا یعلم الدہر غیرہ	ویحیی العظام البیض وھی رمیم

ترجمہ سُن اے مخاطب قسم ہے اُس ذات پاک کی کہ بھید سماجس کے کوئی نہین جانتا اور وہ استخوانہاے سفید یعنی بے گوشت و پوست کو جبکہ وہ بوسیدہ ہین زندہ کرتا ہے۔ یہان سے معلوم ہوتا ہے کہ حاتم حشر کا قائل تھا۔

لقد کنت اختار للقری طارق الشتا	مخافۃ من ان یقال لئیم

الطارق الجائع ترجمہ بخدا مین مہمانداری کو اپنے کھانے کی نسبت پسند کرتا ہون حالانکہ مین بھوکا ہوتا ہون بسبب بچنے اس خوف کے کہ مجکو بخیل کنجوس کہا جاوے یعنے یہ برا خطاب مجکو نہایت ناپسند ہے۔

واغفر عورۃ الکریم نعیشہا	وابین عنہ فی الظلام بہیم

التصیر المجرور للیمین فانہ مونث سماعی۔ والبہیم الاسود ترجمہ اور مین بیشک اپنے دہنے ہاتھ سے اس امر کی شرم کرتا ہون کہ وہ کھانے پر پڑے ایسے وقت مین کہ میرے ہاتھ اور مونہہ مین سخت شب تاریک ہو یعنی مجکو شرم آتی ہے کہ مساکین سے چھپکر شب تاریک مین کھانا کھاؤن۔

وقال رجل من آل حرب

ای من آل حرب بن امیۃ بن عبد الشمس بن عبد مناف ومن غیرہ ان السفاح العباسی امر بقتل رجل من بنی امیۃ فتبعتہ امرأتہ مع ابنہ الصغیر فکان الرجل یفرق مالہ وتقول امرتہ ولدک ولدک فانشد

باتت تلومہ ولحانی علی خُلُقٍ	عُوِّدتُہ عادۃ والجود تعویدُ

لحاہ شتمہ ولامہ ترجمہ میری زوجہ نے ایسے حال مین رات گزاری کہ وہ مجکو ملامت کرتی تھی اور برا کہتی تھی ایک نیک عادت پر جسکی مجکو عادت ڈالی گئی ہے اور حال یہ ہے کہ بخشش بھی ایک عادت ڈالتی ہے۔

قالت اراک بما انفقت فانکفت	فیما فعلت فہلا فیک تصریدُ

التصرید التقلیل ترجمہ اُسنے کہا کہ مین تجکو تیرے خرچ کرنے مین مسرف اور فضول خرچ دیکھتی ہون سو تجھ مین کم خرچ کرنے کی عادت کیون نہوئی۔

قلت اترکینی ابیع مالی بکرمۃ	یبقی ثنائی بہا ما اورق العودُ

ترجمہ مین نے اُس سے کہا کہ تو مجکو چھوڑ دے تاکہ مین اپنا مال ایسے عمدہ کام کے عوض بیچ ڈالون جس سے میری تعریف اور ذکر خیر جب تلک باقی رہے تب تلک کہ شاخ پر پتے لگین یعنے ہمیشہ کو۔

انا اذا ما اتینا امرا مکرمۃ	قالت لنا انفس حربیۃ عودوا

حاتم

رجل من آل حرب

ترجمہ ہم بیشک ایسی قوم ہین کہ جب ہم عمدہ کام کرتے ہین تو ہم سے ہماری طبیعتین جو حرب بن امیہ کیطرف منسوب ہین اور اس جیسی سخی ہین یہ کہتی ہین کہ ایسا عمدہ کام دوبارہ اور بار بار کرو۔

وقال ابو کدراء العجلی

ابو کدراء عجلی

یا امّ کدراءَ مهلاً لا تلومینی	اِنّی کریمٌ وَاَنّ اللّوم یؤذینی

اللوم بالضم البخل و بالفتح مصدر لامہ و کلاہما متحمل ترجمہ اے میری بی بی ام کدراء تھیر مجکو کثرت سخاوت پر ملامت مکر کیونکہ مین بیشک سخی ہون اور بیشک بخل یا تیری ملامت مجکو ستاتی ہے۔

فان بخلتُ فانّ البخل مشترکٌ	وانْ اَجُدْ اُعْطِ عفواً غیر ممنونِ

العفو الزائد عن الحاجۃ۔ والممنون المقطوع و مابین بہ ترجمہ سو اگر مین نے بخیلی اختیار کی تو اسمین کیا خوبی ہے کیونکہ بخل کا مرض عام ہے اور اگر مین نے فقرا کو دو تین سو مقدر دونگا جو میری حاجت سے زیادہ ہو اور جس کا دینا بند نہین کیا جاتا یا ایسا احسان نہین رکھا جاتا الحاصل میری سخاوت متوسط درجہ کی ہے قابل ملامت نہین ہے۔

لیستْ بباکیۃ ابلی اذا فقدتْ	صوتی ولا دامعی فی الحیّ یبکینی

ترجمہ جب کہ میرا بولتا جاتا رہے گا یا جب میرے شتر میری آواز گم کرینگے یعنی مین مرجاؤن گا تو میرے شتر مجھپر نہ روئینگے اور نہ قوم مین میرا وارث مجکو روئیگا پس کیون سخاوت نہ کرون۔

بَنَی البُناۃُ لنا مجداً و مکرمۃً	لا کالبِنا من الآجرّ والطینِ

ترجمہ بنانے والون یعنی ہمارے بزرگون نے جو بانیان عزو شرف ہین ہمارے واسطے عزت و شرف کی بنا کردی ہے نہ ایسی بنا جو خشت و گل سے بنائی جاتی ہے کہ یہ ناپائدار قابل قدر نہین ہے۔

وقال عتبۃ بن بجیر و قیل انہ لمسکین الدارمی

عتبۃ بن بجیر

لحافی لحافُ الضیفِ والبیتُ بیتہٗ	ولم یُلهِنی عنہ غزالٌ مقنّعُ

المقنع اسم مفعول من قنع المرأۃ اذا لبسہا القناع ترجمہ میرا لحاف میرے مہمان کا لحاف ہے اور میرا گھر اس کا گھر ہے اسمین جو چاہے تصرف کرے اور مجکو آہوئے برقع پوش یعنی خوبصورت معشوقہ مہمان کی طرف سے غافل نہین کرتی

اُحدّثہ انّ الحدیث من القِرَی	وتعلم نفسی انہ سوف یہجعُ

ترجمہ مین اپنے مہمان سے باتین کرتا ہون کیونکہ مہمان سے بات کرنی بھی منجملہ ضیافت ہے اور مین جانتا ہون کہ وہ ایک عرصہ کے بعد سو جاویگا۔

وقال عمرو بن احمر الباہلی

عمرو بن احمر باہلی

وَدهمٍ تصادیها الولائد جلّة	اذا جهلت اجوافها لم خلّم

الدہم جمع دہماء وارادبہا القدور السود من کثرۃ الطبخ۔ وتصاداہ واراہ۔ والولائد جمع ولیدۃ وہی الامۃ۔ والجلۃ العظام نعت لدہم ترجمہ اور بہت سی سیاہ کلان دیگیں ہمارے گھر میں ہیں کہ ہماری باندیاں اُن کا استعمال کرتی ہیں یعنے اُن کو پکانے کے کام میں لاتی ہیں جب کہ اُنکے شکم جاہلوں کی مانند بشدت جوش میں آتے ہیں تو حلیم آدمیوں کی طرح اُن کا جوش بیٹھتا نہیں ہے اور سیاہ بسبب کثرت پخت کے کہا۔

تری کلّ هرجابٍ تجوّج لهمّةٍ	زفوفٍ یتلوالناب هوجاءعیلم

الہرجاب بالمہملۃ فالجیم کقرطعب الطویل من الناس وغیرہم وارادبہا القدر العظیمۃ الطویلۃ۔ والتجوج شدید الصوت من اللجۃ وہی الاصوات وہا الہرّۃ تانیث الہرّم کجذب کثیر اللحم والاکل۔ والزفوف بالمعجمۃ فالفائین الخفیف السریع یستوی فیہ المذکر والمؤنث۔ والتالو العضو والجسد من کل شئ۔ والناب للمتعدیۃ والناب الناقۃ المسنۃ۔ والہوجاء الناقۃ السریعۃ والریح الشدیدۃ۔ والعیلم بالمہملۃ البعیر الکثیر الماء ترجمہ تو اُن دیگوں میں دیکھے گا ہر ایک لمبی چوڑی بوقت جوش سخت آواز کرنے والی بہت جبس کھانے والی اونٹنی کلان سال کے گوشت کے پارچوں کو جلد گلانے والی جوش کے وقت آدمی کی مانند غل مچانے والی دسیع البطن مثل چاہ کثیر الماء کے۔

لها لغطٌ جنح انقلام کانّه	عجارف غیثٍ رائحٍ متهزّم

اللغط محرکۃ اختلاط الاصوات۔ والجنح بالکسر طائفۃ من اللیل منصوب علی الظرفیۃ۔ والعجرفۃ شدۃ المطر تجمع علی عجارف والرائح من اتاک رواحا او ذہب کذلک والتہزم الغیث بالزاء المعجمۃ اذا کان معہ صوت الرعد ترجمہ اُس دیگ کی پارہ شب میں باہم ملی ہوئیں ایسی مختلف آوازیں ہیں گویا وہ سخت آوازیں باران آخر روز میں آنیوالی شدید الرعد کڑک دار کی ہیں۔

اذا رکدت حول البیوت کانّما	تری الآل یجری عن قنابل صیّم

الرکود الثبات والقیام والآل السراب۔ وجری عنہ مرّ علیہ والقنابل جمع قنبل وہو جماعۃ الخیل والصیم جمع صائم بمعنے ثابت قائم ترجمہ جب کہ وہ دیگ چولھے پر قائم ہوتی ہیں اور ہمارے گھروں کے گرد و پیش اُنمیں پکایا جاتا ہے اور دھواں بلند ہو کر اُس پر گزرتا ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا سراب یعنی دھوکہ جو چمکتے بالو سے پیدا ہوتا ہے گھوڑوں کی کھڑی ہوئی جماعت سے گزرتا ہے۔

وقال المرار الفقعسی

الیت لا اُغنی اذا اللیل جنّنی	سنا النار عن نارٍ وردًا ومُتنَدّی

الایلام الاقسام۔ وجنہ ستره۔ والسنا الضوء مفعول الاخفاء والساری من یسیر باللیل والمتنور من تنور الرجل

اذا رای النار من مکان بعید ترجمہ یعنی قسم اس بات کی کھائی ہو کہ جب شب مجکو ڈھانپے تو اپنی آگ کی روشنی کو مسافر شب رو اور آگ کو دور سے دیکھنے والے سے پوشیدہ نہ رکھوں۔

لیبک موقدی نار ی ارفعا لعلما	تضیئ سناہ لاخر اللیل مقبس

ترجمہ سوائے میرے دونوں آگ کے جلانے والا آگ کو خوب بھڑکا دیکھ آخر شب کے چلنے والے محتاج کو روشنی پہونچا دے اور وہ میرے پاس آجاوے۔

وما ذا علینا ان بولجۃ نارنا	کریم المحیا شاحب المتحسر

المواجہۃ المقابلۃ وکنی بہ عن الاتیان۔ والمحیا الوجہ۔ والشاحب المتغیر المہزل۔ والمتحسر مایبدو من الجسد کالوجہ والید ویراد بالجسد ترجمہ اور ہم کو کیا نقصان پہونچاتا ہو یہ امر کہ ایک شخص عمدہ چہرہ والا غرجسم ہماری آگ کے مقابل ہو جاوے یعنے ہمارے پاس آوے۔

اذا قال من انتم لیعرف اہلہا	رفعت لہ باسمی ولما تنکر

الضمیر المجرور فی اہلہا للنار۔ انکر الرجل اذا تغیر واخفی ترجمہ وہ آدمی لاجب کہ ہم سے پوچھے کہ تم کون ہو اس غرض سے کہ آگ روشن کرنے والوں کو جان لیوے تو میں اپنا نام بآواز بلند کہتا ہوں اور چھپاتا نہیں ہوں کیونکہ بخیل کی بات ہے

فبتنا بخیر من کرامۃ ضیفنا	وبتنا بہیتہ طعمہ غیر میسر

الیسر القمار ترجمہ سو ہم نے اپنی رات اپنے مہمان کی تعظیم اور آؤ بھگت میں خیر و عافیت سے گزاری یعنی انکے لیئے شتر ذبح کیئے اور اس سے باتیں کرتے رہے اور تمام رات انکے لئے کھانا طیار کرتے رہے اور جوا نہ کھیلا انکی عادت تھی کہ جب انکے کوئی مہمان ایام قحط میں آجاتا تو باہم جوا کھیلتے اور جو شخص جیت جاتا وہ اپنی جیت کی آمدنی ضیافت مہمان میں خرچ کر ڈالتا تھا۔

وقال عروۃ بن الورد العبسی

عروۃ بن الورد

ومن خبرہا ان انا سا من بنی عبس رہطہ ہلکت اموالہم فاتوا عروۃ وقالوا اغثنا یا عروۃ فخرج بہم علی عزم الغزو فنہضت امرانہ لما خافت علیہا الہلاک فلم یاتہا فاغار علی قوم واصاب ابلا وانشد

الا ہل ام حسان الغداۃ تلومنی	تخوف فی الاعداء والنفس اخوف

ترجمہ میں اپنی بی بی حسان کو دیکھتا ہوں کہ وہ مجکو غارتگری کے معاملہ میں مجکو ملامت کرتی ہو یعنے مجکو میرے دشمنوں سے ڈراتی ہے اور انسان کی طبیعت تو ڈرپوک ہوتی ہے۔

لعل الذی خوفتنا من املنا	یصادفہ فی اہلہ المتخلف

المتخلف من تخلف عن القوم والضمیر فی اہلہ راجع مقدم رتبۃ ترجمہ میں نے اسکو جو ابدیا کہ شاید وہ موت جس سے ہم کو اسکے آگے آپ ڈراتی ہو اس سے اپنے اہل و عیال میں قوم سے پیچھے رہنے والا پاوے اور وہ شخص جو

غارت کے لئے گیا ہے سلامت رہے پس لڑائی سے رُکنا بیوجہ ہے۔

اذا قلتُ قد جاء الغنی حال دونہ	ابو صبیۃ یشکو المفاقر اَعجفُ

اراد بالغنی المال۔ والمفاقر جمع مفتقر کعائب جمع عائب والاعجف الہزول ترجمہ جب کہ مین اپنی قوم مین کسی روز کہتا ہون کہ میرے پاس مال آیا ہی تو قبل قسمت مجھ مین اور مال مین ایک شخص چھوٹی لڑکیون ضعیف اور لاغر کا باپ جو اپنے فقر سے بجان اور اُسکلشا کی ہے آڑ ہو جاتا ہے یعنی وہ سب مال لیجاتا ہے۔

لہ خلۃ لا یدخل الحق دونہا	کریم اصابتہ حوادث تجرف

الخلۃ الحاجۃ۔ دارد باحق ما یجب ان یقضی وجرفہ بالجیم فالمہملۃ اہلکہ والبیت نعت ثان لابی صبیۃ ترجمہ اُس لڑکیون کے باپ کو ایسی حاجت شدید لاحق ہی کہ اور حقوق واجب الادا اُس سے پہلے داخل نہین ہو سکتے یعنی سب حقوق سے اُس کو دینا مقدم ہی۔ وہ طبیعت کا سخی ہے کہ اُسکو ایسے حوادث نے دبالیا ہی جس نے اُسکے تمام مال کو ہلاک وفنا کر دیا ہے۔

رأیت بنی لبنی لعیلہ غضاضۃ	حلولہم وسط البیوت التکفف

اراد ببنی لبنی بنی عبس۔ والغضاضۃ الذلۃ والہوان۔ والحلول جمع حال من حل فی الدار وہو تقدیر المضاف ای شان من حل منہم والتکفف مد الکف سائلا ترجمہ مین نے اپنی قوم بنی عبس کو ایسے حال مین دیکھا کہ اُنپر ذلت وخواری برس رہی ہے اور لوگون کا کام جو اپنے گھرونمین خستہ پاہو بیٹھے ہین سائلانہ ہاتھ پھیلانا ہے

تقول سُلیمٰی لو اقمت بارضنا	ولم تدر انی للمقام اطوف

لو بمعنے لیت والمقام بالضم الاقامۃ ترجمہ سلیمی مجھسے کہتی ہی کہ کاش تو ہماری سرزمین مین قیام اختیار کرے اور لڑائیون مین نہ جاوے اور وہ نہین جانتی کہ مین ٹھیرنے ہی کے لیئے شہرون مین پھرتا ہون کہ کچھ کماؤن اور بیٹھکر کھاؤن۔

وقال یزید بن الطثریۃ

اذا ارسلونی عند تقدیر حاجۃ	امارس فیہا کنت نعم الممارس

الممارسۃ المزاولۃ والاستعمال والجملۃ نعت حاجۃ وکنت نعم الممارس جواب الشرط ترجمہ جب مجکو میری قوم بوقت اندازہ کرنے اور جانچنے کسی حاجت ضروری کے جس مین مشاق ہون بھیجے تو مین عمدہ مشاق نکلون گا۔

ولنعم نفع الموسرین وانہما	سوامی سوام المقترین المفالس

الموسر الغنی۔ والسوام الابل الراعیۃ کالسائمۃ والمقتر الفقیر الضیق الرزق۔ والمفالس جمع مفلس والاصل فیہ الکسر علی اذنعت المقترین ولکن ضم للضرورۃ وہو اقوا ترجمہ مین تونگرون کا سا نفع ہو سکتا ہون مگر میرے شتر محتاج مفلسون کی مانند قلیل التعداد اور لاغر ہین بسبب کثرت ذبح کے اور دودھ پلانے مساکین کے۔

نسبۃ بن الطثریۃ

وقال سالم بن قحفان وعاتبته امرأته وقد مر مثل هذه الأبيات في هذا الباب

لقد مكرت امّ الوليد تلومني ولما اجترمت فقلت لها مهلا

الاجترام الکسب ترجمہ میری زوجہ ام الولید بیشک میرے پاس مجھکو مجکو اس امر پر ملامت کرتی ہوئی آئی کہ مین نے بہت سے شتر نجشد یے حالانکہ مین نے کوئی جرم نہین کیا تھا سو مین نے اُس سے کہا کہ ذرا دم لے۔

فلا تحرقيني بالملامة واجعلي لكل بعير جاء سائله حبلا

ترجمہ سو تو بسبب ملامت کے مجکو مت جلا اور ہر شتر کے لیے جسکا سائل آوے ایک رسی طیار کر۔

فلم ار مثل الابل مالا لمقتر ولا مثل ايام العطاء لها سبلا

ترجمہ سو مین نے مثل شتر کے کوئی مال حاجتمند کیلئے نہین دیکھا اور نہ مانند ایام بخشش کے اُن شتروں کی کوئی اچھی راہ

فاجابته امرأته وقد مر مثلها ايضا

حلفت يمينا يا ابن محفان بالذي تكفل بالارزاق في السهل والجبل

ترجمہ اے ابن قحفان مین نے اُس ذات پاک کی قسم کھائی ہو جو بندونکی روزیونکا میدان اور پہاڑ مین ضامن ہے۔

تزال حبال مبرمات اعدّها لها ما مشى يوما على خفه جمل

تزال بحذف لا النافیہ ترجمہ مین ہمیشہ مضبوط رسیان اُن شترونکی طیار کرونگی جب تلک اُن مین کا کوئی بھی شتر اپنے موزہ پر چلیگا یعنے ہمیشہ۔

فاعط ولا تبخل اذا جاء سائل فعندي لها عقل وقد احسن العلل

العقل جمع عقال ترجمہ سو جو شخص تیری پاس سوال کرتا آوے اُس کو شتر بخشدے کیونکہ میرے پاس اُن شترونکی بیشمار رسیان موجود ہین اور اب بخشش کی منع کرنے والی چیزین جسمین سے میرا ایک بخل تھا دور ہو گئین

وقال الاقرع بن معاذ

إن لنا صرمة تلفا مخيسة فيها معاذ وفي آبائها كرم

الصرمة بالکسر نحو الاربعین من الابل۔ وتلفی مجہول من الفاہ اذا ادرکہ ووجدہ۔ والمخیسة الذلیلة المقیدة والعاد النفع ترجمہ البتہ ہمارے پاس تخمیناً چالیس شتر ہین جو مطیع بندھے ہوئے دیکھے جاتے ہین اُن مین مہمانون اور مسکینون کا کامل فائدہ ہے اور اُن شترون کے مالکون کے مزاجون مین کرم وخیر ہے۔

تسلف الجار شيزانا وهي حافلة ولا يبيت على اعنافها قسم

التسليف التسمين والمستكن للصرمة۔ والشرب بالكسر الماء الكائن للشرب وحظ من الماء والحائمة من حام اذا عطش

وارادبالاعناق الانفس ترجمہ وہ ہمارے شتر باوجود اپنی تشنگی کے اپنے پانی پینے کے بارہ میں ہماری مسایکو اپنے اوپر مقدم کرتے ہیں یعنی ایثار کرتے ہیں اور آپس اس امر کی کہ وہ مہمان اور مساکین کے لیے ذبح کیے جاویں اور نہ کسی کو دیے جاویں قسم کھائی نہیں جاتی بلکہ ہمیشہ مصارف خیر میں خرچ ہوتے ہیں۔

ولا تسقیہ عند الحوض عشارھا	احلامنا وشریب القوم یحتدم

سقیہ نسبۃ الی السقاھۃ او وجدہ سقیھا۔ والعشارۃ مرۃ من عطش فاعل تسقیہ ومفعول احلامنا والشریب من یشارک فی الشرب اضیف الی الوصف۔ واحتدم علیہ غیظا اذا احرق علیہ انبا بہ ترجمہ اور اُن شتروں کی تشنگی ہماری عقلوں کو منسوب کیجانگی حوض کے پاس نہیں کراتی یعنے ہم اُنکے اول پانی پلانے پر لوگوں سے نہیں لڑتے اور حال یہ ہے کہ جو کمینے لوگ پانی میں شریک ہوتے ہیں ایک دوسرے پر غصہ میں دانت پیستے ہیں۔

یزینھا اللہ من حسب وعصمھا	فلا تقوم لما تاتی بہ الصرم

الصرم جمع صرمۃ مرفوع علے انہ فاعل یقوم۔ والمستکن فی تاتی للصرمۃ الموصوفۃ۔ واستعیر الزرع ہہنا للاعطاء او الخلق ترجمہ خداوند تعالی وہ گلہ شتران کسی طرف سے ہم کو بذریعہ ہماری جنگ و غارتگری کے ہم کو عنایت کرتا ہے یا اُس گلہ کو ہمارے علاقہ میں کسی طرف بوتا یعنی پیدا کرتا ہے اور ہم اُس زراعت کو کاٹتے ہیں اور اُس سے نفع اٹھاتے ہیں یعنی اُن کو مہمانوں کے لیے ذبح کرتے ہیں اور اُن کا دودھ اُن کو پلاتے ہیں اور جو فائدہ گوشت و دودھ وغیرہ کا اُس گلہ سے حاصل ہوتا ہے اُس کا مقابلہ بہت سے شتروں کے گلے نہیں کر سکتے یہاں گلہ کو کھیتی سے تشبیہ دی ہے اور پھر اُسکے لیے کاشت اور درو کو ثابت کیا ہے۔

ان اخلف الضیف رسل منکحۃ	لم یخلف الضیف من اصلابھا ادم

اخلف من اخلف النجوم اذا لم یمطر او من اخلف وعدہ۔ والاکرسل بالکسر اللبن۔ والاصلاب جمع صلب وہو عظم الظہر ای ابجب والاورک وہ الانسب ترجمہ اگر ہماری ضرورت کے وقت مہمانوں کا دودھ شتروں سے یا اُنسے خلاف وعدگی کرے تو اُنکی پشت ہی جو اُنسے خلاف وعدگی نہ کرنیکی تعلا صدیہ ہے کہ اگر ہم مہمانوں کو شیر شتر نہ پلاویں تو اُنکا گوشت اُن کو ضرور کھلاویں گے۔

وقال یزید بن الھیم الھلالی ویروی الحمید بن ثور

لقد اکرمت بالنجل امۃ محمد	فقلت لھا خیر علے النجل احمد

محمد واحمد ابنا الشاعر۔ وحثہ حرضہ ترجمہ نجامیری زوجہ محمد نے مجکو نجل درخت کا حکم کیا سو میں نے اُس کو کہا کہ تو نجل پر اپنے بیٹے احمد کو اشتعانک دے کیونکہ وہ تجھسا نجیل ہے اور میں تو سخاوت پیشہ ہوں مجھ پر تو اکرام ہوگا

فانی امرؤ عودت نفسی عادۃ	وکل امرئ جار علے ما تعودا

ترجمہ کیونکہ میں ایک ایسا شخص ہوں کہ میں نے اپنی عادت سخاوت کر رکھی ہے اور ہر شخص اپنی عادت کا موافق چلتا ہے

احين بدا في الراس شيبٌ واقبلت	الى مَنْوَ عيلان مشيًا وموحدا
برجوتِ سقاطي واعتلالي وتثوِيَ	وهاءاكِ عني طالقا وادخلي غدا

الهمزة للانكار والفعل المنكر رجوت وارادبني عيلان بني قيس بن عيلان۔ والسقاط مصدر ساقط الرجل اذا لم يبال الخير ونبوتي من نبا السيف اذا كل وانخطأ ولم يقطع شيئاً ترجمہ کیا جب کہ آیا پیری یعنے موی سفید میرے سر پر ظاہر ہوگئے اور بنی قیس بن عیلان ایک ایک اور دو دو متواتر حاجتمندانہ میرے پاس آنے لگے ایسے وقت مین تو میرے امور خیر سے نے پروا ہوئے اور مہانون کے ٹالدینے اور میرے کند ہونے کی امید رکھتی ہو سو ایسا نہوگا اب مجھے تو اسی وقت دور ہوجا اور پیچھے کو ہٹ جا ایسے حال مین کہ تجھپر طلاق ہو اور کل کو اپنے باپ کے گھر جا

وقال آخر

انی وان لم ینل مالی مدای خُلُقی	فیاضُ ما ملکت کفای من مال

المدی النایۃ ترجمہ مین بیشک اُس مال کا بخشنے والا ہون جو میرے قبضہ مین ہو اگرچہ میرا مال میری سرشت فیاضانہ کی نہایت کو نہین پہونچتا ہے یعنی جسقدر سخاوت کو میرا دل چاہتا ہے اُتنا مال میرے پاس نہین ہے۔

لا احبسُ المالَ الا ریثَ اُتلفُه	ولا تغیّرنی حالٌ الی حال

الریث القدر القلیل من اللبث ترجمہ مین اپنے مال کو اپنے پاس صرف اسقدر روکتا ہون کہ اُس کو خرچ کرڈالون اور مجکو ایک حالت دوسری حالت کی طرف نہین پلٹتی یعنی افلاس میری سرشت سخاوت کو نہین بدلتا۔

وقال سوادۃ البربوعی

الا بکرت مني علی تلومنی	تقول الا اهلکت من انت عائلہ

ی ترخیم میتہ فی غیر موضع الندا ترجمہ سن ای مخاطب میری زوجہ میرے پاس صبحکو ملامت کرتی ہوئی آئی وہ یہ کہتی تھی کہ سن تو نے اپنی فضول خرچی سے اُس کو ہلاک کردیا جن کا تو عیالدار ہے مثل اولاد واہلخانہ کے۔

ذریني فانّ النخل لا یخلد الفتی	ولا یُهلك المعروفُ من هو فاعلہ

ترجمہ مین نے اُس کو جواب دیا کہ تو مجکو چھوڑ کہ خوب داد و دہش کرون کیونکہ بخیل مرد بخیل کو ہمیشہ زندہ نہین رکھتی اور جو دو سخا مرد سخی کو ہلاک نہین کرتی پس سخت و بخل کے اختیار کرنیسے سوائے بدنامی کے اور کیا فائدہ ہے۔

وقال حطائط بن یعفر اخو الاسود بن یعفر النهشلی

تقول ابنۃ العتّاب ربّهم حربتنا	حطائطُ لم تترك لنفسك مقعدا

حربہ سلبہ مالہ۔ وحطائط منادی۔ وربہ مالضم بنت العتاب ام الشاعر قیل زوجتہ ترجمہ مسماۃ ربہ عتاب کی بیٹی مجھے کہتی ہے کہ اے حطائط تو نے ہمارا مال چھین لیا تو نے اپنے لئے کوئی آرام پانیکی جگہ نہین چھوڑی یعنی تو نے سب کچھ

سوادۃ البربوعی

حطائط بن یعفر

اذا ما اقد ناصرمۃ بعد ھجمۃ	تکون علیھا کابن امک اسودا

الصرمۃ مازاد علی اربعین اباً والہجمۃ الی اربعین ومازادت وعلی للضرر۔ والافادۃ یعنی الاستفادۃ ترجمہ جب کہ ہر ایک گلہ شتران بعد دوسرے گلہ کے حاصل کریں تو تو اُنکے نقصان پہونچانے اور تلف کرنیکے لئے مثل اپنے بھائی اسود کے ہو جاتا ہے

فقلت ولم اعی الجواب تبینی	اکان الھزال احنف زید دارما

الجواب منصوب بنزع الخافض ای لم اعی بالجواب۔ وزید دارما کا نامسیدین کریمین فی بنی ہشل۔ والحنف الموت ترجمہ سومین نے اُس سے کہا اور اُسکے جواب سے عاجز نہوا کہ یہ امر خوب ظاہر ہو دیکھ لے کہ سبب موت مسمیان زید دارما کا جو اپنے مال کو ضیافت مہمانان مین خرچ کرتے تھے کیا گرسنگی اور لاغری تھی یعنی نتھی پس بخل محض فضول ہے

ابرنی جوادا مات ھزلا بعلتہ	اری ما ترین او بخیلا مخلدا

ترجمہ تو مجکو ایسا سخی دکھا کہ بھوک سے لاغر ہو کر مرگیا ہو یا بخیل ہمیشہ زندہ رہا ہو اُسکے بعد شاید میری رائے بھی درباب مذمت جود تیری سی ہو جاوے۔ مگر ایسا ہونا معلوم۔

وقال المقنع الکندی

نزل المشیب فاین تذھب بعدہ	وقد ارعویت وکان منک جھول

ترجمہ بڑھاپا اُتر آیا سو اب اُسکے بعد تو کہان جاتا ہے اور تو نے بیشک راہ حق سے روگردانی کی اور تیرے کوچ کا وقت قریب آگیا ہے

کان الشباب خفیفۃ ایامہ	والشیب محملہ علی ثقیل

ترجمہ جوانی کے دن ہلکے پھلکے تھے یعنی ایام نشاط تھے اور بڑھاپے کا بھاری بوجھ مجھپر سخت گران ہے کہ اُس مین کوئی بات خوشی کی نہین ہے۔

لیس العطاء من الفضول سماحۃ	حتی تجود ومالدیک قلیل

ترجمہ زائد از حاجت مین سے دینا کچھ سخاوت نہین ہے یہان تلک کہ تو ایسے حال مین بخشش کرے کہ جو تیرے پاس ہے وہ تھوڑا رہگیا ہو اور تیری حاجت روائی کو بھی کافی نہو۔

وقال جویبۃ بن النضر جویبۃ لیمیۃ جاہلی

قالت طریفۃ ما تبقی دراھمنا	وما بنا سرف فیھا ولا خرق

طریفۃ مصغر علم امرۃ۔ والسرف الاسراف۔ والفرق کمنع ان لاحسن التصرف فی الامور ترجمہ میری زوجہ طریفہ نے کہا کہ ہمارے درہم ہمارے پاس ٹھیرتے نہین ہین اور حال یہ ہے کہ ہم اُن دراہم مین نہ فضول خرچی کرتے ہین اور نہ واقعانہ کام۔

انا اذا اجتمعت یوما دراھمنا	ظلت الطرق المعروف تنتبق

ترجمہ ہم بیشک ایسی قوم ہین کہ جب کسی روز ہمارے درہم فراہم ہوجاتے ہین تو وہ احسان کی راہون کی طرف ایک دوسرے سے آگے جاتے ہین۔

ما یالف الدرھم الصیاح خربتنا	لکن یمر علیھا وھو منطلق

ترجمہ بڑی جھنکار والے درہم ہماری تھیلی سے الفت نہین کرتے اور اس مین دیر تلک نہین رہتے مگر اس تھیلی پر چلتے ہوئے گزر جاتے ہین۔

حتی یصیر الی الذلال یخلدہ	یکاد من صرہ ایاہ یتمزق

الذلل بالذال المعجمۃ الخسیس اللئیم۔ والانمزاق الانشقاق۔ وصرہ حبسہ فی الصرۃ۔ ترجمہ وہ درہم یہان تلک چلتے ہین کہ وہ ایسے بخیل کے پاس پہونچین جو اُن کو اپنی تھیلی مین ہمیشہ کے لیئے قید رکھے کہ اُسکی تھیلی مین دیر تلک رہنے سے وہ پھٹ جانے کے قریب ہوجاتی ہے۔

وقال زرعۃ بن عمرو

دار ملۃ تنوء علی یدیھا	من القراء عاد قصھر الھزال

الارملۃ تانیث الارمل وہو الذی نفد زادہ ای المحتاج۔ ونا ینہض۔ والقصص محرکۃ مصدر قصل الوت اذا قرب منہ وکلتہ او بمعنی الراد ترجمہ اور بہت سی محتاج عورتین ہین جو بسبب سختی اور فقر اور ناتوانی کے اور بباعث قرب موت کے لاغری سے اپنے دونون ہاتھون کو سہارا دیکر کھڑی ہوتی ہین۔

خلطت بعشھا سمنی فاحتحت	شریکۃ من لعاع من العیال

الفث الھزیل۔ والسمن نقیض الھزال وارادبہ مایورث السمن من الطعام ترجمہ کہ مین نے اُسکے دُبلے جسم مین اپنی غذا جو میرے فربہ ہونے کا سامان ہو ملادی یعنی اُس کو کھانا کھلادیا اور وہ اُن لوگون کی جو میری عیال مین شمار کیے جاتے ہین ساجھی ہوگئی۔

وافتنی اللیالی امد عمرو	وحلی فی التنائف وارتحال
وتربیتی الصغیر الی مداہ	وتامیلی ھلالا عن ھلال

ارادباللیالی الحوادث فان اکثرما یکون فیھا۔ والحل الحلول عطف علی اللیالی والتنائف جمع تنوفۃ وہی المفازۃ و مدی الشئ غایتہ۔ وعن بمعنی بعد ترجمہ ای میری زوجہ ام عمرو حوادث روزگار اور جنگلون مین میرے اُترنے اور وہان سے کوچ کرنے اور بچہ کو اُسکی حد تک پرورش کرنے اور ایک ہلال کے بعد دوسری ہلال کی امید کرنے نے نکو تحلیل کردیا۔

وقال عبداللہ بن الحشرج الجعدی

الا بکرت تلومات امۃ سلمہ	وغیا اللوم ادنی للسداد

ام سلم کنیۃ زوجتہ واسمہا ہیبتہ۔ والکساد والارشاد ترجمہ اپنے آپ کو خطاب کر کے کہتا ہو کہ تیری زوجہ ام سلم صبح کو تیرے پاس ملامت کرتی ہوئی آئی کہ استعد رصرف مت کر اور حال یہ ہے کہ ملامت کرنا رنہائی کے قریب بھی نہیں ہے اس سے تو اور فضول خرچی کی استقالک ہوتی ہے۔

	وما بذلی تلادی دون عرضی		باسراف امیم ولا فساد

ترجمہ اور میرا مال موروثی کو اپنی عزت کی حفاظت کے لیے خرچ کرنا اے امیمہ فضول خرچی اور فساد نہیں ہے

	فلا وابیک ما اعطی صدیقی		امکاشرتی وامنعہ تلادی

المکاشرۃ ابداء الانسان والتبسم ترجمہ سو میں بخل میں تیری بات نہ سنوں گا اور تیرے باپ کی قسم مجھے یہ نہیں ہو سکتا کہ میں اپنے دوست کے آگے بزرخوشی ظاہر کروں اور اپنا موروثی مال اس کو نہ دوں بلکہ خوش ہو کر مال دوں گا۔

	ولکنی امرء عودت نفسی		علی علاتہا جری الجواد

العلات الموانع والعوائق من الحاجات وخوف الفقر والجواد الفرس الکریم ترجمہ مگر میں ایسا مرد ہوں کہ میں نے اپنی طبیعت کی باوجود اسکے موانع بخشش اور حاجتمندی کے سخاوت کی راہ میں تیز روی کی ایسی عادت ڈالدی ہے جیسا عمدہ گھوڑا تیز جاتا ہے۔

	محافظۃ علی حسبی وارثی		مساعی آل درادٍ والوقاد

ترجمہ میں نے اپنی یہ عادت اپنی صفات محمودہ کے لیے ڈالی ہے اور میں ہمیشہ رعایت کرتا ہوں مدداد اور قواد کی کہ یہ کی کوششوں کی درید بن عمرو اور قواد بن عمرو دو سردار قوم جعد کے شاعر کے بزرگوں میں ہیں یعنی میں یہ چاہتا ہوں کہ جیسا ہمیشہ سے کنبہ ان دونوں بزرگواروں کا نیکنام رہا ہے ایسا ہی اب بھی بذریعہ میری کوشش کے نیکنام رہے

وقال رجل من بنی سعد

	الا بکرت ام الکلاب تلومنی		تقول الا قد ابکا الدہر حالبہ

تقول بدل من تلومنی۔ وبکرت الناقۃ بضم العین اذا قل لبنہا وابکارہا اذا وجدہا قلیلۃ اللبن وابکار اللبن اذا وجد قلیلا۔ والحالب من یحلب ترجمہ اے مخاطب کہ میری زوجہ ام الکلاب بوقت صبح میرے پاس آئی کہ مجکو میری سخاوت پر ملامت کرتی تھی اور کہتی تھی کہ دودھ کے دوہنے والے نے بہت تھوڑا دودھ پایا یعنی تو نے اپنے شتر گو سفند کو اتنا کر دیئے

	تقول الا اہلکت مالک ضلۃ		وہل ضلۃ ان ینفق المال کاسبہ

الضلۃ الضلال ترجمہ وہ کہتی تھی کہ کیا تو نے اپنے شتر گو سفند بے راہی میں تلف کر دیئے سو یہ اس کا اعتراض غلط ہے کیا یہ بیراہی کی بات ہے کہ مال کا پیدا کرنے والا اسکو امور خیر میں خرچ کر ڈالے یعنی نہیں ہے۔

وقال مزعفر

وانی لاسدی نعمتی ثم ابتغی	لها اخت ما حتی اعل واشفعا

اسدی الیہ اذا احسن الیہ۔ واسدیت الثوب مددتہ۔ واراد بالاخت المثل وعلہ ستاہ ثانیا واشفعہ جلبا شفعا ای زوجا۔

ترجمہ اور میں بیشک اپنی نعمت اپنے مہمانوں اور مساکین میں خوب پھیلاتا ہوں اور اُن کو دیتا ہوں پھر اُس نعمت کے لیئے اُسکا مثل تلاش کرتا ہوں تاکہ شربت نعمت اُنکو دوبارہ پلاؤں اور دوسری دفعہ دیکر اُس کا جوڑ پیدا کردوں۔

واجعل نعمی ما فعلت ذمامۃ	لدی واتی صاحبہ حیث ودّعا

النعمی السترۃ۔ والذمامۃ العہد۔ وکنی بہ عن الکرم۔ واراد بالتودیع المدت ترجمہ اور میں نے اُس احسان کی خوشی کا جو میں نے کسی پر کیا ہے اپنے اوپر عہد کر لیا ہے کیونکہ سخی احسان کر کے خوش ہوا کرتا ہے اور بخیل بخلاف میں اپنے دوست کے پاس جہاں اُسنے مجکو بسبب اپنی موت کے رخصت کیا ہے آتا رہتا ہوں یعنی اُسکو نہیں بھولتا اور اُسکی قبر پر جاتا رہتا ہوں۔

واتی بما یکفی من الزاد اهله	وان کان موفورا اجلبناه اجمعا

ترجمہ اور میں کافی توشہ اُسکے مستحقوں کو دیتا ہوں اور اگر میرے پاس توشہ بہت ہو تو مستحقوں کے روبرو سب کا موجود کرتا ہوں۔

وقال عارق الطائی

الا حی قبل البین من انت عاشقہ	ومن انت مشتاق الیہ وشائقہ

حی امر من التحیۃ۔ والشوق متعد بنفسہ ترجمہ آپ کو خطاب کر کے کہتا ہے کہ سن تو قبل جدائی کے اُس شخص کو سلام کر لے جس کا تو عاشق ہے اور اُس شخص کو جس کا تو مشتاق ہے اُسکو تو اپنی طرف شوق دلا کر مائل کرتا ہے۔

ومن لا توافی دارہ غیر فیئۃ	ومن انت منہ کل یوم تفارقہ

الموانات الموافقۃ۔ والفیئۃ الوقت ترجمہ اور اُس شخص کو سلام کر جس کا گھر بسبب کثرت قبیلوں کے سوائے ایک لمحہ و ساعت کے تجکو راس و موافق نہیں آتا اور اُس کو سلام کر جس کو تو ہر روز جس سے تو جدا ہوتا ہے برابر روتا ہے یعنے زندگی کے ہر روز میں جو گزرتا ہے اُسکے فراق میں روتا ہے اس صورت میں تفارقہ کے ضمیر یومہ کی طرف راجع ہے اور اگر لفظ من کی طرف راجع ہو تو یہ ترجمہ ہوگا کہ جس کو تو ہر روز میں کہ اُس سے جدا ہوتا ہے روتا رہتا ہے۔

تجوب بصحراء الثویۃ ناقتی	کعدو ربا باع قدا فخت نواهقہ

الجوب سرعۃ السیر۔ والثویۃ بالمثلثۃ فالواد موضع۔ والعدو السیر السریع۔ والرباعی کالثمانی مایکون علی البعیرین

الناب والمثنیۃ ای الاسنۃ والثنیۃ۔ والمخ العظم اذا صار ذا مخ۔ والنابعتان عظمان مرتفعان فی مجری الماء من کل فحی
ما فرخف والمخ بذان العظمان الا عند کمال الشباب ترجمہ میری اونٹنی موضع ثوبہ کے میدان میں ایسی دوڑتی ہے
جیسا جن شتر کہ اُسکے رخساروں کی جانب بالا کی دونوں اونچی ہڈیاں پُر مغز ہوں دوڑتا ہے اور سردو استخوان
مذکورہ میں مغز جبھی شباب میں پیدا ہوتا ہے۔

الی المنذر الخیرین ھند تزورہ	ولیس من الفوت الذی ھو سابقہ

الصواب الی الملک الخیرین ہند فان المنذرین ہند خو عمرو بن ہند۔ والقصت مع عمرو بن ہند کما مر فی باب الہجا۔ والمسکن
فی تزور للناقۃ۔ والمنصوب لعمرو بن ہند۔ والموصول بتقدیر المضاف ای حق الذی۔ والمجرور فی سابقہ لعمرو بن ہند
ترجمہ میری ناقہ دوڑتی ہے طرف نیک بادشاہ عمرو بن ہند کی جسکی ملاقات کو وہ جاتی ہے اور آگے بڑھ جاتا اُس
شخص کا جو عمرو مذکور سے آگے بڑھنے والا ہے وہ قابو سے جاتا رہنا نہیں ہے کیونکہ وہ آخر کو گرفتار ہو جاتا ہے

فان نسلہ غیر ما قال قائل	غنیمۃ سوء و مظھن مھارقہ

غیر ما قال نعت نسلہ غنیمۃ سوء خبران۔ والمھارق جمع مھرق معرب مہرہ وہو ما یصقل بالقرطاس ونحوہ من الثوب
واراد بقطعۃ ثوب مصقل بالمھرق فافہم کانوا یکتبون العہود والصکوک علیہ وکنی بہ عن العہود والضمیر المجرور لعمرو ترجمہ
اور یہ ہمارا اُسکے پاس جانا اس لیئے ہے کہ یہ ہماری قیدی عورتیں بخلاف بہکانے والے کے غنیمت بد و
نازیبا ہے کہ اُن کے بیچ میں عمرو بن ہند کے عہدنامے موجود ہیں کہ ہم اُن کو لوٹیں گے نہیں۔ مراد بہکانے والے
سے زرارۃ ابن عمس سے ہے جس نے خلاف عہد و پیمان عمرو کو بنی طی کے لوٹنے کو ترغیب دی تھی

ولو نبش فی عھد لنا لحم ارنب	وفینا وھذا العھد انت معالقہ

نالہ اصابہ والاستعمال المجہول منہ لانہ فی مقام الضرر والمعالق بالمیم من عالقہ اذا علقہ ترجمہ اگر ہمارے عہد و پیمان
میں خرگوش کے گوشت برابر ایسی ضعیف اور حقیر چیز مصیبت پہونچائی جاوے تو ہم اپنا عہد کریں اور اُس کا بدلہ
لیویں اور یہ عہد جو ہم میں اور تجھ میں تھا اُس کا تو خاص علاقہ رکھنے والا ہے یعنی خاص تو نے کیا ہے پھر تعجب ہے
کہ تو نے ہی اُسے توڑا اور ہم کو لوٹا۔

اکل شمیس خطۃ الغنم مرۃ	وصادف حیا دانا ھو سائقہ

الغنم الغنیمۃ۔ وصادف لقی۔ والحی القوم والمراد انی القریب۔ والضمیر المرفوع للشمیس والمجرور للحی ترجمہ کیا جس بڑی لشکر
نے ایک دفعہ مال غنیمت اور لوٹ کی چیز میں نہ پائیں اور ایک قوم اپنے قریب بستی ہوئی پائی وہ لشکر اُس قوم کو ہنکا
لیجاوے گا اور اُس کو بطور مال غنیمت اپنے قبضہ میں کرے گا یعنی یوں نہونا چاہیئے۔ یہ اشارہ ہے اس طرف کہ
جب عمرو نے کوئی مال غنیمت نہ پایا اور خالی پھرنے لگا تو اُس نے اپنے ہم عہد بنی طی کو لوٹ لیا۔

وکنا اناسا دآنین بغبطۃ		تسیل بنا تلع الملا وآبارقہ	

الدین الغلبۃ والتھر۔ والغبطۃ نوع من الحسد وھو ان تمنی نعمۃ علی ان لاتحول عن صاحبھا۔ وتلع جمع تلعۃ وھو سیل الماء والغلاء الصحراء۔ والآبارق جمع برق وھو الطین المخلوط بالرمل والبارق بنا للتعدیۃ او للمصاحبۃ وکنی عن الکثرۃ ترجمہ اور ہم زبردست لوگ ایسے حال مین تھے کہ اور قومین ہمپر غبطہ کرتی تھین اور ہماری سی حالت کی تمنا کرتی تھین اور ہمارا مجمع ایسا بڑا تھا کہ نبگل کے نالے اور اُسکے ریتلے کیچڑ ہم ہی کو بہاتے تھے یعنی ہمارے سوا کوئی اور نہ تھا جا پانی کی کمی ہم سے

فاقسمت لا احتل الا بصھوۃ		حرامٌ علیک ترہ لدو شقائقہ	

الاحتلال الحلول۔ والصھوۃ البرج فی اعلی الربوۃ والمکان المرتفع والشقائق جمع شقیقۃ وھی الرملۃ یکون بین الرملتین والارض یکون بین الجبلین ترجمہ سو مین نے اس امر کی قسم کھائی ہے کہ مین آیندہ فروکش نہون گا مگر ایسے مکان بلند مین کہ اے عمرو تجکو اُس ریتے کے ٹیلون پر جانا حرام ہوگا یعنے تو وہان پر نہیں پہنچ سکے گا کہ مجکو لوٹے۔

حلفت بھدی مشعرا بکراتہ		تخب بصحراء الغبیط حرادقہ	
لئن لم تغیر بعد ما قد صنعتم		لا تنحین للعظم ذوانا عارقہ	

الھدی مایھدی الی الکعبۃ الشریفۃ من الابل والمشعر اسم مفعول من اشعر الھدی اذا شق جلدہ او طعنہ حتی یظھر الدم والبکرات جمع بکرۃ وھی الناقۃ الشابۃ والغبیط ارض لبنی یربوع۔ والحرادق جمع حردق وھی صغار الابل۔ والانتحاء القصد وذو بمعنی الذی۔ وعرق العظم اذا اخذ منہ اللحم ترجمہ مین نے اُس قربانی کی جو بجانب مکہ روانہ کیجاتی ہے قسم کھائی ہے جسکے جوان مادہ ہائے شتر اشعار کیگئی ہین یعنے جن کے کوہانون پر زخم خفیف لگائے گئے ہین تاکہ اُن کو قربانی سمجھکر کوئی لوٹے نہین اور مقام محرار غبیط مین اُس قربانی کے چھوٹے چھوٹے شتر جلد جلد چلتے ہین کہ اگر عمرو تو نے اُن حرکات کو جو تو نے اور تیرے ہمراہیون نے کی ہین (مثل غارت گری اور قید کرنے عورتون کے) کسیقدر بدل نہ ڈالا تو مین اُس استخوان کے کاٹنے کا قصد کرون گا جیسا مین نے گوشت ہڈیون سے جدا کر لیا ہے یعنے اُس شخص کو جسکی شکایت مین علی الاعلان کرتا ہون مار ڈالونگا۔ اور کسیقدر بدل ڈالنے سے ظاہر ہے مراد عورتونکو واپس دینا ہے۔ اسی شعر کے سبب سے اس شاعر کا لقب حارق پڑگیا ہے ورنہ دراصل اُس کا نام قیس بن جروہ ہے۔

وقال برج بن مسہر الطائی

سریت من لوی المروت حتی تجاوزا		الیّ ودونی من قنانۃ شثنف	

اللوی بالکسر منقطع الرمل۔ والمروت بالتشدید اسم واد۔ وقنات بالقاف والنون مار۔ والشثنف جمع شثن وھو شبہ کل شیء ترجمہ قافلہ وادی مروت کے نکڑتے رات کو چلا یہان تلک کہ تمام مقامات سے گزر کر میرے پاس پہونچا

اور حال یہ تھا کہ آب قناۃ کی شافین مجھ تک پہونچنے سے پہلے اُن کو ملی تھین یعنی مجھ مین اور اُن مین حائل تھین اور باوجود میری شہرت سخاوت کے سبب میرے پاس پہونچا۔

لی رجل یزجی المطی علی الوجا		وفاقا ویشقی بالسنان سمینہا	

بدل من ضمیر المتکلم یا حاذۃ الجار واراد بہ نفسہ۔ والوجا رقۃ الخف والحافر والقدم لکثرۃ السیر والفاق جمع وقیقۃ اراد بہا الہزول حال ترجمہ وہ قافلہ ایسے مرد کے یعنی میرے پاس پہونچا جو اونٹنیون کو باوجود اُنکی سودہ پائی کے تیز ہنکاتا ہے ایسے حال مین کہ وہ بہت لاغر ہین یعنی وہ بڑا سفر پیشہ ہے جو عرب کے نزدیک پسندیدہ امر ہے اور ناقہائے فربہ سے کم بختی لگتی ہے کہ اُن کو مہمانون کے لیئے ذبح کرنا پڑتا ہے یعنی وہ نہایت سخی ہے۔

فللقوم منہا بالمراجل طبخۃ		وللطیر منہا قرقہا وجنیہا	

الفسیر لسین المطی علی اکتساب الثانیث من المضاف الیہا والمراجل قدر یستوی فیہ الجمع والمفرد۔ والمرجل القدر والقرقف السرقین فی الکرش۔ والجنین ما فی البطن من الولد ترجمہ جب کہ فربہ ناقہ کو ذبح کرتا ہے سو تمام قوم کو اُس مین سے بقدر ایک دفعہ کے پکانے کے گوشت ملتا ہے کیونکہ بسبب سفر دائمی کے بار بار نہین پکا سکتے یا یہ کہ بسبب کثرت قوم کے صرف اسیقدر ملتا ہے اور وہ ذخیرہ نہین کرتا ہے اور پرندہ کو اُس فربہ ناقہ کے شکنبہ یعنی پیٹی کا گوبر اور وہ بچہ جو اُسکے شکم سے نکلتا ہے ملتا ہے۔

وقال ملحۃ الجرمی			

بضم المیم شاعر جاہلی من بنی جرم بن عمرو بن الغوث بن طی

فتی عزلت عنہ الفواحش کلہا		فلم تختلط منہ بلحم ولا دم	

العزل الابعاد ترجمہ وہ یعنی وہ ایسا جوان کریم ہے کہ اُس سے تمام بُری باتین دور کی گئی ہین سو اُن بُرائیون مین سے کوئی بُرائی اُسکے گوشت اور خون مین نہین ہے۔

کان ثیابہ القبطریۃ علقت		علائقہا منہ بجذع مقوم	

